ایک جامع کتاب
سیرت کوثر
3000
سوال و جواب
مرتبہ: فاران سعید احمد
یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجہک المنیر لقد نور القمر
لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

مرتبہ: فاران سعید احمد

حسنِ ترتیب

حضورؐ کی آمد کے بارے میں پیش گوئیاں

س: حضورؐ کے آنے کی خوشخبری سب سے پہلے کس پیغمبرؑ نے دی تھی؟

ج: حضرت ابراہیمؑ۔

س: کتنے سال قبل مسیح حضرت ابراہیمؑ نے یہ پیش گوئی کی؟

ج: ۳ ہزار سال ق۔م۔

س: حضرت ابراہیمؑ نے کن الفاظ میں حضورؐ کی نبوت کی پیش گوئی کی تھی؟

ج: ''وہ عربی ہو گا۔ اس کا ہاتھ سب کے خلاف اور سب کا ہاتھ اس کے خلاف ہو گا وہ اپنے سب بہن بھائیوں کے درمیان بودوباش کرے گا۔''

س: حضرت ابراہیمؑ کے بعد کن جلیل القدر نبی نے حضورؐ کی بعثت کی خبر دی؟

ج: حضرت موسیٰؑ ۔

س: حضرت موسیٰؑ کے اس بارے میں الفاظ کیا تھے؟

ج: ''خدا سینا سے نکلا' سیر سے چمکا اور فاران ہی کے پہاڑ سے جلوہ گر ہوا' دس ہزار قدسیوں کے ساتھ۔''

س: یہاں دس ہزار قدسیوں سے کیا مراد ہے؟

ج: حضورؐ جب فاتح مکہ کے طور پر مکہ معظمہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کے ساتھ دس ہزار صحابہ کرامؓ تھے انہیں قدسی کہا گیا ہے۔

س: اس غیر الہامی مذہب کا نام بتایئے جس کے بانی نے حضورؐ کی نبوت کی پیش گوئی کی؟

ج: بدھ مت۔

س: بدھ مت کے بانی گوتم بدھ کے اس بارے میں الفاظ کیا ہیں؟

ج: ''میں پہلا بدھ نہیں ہوں جو زمین پر آیا اور نہ آخری بدھ ہوں۔ اپنے وقت پر ایک اور بدھ آئے گا اور وہ متیریا کے نام سے موسوم ہوگا۔''

س: متیریا کا ترجمہ ایک بدھ عالم نے کیا کیا ہے؟

ج: رحمت اور حضورؐ رحمتہ اللعالمین تھے۔

س: گوتم بدھ نے یہ پیش گوئی اپنے ایک شاگرد سے کی تھی اس کا نام بتا دیں؟

ج: نندا۔

س: حضرت عیسیٰؑ نے بھی حضورؐ کی نبوت کی بشارت دی تھی بتایئے کن الفاظ میں؟

ج: ''مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنی ہیں تم انہیں برداشت نہیں کر سکتے لیکن جب وہ سچائی کی روح بن کر آئے گا تو تمہیں سچائی کی عام راہ دکھائے گا۔''

س: موجودہ انجیلوں میں سے کس انجیل میں یہ الفاظ موجود ہیں؟

ج: یوحنا کی انجیل۔

س: ہندوؤں کی ایک قدیم کتاب میں بھی حضورؐ کی آمد کی خبر ملتی ہے کتاب کا نام بتا دیں؟

ج: پرتی سوگ۔

س: اس کتاب میں کن الفاظ میں حضورؐ کی آمد کی خبر دی گئی ہے؟

ج: ترجمہ ''ایک غیر ملک کا رہنے والا اور غیر ملکی زبان بولنے والا روحانی استاد اپنے دوستوں (صحابہؓ) کے ساتھ ظاہر ہوگا۔''

س: اس کتاب میں حضورؐ کا نام کیا بتایا گیا ہے؟

ج: مہامد (محمدؐ)۔

س: حضورؐ کس جلیل القدر نبی کی اولاد میں سے تھے؟

ج: حضرت ابراہیمؑ۔

س: حضرت ابراہیمؑ کے دو بیٹے تھے آپ کا تعلق کس بیٹے کی اولاد سے ہے؟

ج: حضرت اسماعیلؑ۔

س: حضورؐ کا شجرہ نسب کتنی پشتوں تک معلوم ہے؟

ج: ۱۲ پشتوں تک۔

س: حضورؐ کا شجرہ نسب کیا تھا؟

ج: محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصیٰ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خذیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

☆......☆......☆

حضورؐ کا خاندان

س: حضورؐ کے جدِ امجد کا نام کیا تھا؟

ج: قصیٰ بن کلاب۔

س: حضورؐ کے پردادا کا نام بتایئے؟

ج: ہاشم۔ (اصل نام عمرو تھا)

س: ان کا نام ہاشم کیوں پڑا تھا؟

ج: آپ پہلے شخص ہیں جنہوں نے حاجیوں کو شوربے میں روٹیاں توڑ کر کھلانے کا اہتمام کیا۔ عربی میں ہاشم کے معنی ہیں توڑنے والا۔ اس لئے آپ کو ہاشم کہا جانے لگا۔

س: حضورؐ کے دادا محترم کا نام بتا دیں؟

ج: جناب عبدالمطلب۔

س: ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: عامر اور لقب شیبہ۔

س: حضورؐ کے دادا کا لقب شیبہ تھا عربی زبان میں شیبہ کسے کہتے ہیں؟

ج: بوڑھے کو۔

س: کیا آپ ان کے اس لقب کی وجہ تسمیہ بتا سکتے ہیں؟

ج: کیونکہ پیدائشی طور پر آپ کے سر کے بالوں میں سفیدی تھی۔

س: آپ عبدالمطلب کے نام سے کیوں مشہور ہوئے؟

ج: حضوؐر کے پردادا ہاشم ملک شام کے سفر کے دوران فلسطین کے شہر غزہ میں انتقال کر گئے تو ان کی بیوی سلمیٰ اپنے میکے یثرب تشریف لے گئیں۔ جب عبدالمطلب دس بارہ برس کے ہو گئے تو ہاشم کے بھائی مطلب انہیں اپنے ساتھ مکے لائے جس وقت سواری مکے میں داخل ہوئی تو لوگ سمجھے کہ آپ مطلب کے غلام ہیں۔ کسی نے باآواز بلند کہہ بھی دیا کہ ''عبدالمطلب۔''

س: حضوؐر کی پردادی کا نام کیا تھا؟

ج: سلمیٰ بنت عمرو۔

س: ان کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: بنونجار سے۔

س: حضوؐر کی دادی محترمہ کا نام بتایئے؟

ج: فاطمہ بنت اسد۔

س: حضوؐر کے دادا عبدالمطلب کے کتنے بیٹے تھے؟

ج: دس۔ (اس میں اختلاف ہے بعض کتب میں ۱۱ بعض میں ۱۲ اور بعض میں تعداد ۱۳ ہے لیکن زیادہ تر دس پر متفق ہیں)

س: اس میں سب سے بڑے کون تھے؟

ج: حارث۔

س: حضوؐر کے نو چچا تھے ان کے نام بتا دیں؟

ج: ابوطالب' زبیر' عباسؓ، ضرار' غیداق' حمزہؓ، مغیرہ' حارث' ابولہب۔

س: حضوؐر کی کتنی پھوپھیاں تھیں؟

ج: چھ (۶)

س: ان کے نام کیا تھے۔

ج: حضرت صفیہؓ، عاتکہ، امیمہ، اروی، ام حکیم بیضا اور برہ۔

س: حضورؐ کے دادا محترم کے سب سے بڑے صاحبزادے تو حارث تھے سب سے چھوٹے کون تھے جو بھائیوں میں سب سے لاڈلے بھی تھے؟

ج: حضرت عبداللہ جو حضورؐ کے والد محترم ہیں۔

س: حضرت عبداللہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج: فاطمہ بنت عمرو۔

س: حضورؐ کے نو چچا تھے ان میں سے سگے چچا کتنے تھے؟

ج: دو۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: ابوطالب اور زبیر۔

س: حضورؐ کے والد حضرت عبداللہ کی سگی بہنیں کتنی تھیں؟

ج: پانچ۔

س: حضرت محمدؐ کی چھ پھوپھیاں تھیں ان میں سے کونسی پھوپھی آپؐ کی سگی پھوپھی نہیں ہیں؟

ج: حضرت صفیہؓ۔

س: حضورؐ کا تعلق قبیلہ قریش سے تھا لفظ قریش کے کیا معنی ہیں؟

ج: تجارت۔

س: حضورؐ کی والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت آمنہؓ۔

س: حضورؐ کے نانا محترم کا نام بتا دیں؟

ج: وہب بن عبد مناف۔

س: وہ اپنے قبیلے کے سردار تھے قبیلے کا نام بتا دیں؟

ج: بنو زہرہ۔

س: حضورؐ کی نانی محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: برہ بنت عبدالعزیٰ۔

س: حضورؐ کے والد ماجد جناب عبداللہ کا اصل یا پہلے نام کیا تھا؟

ج: عبدالدار۔

س: ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوقثم۔

س: حضورؐ کے والد ماجد عبداللہ کی شادی کس عمر میں ہوئی تھی؟

س: ۲۴ سال کی عمر میں۔

س: حضورؐ کے دادا عبدالمطلب قبیلہ قریش کے سردار تھے بتایئے یہ درست ہے یا غلط؟

ج: درست ہے۔

س: حضورؐ کی پیدائش سے تقریباً پچاس روز قبل کونسا اہم واقعہ پیش آیا تھا؟

ج: ابرہہ کا خانہ کعبہ پر حملہ۔

س: جناب عبدالمطلب نے اہل قریش کی فلاح کے لئے کونسا اہم کام کیا تھا؟

ج: انہوں نے زمزم کے چشمے کو جو عرصے سے بند تھا' دوبارہ جاری کیا تھا۔

س: اس وقت جناب عبدالمطلب کے ہاں کتنے بیٹے تھے؟

ج: صرف ایک بیٹے جناب حارث۔

س: اس موقع پر جناب عبدالمطلب نے کیا منت مانگی تھی؟

ج: انہوں نے کہا تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ مجھے دس بیٹے دے اور وہ سب بڑے ہو کر میرا ہاتھ بٹانے لگیں تو ان میں سے ایک کو اللہ کی راہ میں قربان کر دوں گا۔

س: کیا ان کی یہ دعا پوری ہوئی تھی؟

ج: جی ہاں۔

س: منت پوری کرنے کے لئے جب قرعہ فال نکالا گیا تھا تو کس کا نام نکلا تھا؟

ج: حضورؐ کے والد ماجد جناب عبداللہ کا۔

س: کیا یہ درست ہے کہ جناب عبداللہ اپنے والد محترم کے سب سے چھوٹے اور سب سے چہیتے بیٹے تھے؟

ج: جی ہاں بالکل درست ہے۔

س: یہ قرعہ فال خانہ کعبہ میں موجود سب سے بڑے بت کے سامنے نکالا گیا تھا اس کا نام بتا دیں؟

ج: ہبل۔

س: اس موقع پر جناب عبداللہ کی جان بچانے کے لئے کیا تدابیر اختیار کی گئی تھیں؟

ج: مدینہ منورہ کی ایک ساحرہ کے مشورے پر حضرت عبداللہ کی جگہ اونٹوں کی قربانی دی گئی۔ حضرت عبداللہ اور دس اونٹوں کے درمیان قرعہ اندازی ہوئی۔ قرعہ عبداللہ کے نام نکلا تو مزید دس بڑھا دیئے گئے اس طرح اونٹ بڑھاتے ہوئے جب ۱۰۰ پر پہنچے تو قرعہ اونٹوں کے نام نکلا اور ۱۰۰ اونٹ ذبح کیے گئے۔

س: حضورؐ کے والد ماجد نے شادی کے بعد تجارت کی غرض سے کہاں کا سفر کیا تھا؟

ج: ملک شام کا۔

س: شادی کے کتنے عرصے بعد وہ اس تجارتی سفر پر گئے تھے؟

ج: چھ ماہ بعد۔

س: واپس آتے ہوئے وہ کس جگہ بیمار ہوئے تھے؟

ج: مدینہ منورہ میں۔

س: جناب عبدالمطلب کو جب اپنے سب سے لاڈلے بیٹے کی بیماری کا پتہ چلا تھا تو انہوں نے کسے تیمارداری کی غرض سے بھیجا تھا؟

ج: سب سے بڑے بیٹے حارث کو۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حارث واپسی پر حضرت عبداللہ کی موت کی خبر لائے تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضوؐر کے والد ماجد کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۲۵ سال کی عمر میں۔ حضرت عبداللہ کا کل ترکہ یہ تھا ۵ اونٹ' بکریوں کا ایک ریوڑ' ایک لونڈی جن کی کنیت ام ایمن تھی انہوں نے ہی حضوؐر کو گود کھلایا تھا۔

س: حضوؐر کے کتنے چچا آپ کی بعثت سے قبل فوت ہو گئے تھے؟

ج: دو چچا' جناب حارث اور زبیر۔

س: حضوؐر کے کتنے چچاؤں نے اسلام قبول کیا تھا؟

ج: دو چچاؤں نے۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ۔

س: حضوؐر کے کس اسلام دشمن چچا کا تذکرہ اس کے نام کے ساتھ قرآن مجید میں آیا ہے؟

ج: ابولہب کا (سورہ لہب میں)۔

س: حضوؐر کے والد ماجد کا انتقال تو مدینہ منورہ میں ہوا تھا آپ کی والدہ ماجدہ کی وفات کہاں ہوئی تھی؟

ج: ابواء کے مقام پر۔

س: یہ مقام مدینہ منورہ سے کتنی دور ہے؟

ج: تقریباً ایک میل کے فاصلے پر۔

س: اس وقت آپ کی والدہ ماجدہ کی عمر کیا تھی؟

ج: تمیں برس۔

س: اپنی والدہ کی وفات کے وقت خود حضوؐر کی عمر کیا تھی؟

ج: چھ برس۔

س: والدہ کی وفات کے بعد آپ کو ابواء سے مکہ معظمہ کون لایا تھا؟

ج: حضرت ام ایمنؓ۔

س: حضرت ام ایمنؓ آپ کے والد ماجد جناب عبداللہ کی خادمہ تھیں جنہوں نے اسلام قبول کیا ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: برکہ۔

س: حضورؐ حضرت ام ایمنؓ کا بہت احترام کرتے تھے آپ نے ان کے بارے میں کیا فرمایا تھا؟

ج: ''یہ میری والدہ کے بعد میری ماں ہیں۔''

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جو بعض روایات کے مطابق طاعون اور بعض کے مطابق چیچک سے مرا تھا؟

ج: ابولہب۔

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کی بعثت کے بعد آپؐ کی دشمنی کی وجہ سے اپنے بیٹوں کو حکم دیا تھا کہ وہ آپؐ کی صاحبزادیوں کو جو ان کے نکاح میں تھیں طلاق دے دیں؟

ج: ابولہب۔

س: حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا نام بتایئے جس کے لئے آپ نے بددعا کی تھی ''یا اللہ اپنے کتوں میں سے ایک کتے کو اس پر مسلط کر دے اور اسے شام کے تجارتی سفر میں ایک رات شیر نے پھاڑ ڈالا تھا؟''

ج: ابولہب کا بیٹا عتبہ جس نے حضورؐ کی صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ کو طلاق دے دی اور آپؐ سے گستاخی سے پیش آیا تھا۔

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جس کا مکان آپ کے ساتھ تھا اور جس نے آپ کے فرزند حضرت عبداللہ کی وفات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے یہ خبر خود کفار تک پہنچائی تھی؟

ج: ابولہب۔

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جنہوں نے مسلمان نہ ہونے کے باوجود آپ کی بہت خدمت کی تھی اور آپ کا بھرپور ساتھ دیا تھا؟

ج: ابو طالب۔

س: اس چچا کا نام بتایئے جنہوں نے کافی عرصے تک اپنا اسلام چھپائے رکھا اور درپردہ آپ کی مدد کرتے رہے تھے؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: حضورؐ کے اس محترم چچا کا نام بتایئے جو اسلام قبول کرنے کے بعد آپ کی زندگی میں شہید ہو گئے تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ جو غزوہ احد میں شہید ہوئے۔

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جن سے آپ نے ان کی آخری گھڑیوں میں کلمہ پڑھنے کے لئے کہا تو انہوں نے جواب دیا ''بھتیجے، لوگ کہیں گے کہ وہ موت سے ڈر گیا؟''

ج: ابو طالب۔

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جو اسلام لائے اور آپ کے بعد فوت ہوئے؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: حضورؐ کے چچا حضرت عباسؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت عثمانؓ نے۔

س: حضورؐ کے اس محترم چچا کا نام بتایئے جنہیں غزوہ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار ہو جانے کے بعد عبداللہ بن ابی سلول (رئیس المنافقین) کا کرتہ پہنایا گیا تھا؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: حضورؐ کے ان محترم چچا کا نام بتایئے جن کی والدہ نے زمانہ اسلام سے

پہلے خانہ کعبہ کو ریشمی غلاف پہنایا تھا؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: ان کی والدہ کا نام بتا دیں؟

ج: نتیلہ۔

س: انہوں نے خانہ کعبہ کو ریشمی غلاف کیوں پہنایا تھا؟

ج: نتیلہ کے بیٹے حضرت عباسؓ بچپن میں کہیں گم ہو گئے تھے اور ان کی والدہ نے منت مانی تھی کہ اگر میرا بیٹا واپس مل جائے تو خانہ کعبہ کو ریشمی غلاف پہناؤں گی چنانچہ جب حضرت عباسؓ واپس مل گئے تو انہوں نے منت پوری کی۔

س: حضورؐ کے کس محترم چچا نے آپ کے چچا زاد بھائی حضرت جعفرؓ بن ابوطالب کی پرورش کی تھی؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: حضورؐ کے اس چچا کا نام بتایئے جو اگرچہ مسلمان نہیں ہوئے تھے لیکن آپ کو ان کی موت کا بہت صدمہ ہوا تھا؟

ج: جناب ابو طالب۔

س: حضورؐ کے اس محترم چچا کا نام بتایئے جنہوں نے آپ سے حضرت جبریلؑ کو ان کی اصل صورت میں دیکھنے کی خواہش ظاہر کی تھی مگر ان کے صرف پاؤں دیکھ کر بے ہوش ہو گئے تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: حضورؐ کے اس محترم چچا کا نام بتایئے جنہوں نے آپ سے کہا تھا ''بھتیجے تمہیں خوش ہونا چاہیے کہ میں نے ابو جہل سے تمہارا بدلہ لے لیا ہے لیکن آپ نے فرمایا تھا چچا جان! میں ایسی باتوں سے خوش نہیں ہوتا میری خوشی اس میں ہے کہ آپ اسلام قبول کر لیں؟''

ج: حضرت حمزہؓ جنہوں نے اس کے بعد اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: حضورؐ کے اس قریبی رشتے دار کا نام بتایئے جو غزوہ بدر کے روز شتر مرغ کے پر کا نشان لگائے ہوئے تھے؟

ج: حضورؐ کے چچا حضرت حمزہؓ۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ کے محترم چچا حضرت حمزہؓ کی قبر میں ان کے ساتھ اور کس کو دفن کیا گیا تھا؟

ج: ان کے بھانجے حضرت عبداللہ بن جحشؓ کو۔

س: حضورؐ کے محترم چچا حضرت حمزہؓ کی اس صاحبزادی کا نام بتایئے جو ذیقعد ۷ھ میں حج کے موقع پر ''میرے چچا جان' میرے چچا جان'' کہتی ہوئی آپ کی طرف دوڑی تھیں؟

ج: حضرت امامہؓ جنہیں پرورش کے لئے آپؐ نے حضرت جعفرؓ کے حوالے کر دیا تھا۔

س: حضورؐ کے کون سے چچا زاد بھائی آپ کی زوجہ مطہرہ ''اُم المومنین حضرت اُم میمونہؓ کے بھانجے تھے؟''

ج: حضرت عبداللہؓ بن عباس۔

س: حضورؐ کے کون سے چچا زاد بھائی مفسر قرآن تھے؟

ج: حضرت جعفرؓ۔

س: حضورؐ کے چچا ابولہب کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: عبدالعزیٰ۔

س: حضورؐ کے اس پھوپھی زاد بھائی کا نام بتایئے جو آپ کے ہم زلف بھی ہیں اور عشرہ مبشرہ میں شامل ہیں؟

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام جو حضورؐ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ کے بیٹے تھے اور حضرت عائشہؓ کی بڑی بہن حضرت اسماءؓ کے شوہر ہونے کی وجہ سے آپ کے ہم زلف بھی تھے۔

س: حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا نام بتایئے جن کی شہادت کا آپ کو بہت

سخت صدمہ ہوا تھا؟

ج: حضرت جعفرؓ۔

س: حضورؐ کی حیات مبارکہ میں شہید یا فوت ہونے والے آپ کے چچا زاد بھائیوں کے نام بتایئے؟

ج: حضرت جعفرؓ ہی شہید ہوئے تھے۔

س: ہجرت حبشہ کے پہلے اور دوسرے گروہ میں حضورؐ کے اپنے خاندان میں سے کون کون شامل تھے؟

ج: پہلے گروہ میں آپ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ اپنے شوہر حضرت عثمانؓ کے ساتھ شامل تھیں، اس گروہ کے کچھ عرصے بعد یعنی ۶ نبوی میں حضرت جعفرؓ طیار اپنی اہلیہ حضرت اسماءؓ بنت عمیس کے ساتھ دوسرے گروہ میں شامل ہو کر ہجرت کر گئے۔

س: حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا اسم گرامی بتایئے جن کے ہاتھ آپ نے نجاشی شاہ حبشہ کے نام ایک مکتوب گرامی بھیجا تھا؟

ج: حضرت جعفرؓ۔

س: حضورؐ نے اپنے کس چچا زاد بھائی سے یہ فرمایا تھا ''تم صورت اور سیرت دونوں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو؟''

ج: حضرت جعفرؓ۔

س: حضورؐ کی ان چچی کا نام بتایئے جنہوں نے بہت پہلے اسلام قبول کیا تھا؟

ج: حضرت ام افضلؓ جو حضرت عباسؓ کی اہلیہ تھیں۔

س: حضورؐ کی اس چچی کا نام بتایئے جو آپ کے راستے میں کانٹے بچھایا کرتی تھی اور آپ کی سخت دشمن تھی؟

ج: ابولہب کی بیوی ام جمیل۔

س: اس کا اصل نام کیا تھا؟

ج: اروی بنت حرب بن امیہ۔

س: حضورؐ کی اس چچی کا نام بتایئے جس کے متعلق قرآن مجید میں ارشاد ہے ''لگائی بجھائی کرنے والی، اس کی گردن میں مونجھ کی رسی ہوگی؟''

ج: ابولہب کی بیوی ام جمیل۔

س: حضورؐ کے اس نواسے کا نام بتایئے جنہوں نے ایک بار صدقے کی کھجور منہ میں ڈال لی تھی اور آپ نے انہیں ڈانٹ کر فرمایا تھا ''کیا تمہیں خبر نہیں کہ ہمارا خاندان صدقہ نہیں کھاتا'' اور پھر یہ کھجور منہ سے نکلوا دی تھی؟

ج: حضرت امام حسنؓ۔

س: حضورؐ نے ۹ھ میں ایک خاتون کو خود قبر میں اتارا اور ارشاد فرمایا جو شخص عورتوں میں حورین کو دیکھنا چاہے وہ ان کو دیکھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی اہلیہ حضرت ام رومانؓ۔

س: ان کا حضورؐ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: وہ آپ کی خوشدامن (ساس) تھیں۔

س: حضورؐ کی اس پھوپھی کا نام بتایئے جو آپ کے والد ماجد جناب عبداللہ کی جڑواں بہن تھیں؟

ج: ام حکیم بیضا۔

س: حضورؐ کی کونسی پھوپھی حضرت عثمان غنیؓ کی نانی ہیں؟

ج: ام حکیم بیضا۔

س: حضورؐ کی کونسی پھوپھی آپ کی خوشدامن (ساس) بھی تھیں؟

ج: حضرت امیمہؓ۔

س: حضرت امیمہؓ کی کونسی بیٹی حضورؐ کے نکاح میں تھیں؟

ج: حضرت زینب بنت جحش۔

س: حضورؐ کے کونسے چچا زاد بھائی آپ کے داماد بھی تھے؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: حضورؐ نے اپنے کس چچا زاد بھائی کو ''ابوتراب'' کا لقب دیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: حضورؐ کے کس چچا زاد بھائی نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ نے۔

س: حضرت صفیہؓ کے علاوہ حضورؐ کی کس پھوپھی نے اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: حضرت اروئیؓ۔

س: حضورؐ کے دادا کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۱۱۰ سال کی عمر میں۔

س: اس وقت حضورؐ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۸ سال ۲ ماہ اور دس دن۔

س: دادا کی وفات کے بعد آپ کی پرورش کا ذمہ کس نے لیا تھا؟

ج: آپ کے مہربان چچا ابوطالب نے۔

س: آپ کے مہربان چچا ابوطالب کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: عبدمناف۔

س: جناب ابوطالب کی کتنی اولاد تھی؟

ج: (۶) ۴ بیٹے اور ۲ بیٹیاں۔

☆......☆......☆

حضورؐ کی پیدائش و رضاعت

س: حضورؐ کی پیدائش سے قبل کس مشہور کلیسا میں زلزلہ آیا تھا؟

ج: روم کے۔

س: آپ کی پیدائش مبارک پر کس جگہ کا آتش کدہ بجھ گیا تھا؟ واضح رہے کہ یہ آتش کدہ مسلسل ایک ہزار سال سے جل رہا تھا۔

ج: فارس کا۔

س: ان دو واقعات سے کس چیز کی طرف اشارہ ہوتا ہے؟

ج: یہ کہ اسلامؑ دین فطرت کا وقتِ قیام آن پہنچا۔

س: حضورؐ کی ولادت باسعادت کن خاتون کے ہاتھوں ہوئی تھی؟

ج: حضرت شفاءؓ۔

س: مذکورہ صحابیہؓ کن عظیم المرتبت صحابی کی والدہ ہیں؟

ج: حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کی۔

س: حضورؐ کب پیدا ہوئے تھے؟

ج: ۱۲ ربیع الاول کو۔ (بعض کتب میں ۹ ربیع الاول ہے)

س: اس روز عیسوی تاریخ کیا تھی؟

ج: ۲۲ اپریل ۵۷۱ء۔

س: حضورؐ کی پیدائش کے وقت موسم کون سا تھا؟

ج: موسم بہار۔

س: حضورؐ ہفتے کے کس روز پیدا ہوئے تھے؟

ج: سوموار کو۔

س: حضورؐ مکے کے کس مقام پر پیدا ہوئے تھے؟

ج: سوق اللیل۔

س: حضورؐ کی ولادت باسعادت کس وقت ہوئی تھی؟

ج: صبح صادق کے وقت۔

س: جس سال حضورؐ پیدا ہوئے اس سال کو عام طور پر کیا پکارا جاتا ہے؟

ج: عام الفیل۔

س: حضورؐ کی ولادتِ مبارک کے وقت آپ کے دادا کہاں تھے؟

ج: وہ بیت اللہ کے طواف میں مصروف تھے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ یتیم پیدا ہوئے تھے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: حضورؐ کی پیدائش کی خوشخبری آپ کے دادا کو کس نے دی تھی؟

ج: آپ کے والد ماجد کی کنیز ام ایمنؓ نے۔

س: جناب عبدالمطلب آپ کو پیدائش کے بعد کہاں لے گئے تھے؟

ج: خانہ کعبہ میں اور وہاں آپ کے لئے دعا مانگی تھی۔

س: حضورؐ کے کس چچا نے حضورؐ کی پیدائش کی خوشخبری سنانے والی اپنی لونڈی کو آزاد کر دیا تھا؟

ج: ابولہب نے۔

س: ابولہب نے اپنی جس لونڈی کو آزاد کر دیا تھا اس کا نام بتایئے؟

ج: ثوبیہ۔

س: حضورؐ کی پیدائش کے وقت حضرت ام ایمنؓ جو کمرے میں موجود تھیں نے

کیا محسوس کیا تھا؟

ج: سارا کمرہ خوشبو سے بھر گیا تھا اور آپ سے عجیب قسم کی بھینی بھینی خوشبو آ رہی تھی۔

س: آپ کی ولادت کے کتنے دن بعد آپ کا عقیقہ مبارک کیا گیا؟

ج: سات دن بعد۔

س: آپ کے دادا جناب عبدالمطلب نے اس موقع پر آپ کا نام کیا رکھا تھا؟

ج: محمدؐ۔ (اہل عرب اس لفظ سے آشنا تو ضرور تھے مگر آج سے پہلے کسی نے یہ نام نہ رکھا تھا)۔

س: اس نام کے کیا معنی ہیں؟

ج: تعریف کیا گیا۔

س: لوگوں کے پوچھنے پر جناب عبدالمطلب نے اس نام کے رکھنے کی کیا وجہ بتائی تھی؟

ج: انہوں نے کہا "میں چاہتا ہوں کہ میرا بچہ پوری دنیا کی تعریف کا مرکز ہو آسمان پر بھی اس کی تعریف ہو اور زمین پر بھی' خالق کو بھی پیارا ہو اور مخلوق کو بھی۔

س: حضورؐ کو آپ کی ولادت کے بعد کتنے دن تک آپ کی والدہ نے دودھ پلایا تھا؟

ج: تین' چار دن تک۔

س: حضورؐ کا اسم گرامی احمد بھی تھا یہ نام کس نے رکھا تھا؟

ج: آپ کی والدہ ماجدہ نے۔

س: اس نام کے کیا معنی ہیں؟

ج: بہت زیادہ تعریف کیا گیا۔

س: آپ کی والدہ کو خواب میں اس نام کی بشارت کس نے دی تھی؟

ج: حضرت جبرائیلؑ نے۔

س: حضورؐ جس مکان میں پیدا ہوئے تھے اس کا آج کل کیا مصرف ہے؟

ج: وہاں ایک بہت عمدہ عمارت بنا کر اس میں بہت بڑی لائبریری قائم کی گئی ہے۔

س: اس خادمہ کا نام بتایئے جس نے آپ کی والدہ کے بعد حضورؐ کو سب سے پہلے دودھ پلایا تھا؟

ج: ثوبیہ۔ انہوں نے اس سے پہلے حضرت حمزہؓ اور آپؐ کے بعد ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی کو دودھ پلایا تھا۔ آپ کو دودھ پلاتے وقت ان کی گود میں جو بچہ تھا اس کا نام مسروح تھا۔

س: انہوں نے آپ کو کتنے عرصے تک دودھ پلایا تھا؟

ج: تین یا چار ماہ تک۔

س: حضورؐ کو سب سے زیادہ عرصے تک دودھ پلانے کی سعادت کسے حاصل ہوئی تھی؟

ج: حضرت حلیمہ سعدیہؓ بنت ابی ذویب کو۔

س: ان کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: خاندان بنو سعد سے۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے سوا باقی دائیوں نے حضورؐ کو دودھ پلانے کے لئے کیوں منتخب نہ کیا تھا؟

ج: ان کا خیال تھا کہ بچہ یتیم ہے اس لئے ان کے گھر سے زیادہ مالی فائدہ ہونے کی امید نہیں ہے اور مزدوری بھی کم ملے گی۔

س: محترمہ حلیمہ سعدیہؓ نے کیوں حضورؐ کو رضاعت کیلئے قبول کر لیا تھا؟

ج: اس وقت تک دوسرے تمام بچے دوسری دائیاں حاصل کر چکی تھیں اور حضورؐ کی یتیمی کی وجہ سے کسی نے آپ کی طرف رجوع نہ کیا تھا لیکن حلیمہ سعدیہؓ نے خالی ہاتھ واپس جانے سے بہتر سمجھا کہ اس درِ یتیم کو ہی حاصل کر لیا جائے۔

س: حلیمہ سعدیہؓ نے جب حضورؐ کو چھاتی سے لگایا تو انہیں کیا محسوس ہوا تھا؟
ج: انہیں اپنی چھاتی میں دودھ کی نہریں بہتی ہوئی محسوس ہوئی تھیں۔
س: آپ کی والدہ ماجدہ نے حضورؐ کو رضاعت کے لئے بی بی حلیمہ سعدیہ کے سپرد کرتے ہوئے کس آرزو کا اظہار کیا تھا؟
ج: انہوں نے فرمایا ''میں اپنے بچے کو خدائے ذوالجلال کی پناہ میں دیتی ہوں اس شر سے جو پہاڑوں پر چلتا ہے یہاں تک کہ وہ غلاموں اور درماندہ لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے والا ہے۔
س: حضورؐ کو حضرت حلیمہ سعدیہؓ نے کتنے عرصے تک دودھ پلایا تھا؟
ج: دو سال تک۔
س: حضورؐ کے ساتھ شق صدر کا پہلا واقعہ کب پیش آیا تھا؟
ج: جب آپ کی عمر تین سال اور بعض روایات کے مطابق چار سال تھی اور آپ ابھی حلیمہ سعدیہؓ کے پاس تھے۔
س: حضورؐ کے ان دودھ شریک بہن بھائیوں کی تعداد کیا ہے جو حضرت حلیمہ سعدیہؓ کی اولاد تھے؟
ج: چار۔
س: کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟
ج: عبداللہ' امینہ' صدیقہ اور شیماء۔
س: آپ کے ان دودھ شریک بھائیوں' بہنوں میں سے کس نے اسلام قبول کر لیا تھا؟
ج: حضرت عبداللہؓ، حضرت امینہؓ، اور حضرت شیماءؓ۔
س: حضورؐ کے رضاعی باپ یعنی حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے شوہر کا کیا نام تھا؟
ج: حارث بن عبدالعزیٰ۔
س: حضورؐ کی رضاعی والدہ کون کون ہیں؟
ج: حضرت ثوبیہؓ اور حضرت حلیمہ سعدیہؓ۔

س: آپ کی رضاعی بہن حضرت شیماء کا اصل نام کیا تھا؟

ج: خذافہ۔

س: آپ نے اپنی رضاعی ماؤں کے ساتھ کیسا حسن سلوک کیا تھا؟

ج: حضرت ثوبیہؓ کو مدینہ شریف سے تحفے اور کپڑے بھیجا کرتے تھے' حضرت حلیمہ سعدیہؓ کو قحط کے زمانے میں حضرت خدیجہؓ سے چالیس بکریاں اور غلہ دلوایا' ایک اونٹ سواری کیلئے دلوایا جس پر مال و متاع لدا ہوا تھا اور جب کبھی وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتی تھیں آپ ان کے احترام میں کھڑے ہو جاتے تھے اپنی چادر مبارک ان کے لئے بچھا دیتے تھے اور میری ماں میری ماں کہہ کر پکارتے تھے۔

س: حضورؐ کی کس رضاعی والدہ کا انتقال ۷ھ میں ہوا تھا؟

ج: حضرت ثویبہ۔(بعض کتب میں ثوبیہ لکھا ہے)

س: حضورؐ کے کون سے چچا آپ کے رضاعی بھائی بھی تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: وہ کس کا دودھ پینے کی وجہ سے آپ کے دودھ شریک بھائی تھے؟

ج: حضرت ثوبیہؓ۔

س: حضورؐ کے کونسے پھوپھی زاد بھائی بھی آپ کے دودھ شریک بھائی تھے؟

ج: حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد۔

س: حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد نے آپ کے ساتھ ملکر کس کا دودھ پیا تھا؟

ج: حضرت ثوبیہؓ۔

س: حضرت ثوبیہؓ کے اس بیٹے کا نام بتایئے جو آپ کا دودھ شریک بھائی تھا؟

ج: مسروح۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: قبیلہ بنو ہوازن سے۔

س: حضرت حلیمہ سعدیہؓ کی کونسی صاحبزادی آپ کو گود میں کھلایا کرتی تھیں؟

ج: حضرت شیماء۔

س: حضوؐر نے قبیلہ بنو سعد میں اپنی زندگی کے کتنے سال گزارے تھے؟

ج: ابتدائی پانچ سال۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے علاوہ آپ کے رضاعی والد جناب حارث بن عبدالعزیٰ نے بھی اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: حضوؐر کے رضاعی بہن بھائیوں کی کل تعداد کیا ہے؟

ج: سات۔

س: حضرت ام ایمنؓ کے علاوہ آپ نے اپنی کس رضاعی والدہ کیلئے یہ فرمایا تھا کہ ''وہ میری ماں کے بعد میری ماں ہیں؟''

ج: حضرت حلیمہ سعدیہؓ۔

س: حضوؐر کی کونسی خادمہ ابتداء میں مسلمان ہوئی تھیں؟

ج: حضرت ام ایمنؓ۔

☆......☆......☆

حضرت آمنہؓ

س: حضورؐ کی والدہ حضرت آمنہؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: قبیلہ بنو زہرہ سے۔ آپ نسب اور رتبے کے لحاظ سے قریش کی افضل ترین خاتون شمار ہوتی تھیں۔

س: حضورؐ کی والدہ کہاں پیدا ہوئی تھیں؟

ج: مکہ مکرمہ میں۔

س: حضرت آمنہؓ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

ج: برہ بنت عبدالعزی۔

س: حضرت آمنہؓ کے والد کا نام بتا دیں؟

ج: وہب بن عبد مناف۔

س: حضرت آمنہؓ کی شادی حضرت عبداللہؓ سے کس عمر میں ہوئی تھی؟

ج: ۲۴ سال کی عمر میں۔

س: حضرت آمنہؓ جب حضورؐ کو لے کر اپنے میکے مدینہ منورہ گئی تھیں تو مرحوم شوہر کی کونسی کنیز ان کے ساتھ تھی؟

ج: حضرت ام ایمنؓ۔

س: ننھیال سے واپس آتے ہوئے حضورؐ کی والدہ ماجدہ کا انتقال ابواء کے مقام پر ہوا تھا یہ مقام کہاں ہے؟

ج: مکے اور مدینے کے درمیان۔

☆......☆......☆

حضورؐ کے اسمائے شریف

س: آپ کا نام محمدؐ کس نے رکھا تھا؟

ج: آپ کے دادا جناب عبدالمطلب نے۔

س: حضورؐ کا اسم گرامی محمدؐ قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

ج: چار مرتبہ۔

س: لفظ محمدؐ قرآن مجید کی کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

ج: چار سورتوں میں۔

س: کیا یہ درست ہے کہ قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام سورہ محمدؐ ہے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ کا اسم گرامی احمد کس نے رکھا تھا؟

ج: آپ کی والدہ حضرت آمنہ نے۔

س: حضورؐ کا اسم گرامی احمد قرآن مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

ج: صرف ایک بار۔

س: قرآن مجید کی اس سورۃ کا نام بتایئے جس میں حضور کا اسم گرامی احمد آیا ہے؟

ج: سورہ صف۔

س: حضورؐ کا اسم گرامی اہل جنت کے نزدیک کیا ہے؟

ج: عبدالکریم۔

س: دوزخ والوں کے نزدیک آپ کا اسم گرامی کیا ہے؟

ج: عبدالجبار۔

س: اہل عرش کے نزدیک حضورؐ کا نام مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالحمید۔

س: تمام فرشتوں کے نزدیک حضورؐ کا نام مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالمجید۔

س: انبیائے کرام کے نزدیک آپ کا اسم مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالوہاب۔

س: الہامی کتاب توریت میں حضورؐ کا نام کیا آیا ہے؟

ج: معاذ٬ معاذ۔

س: الہامی کتاب انجیل میں حضورؐ کا نام مبارک کیا ہے؟

ج: طاب٬ طاب۔

س: کس الہامی کتاب میں حضورؐ کا نام فارقلیط درج ہے؟

ج: زبور میں۔

س: لفظ فارقلیط کے کیا معنی ہیں؟

ج: حق وصداقت کی روح۔

س: جنات کے نزدیک حضورؐ کا نام مبارک کیا ہے؟

ج: عبدالرحیم۔

س: حضرت جبرئیلؑ نے حضورؐ کی کنیت کیا رکھی تھی یاد رہے کہ آپ کی کنیت ابوالقاسم تھی؟

ج: ابوابراہیم۔

☆......☆......☆

شام کا سفر

س: حضوؐر نے پہلا سفر کس ملک کا کیا تھا؟
ج: ملک شام کا۔
س: یہ سفر آپ نے کس کے ساتھ کیا تھا؟
ج: اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ۔
س: اس وقت آپ کی عمر مبارک کیا تھی؟
ج: بارہ سال دو مہینے دس دن۔
س: حضوؐر نے شام کا پہلا سفر کب کیا؟
ج: ۵۸۳ء میں۔
س: اس سفر میں آپ کی ملاقات کس راہب سے ہوئی تھی؟
ج: بحیرہ نامی راہب سے۔ (اس کا نام جرجیس تھا مگر بحیرہ کے لقب سے معروف تھا)
س: بحیرہ نے جو توریت اور انجیل کا عالم تھا آپ کے چچا ابوطالب سے کیا فرمایا تھا؟
ج: ''اس میں آخری نبی ہونے کی تمام نشانیاں موجود ہیں اے ابو طالب اسے لے جاؤ اور یہودیوں کے شر سے بچا کر رکھو۔''

س: بحیرہ راہب سے حضورؐ کی ملاقات کہاں ہوئی تھی؟

ج: بصریٰ کی خانقاہ میں۔

س: حضورؐ نے ملک شام کا دوسرا سفر کب کیا تھا؟

ج: ۵۹۵ء میں۔

س: یہ سفر آپ نے کس عمر میں کیا تھا؟

ج: ۲۴ سال کی عمر میں۔

س: آپ نے یہ سفر کس غرض سے کیا تھا؟

ج: تجارت کی غرض سے' آپ حضرت خدیجہؓ کا مال لیکر شام گئے تھے۔

س: اس سفر میں حضرت خدیجہؓ کا ایک غلام اور رشتے دار آپ کے ساتھ تھے' ان کے نام بتا دیں؟

ج: غلام کا نام میسرہ اور رشتے دار کا نام خزیمہ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ آپؐ کی ایمانداری اور حسن معاملہ اور سفر تجارت میں بے پناہ فائدہ ہونے پر حضرت خدیجہؓ نے آپ کو طے شدہ معاوضے سے دگنی رقم دی تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

☆......☆......☆

جنگِ فجار

س: حضورؐ نے سب سے پہلے کس جنگ میں شرکت کی تھی؟
ج: جنگ فجار میں۔
س: یہ جنگ کن دو قبائل کے درمیان ہوئی تھی؟
ج: قریش اور قبیلہ بنو ہوازن۔
س: اس وقت آپ کی عمر مبارک کیا تھی؟
ج: پندرہ سال۔
س: اس جنگ میں حضورؐ نے کیا فریضہ انجام دیا تھا؟
ج: آپ اپنے چچاؤں کو تیر اُٹھا اُٹھا کر دیتے تھے۔
س: یہ جنگ سال میں چند روز مگر کتنے برس ہوتی رہی؟
ج: چار سال۔
س: اس جنگ میں حضورؐ کے کونسے چچا شامل تھے؟
ج: زبیر۔
س: حضورؐ کی کن زوجہ مطہرہ کے والد جنگ فجار میں فوت ہوئے؟
ج: حضرت خدیجہؓ۔
س: ان کا نام کیا تھا؟
ج: خویلد۔

☆......☆......☆

معاہدہ حلف الفضول

س: حلف الفضول کا معاہدہ کس جنگ کے بعد ہوا تھا؟

ج: جنگ فجار کے بعد۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضوؐر اس معاہدے میں شامل ہوئے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: اس وقت حضوؐر کی عمر کیا تھی؟

ج: سولہ برس۔

س: یہ معاہدہ حضوؐر کے کس چچا کی کوششوں سے ہوا تھا؟

ج: زبیر بن عبدالمطلب۔

س: اس معاہدے کو حلف الفضول کیوں کہتے ہیں؟

ج: عربی زبان میں حلف معاہدے کو کہتے ہیں چونکہ یہ حلف اٹھانے والوں میں فضل کا نام نمایاں تھا لہٰذا اسے معاہدہ حلف الفضول کہتے ہیں۔

س: یہ معاہدہ کس شخص کے گھر ہوا تھا؟

ج: عبداللہ بن جدعان۔

س: حضوؐر شرف رسالت سے مشرف ہونے کے بعد اس معاہدے کے بارے میں کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج: ''میں ابن جدعان کے ہاں جس معاہدے میں شریک تھا اگر اس میں شرکت سے منع کرنے پر مجھے سرخ اونٹوں کا ریوڑ بھی دیا جاتا تو اسے قبول نہ کرتا۔

س: اس معاہدے میں شریک تمام افراد نے کیا عہد کیا تھا؟

ج: ''ہم ہر مظلوم کی اس وقت تک مدد کریں گے جب تک اسے اپنا حق نہیں مل جاتا۔''

☆......☆......☆

حضرت خدیجہؓ سے شادی

س: حضور اکرمؐ جب سیدہ خدیجہؓ کا مالِ تجارت لے کر گئے تھے تو واپسی پر سیدہ خدیجہؓ نے آپؐ کو حلم و فراست اور شرافت و دیانت کا پیکر پایا اور ان سے عقد کا خیال کیا تو کسے حضورؐ کے پاس اس سلسلہ میں بات کرنے کے لئے بھیجا؟

ج: اپنی سہیلی نفیسہ بنت منبہ کو۔

س: یہ حضور اکرمؐ کے شام سے واپس آنے کے کتنے عرصہ بعد کی بات ہے؟

ج: تقریباً دو ماہ بعد۔

س: اس وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر ۴۰ سال تھی حضورؐ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۵ سال۔

س: حضور اکرمؐ نے اپنے چچاؤں سے بات کر کے یہ رشتہ قبول کر لیا۔ مہر میں آپ نے کتنے اونٹ دیئے تھے؟

ج: ۲۰ اونٹ۔

س: حضرت خدیجہؓ سے رسول اکرمؐ کی پہلی شادی تھی وہ جب تک حیات رہیں آپؐ نے کسی دوسری خاتون سے شادی نہیں کی کیا یہ درست

ہے؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا یہ صحیح ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کے علاوہ رسول اللہؐ کی تمام اولاد حضرت خدیجہؓ کے بطن سے تھی؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا یہ صحیح ہے کہ حضرت خدیجہؓ نسب و دولت اور سوجھ بوجھ کے لحاظ سے اپنی قوم کی سب سے معزز و افضل خاتون تھیں؟

ج: جی ہاں۔

☆......☆......☆

کعبہ کی تعمیر اور حجر اسود

س: اس وقت رسول اللہؐ کی عمر کیا تھی جب قریش نے نئے سرے سے خانہ کعبہ کی تعمیر شروع کی؟

ج: ۳۵ سال۔

س: نئی تعمیر کے لئے پرانی عمارت گرانا ضروری تھی مگر کسی کو گرانے کی جرأت نہ ہو رہی تھی کس نے سب سے پہلے عمارت کا کچھ حصہ گرایا؟

ج: ولید بن مغیرہ نے۔

س: کعبہ کی تعمیر کے لئے ہر قبیلے کا الگ الگ حصہ مقرر تھا تعمیر کا نگران کون تھا؟

ج: باقوم نامی ایک رومی معمار۔

س: جب عمارت قد آدم تک پہنچی تو کس مسئلے پر اختلاف ہوا؟

ج: حجر اسود کی تنصیب پر۔ ہر قبیلہ حجر اسود نصب کرنے کی سعادت چاہتا تھا۔

س: قریب تھا کہ قبیلوں میں لڑائی چھڑ جاتی تجویز پیش کی گئی کہ کل صبح جو پہلا شخص باب الصفا کی جانب سے کعبہ میں داخل ہو اس کا فیصلہ تسلیم کر لیا جائے......'' یہ تجویز سب قبیلوں نے مان لی آپ کو یہ بتانا ہے کہ یہ تجویز پیش کس نے کی تھی؟

ج: ستر سالہ ابو امیہ بن مغیرہ نے۔ (جن کا قریش کا ہر فرد احترام کرتا تھا)

س: دوسرے دن صبح سب سے پہلے اس جانب سے کون کعبے میں داخل ہوا؟

ج: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

س: لوگوں نے آپؐ کو دیکھا تو بے اختیار کیا پکار اُٹھے؟

ج: یہ امین ہیں۔ ہمیں ان کا فیصلہ بسر و چشم منظور ہے۔

س: جب آپؐ کو ساری بات بتائی گئی تو آپؐ نے کیا فیصلہ کیا؟

ج: آپؐ نے ایک چادر منگوا کر اس کے درمیان میں حجر اسود رکھا اور سب سرداروں سے کہا کہ وہ چادر کناروں سے پکڑ کر اس مقام تک لے جائیں جہاں حجر اسود نصب کرنا ہے۔ جب سردار چادر تھامے وہاں پہنچے تو رسول اکرمؐ نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو اس کی مقررہ جگہ پر رکھ دیا۔

☆......☆......☆

جبریلؑ وحی لاتے ہیں

س: اس زمانے میں رسم تھی کہ فکر و غور کرنے والے آبادی سے دور تنہائی میں سال میں ایک بار اپنے ڈھب پر عبادت میں مشغول ہو جاتے۔ حضور اکرمؐ کی عمر جب ۴۰ برس کے قریب ہوئی تو آپ نے تنہائی میں عبادت کے لئے کونسی جگہ منتخب کی؟

ج: مکہ سے کوئی دو میل دور کوہِ حرا کا ایک غار۔

س: آپ ہر سال کون سا مہینہ اس غار میں بسر کرتے؟

ج: رمضان کا مہینہ۔

س: آنحضرتؐ کی نبوت کا آغاز کیسے ہوا؟

ج: سچے خوابوں سے۔ (ان کی مدت چھ ماہ رہی)

س: نزولِ وحی کی مبارک ساعت آ پہنچی حضرت جبریلؑ نے سب سے پہلے حضورؐ سے کیا کہا تھا؟

ج: ''اقراء''...... (پڑھو)

س: پہلی وحی میں جو آیات نازل ہوئیں وہ سورہ علق کی ہیں آپ ان کا ترجمہ بتا دیں؟

ج: ''پڑھو۔ اپنے رب پیدا کرنے والے کا نام لے کر جس نے انسان کو جمے

ہوئے لہو سے پیدا کیا۔ ہاں پڑھو کہ تمہارا رب نہایت کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے انسان کو ایسا علم سکھایا جسے وہ پہلے نہ جانتا تھا۔"

س: رسول اللہؐ حضرت جبرئیلؑ کی آمد سے گھبرا گئے اور فوراً غارِ حرا سے گھر لوٹ آئے تو حضرت خدیجہؓ سے کیا کہا؟

ج: "مجھے چادر اوڑھا دو......"

س: کچھ دیر بعد سکون آ جانے پر حضرت خدیجہؓ سے ساری بات کہی تو انہوں نے کیا کہا؟

ج: بخدا آپ کو اللہ تعالیٰ رسوا نہ کرے گا آپ صلہ رحمی کرتے ہیں دوسروں کا بوجھ اُٹھاتے ہیں۔ غریبوں کی اعانت کرتے ہیں، مہمان کی میزبانی کرتے ہیں۔

س: جب حضورؐ نبوت سے سرفراز کئے گئے تو تاریخ کیا تھی؟

ج: اگرچہ اس میں اختلاف ہے لیکن زیادہ تر ۲۱ رمضان المبارک بروز پیر (۱۰ اگست ۶۱۰ء) پر متفق ہیں۔

س: حضرت خدیجہؓ اپنے کس چچیرے بھائی کے پاس حضورؐ کو لے گئی تھیں جو بت پرستی چھوڑ کر نصرانی ہو گئے تھے اور انجیل کا عبرانی سے عربی زبان میں ترجمہ کر رہے تھے انہوں نے ساری بات ان سے بیان کی تھی؟

ج: ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبدالعزیٰ۔

س: انہوں نے ساری بات سن کر کیا کہا؟

ج: یہ تو وہی ناموس (فرشتہ) ہے جسے اللہ نے موسیٰؑ پر نازل کیا تھا...... کاش میں اس وقت توانا ہوتا جب آپ کی قوم آپ کو نکال دے گی؟

س: رسول اللہؐ نے جب پوچھا کہ "کیا یہ لوگ مجھے نکال دیں گے......" تو ورقہ بن نوفل نے کیا کہا؟

ج: ہاں جب بھی کوئی آدمی اس طرح کا پیغام لایا اس سے ضرور دشمنی کی گئی۔

☆......☆......☆

حضور اکرمؐ کی پیغمبرانہ زندگی

س: حضور اکرمؐ کی پیغمبرانہ زندگی کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

ج: دو حصے (۱) مکی زندگی..... تقریباً ۱۳ برس

(۲) مدنی زندگی..... تقریباً ۱۰ برس۔

س: مکی زندگی تین حصوں پر مشتمل تھی کون سے؟

ج: (۱) پس پردہ دعوت کا مرحلہ..... ۳ برس۔

(۲) اہل مکہ کو کھلم کھلا دعوتِ اسلام..... چوتھے سال نبوت سے دسویں سال کے اواخر تک۔

(۳) مکہ کے باہر اسلام کی مقبولیت اور پھیلاؤ کا مرحلہ..... دسویں سال نبوت کے اواخر سے ہجرت مدینہ تک۔

س: رسول اکرمؐ پر ایمان لانے والی پہلی ہستی کون تھیں؟

ج: آپ کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ۔

س: بچوں میں سب سے پہلے حضرت علیؓ نے مردوں میں سے سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اسلام قبول کیا۔ غلاموں میں سب سے پہلے کون اس شرف سے سرفراز ہوئے؟

ج: حضورؐ کے آزاد کردہ غلام حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

س: کن کی کوششوں سے حضرت عثمانؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت عبدالرحمنؓ بن عوفؓ، حضرت سعدؓ بن ابی وقاص اور حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ مسلمان ہوئے؟

ج: حضرت ابو بکر صدیقؓ

س: ابتدائے اسلام میں کتنی نمازیں فرض ہوئیں؟

ج: دو نمازیں...... دو رکعت صبح اور دو رکعت شام۔

س: شروع کے ۳ سال تبلیغ کا کام چھپ چھپا کر کیا گیا مگر قریش کو اس کی سن گن لگ چکی تھی، البتہ انہوں نے اسے قابل توجہ نہ جانا۔ پھر سورہ شعراء کی کن آیات میں رسول اللہؐ کو کھلی تبلیغ کا حکم دیا گیا؟

ج: (اے پیغمبر) اپنے رشتہ داروں کو آخرت کے عذاب سے ڈرایئے......

س: حضور اکرمؐ نے اپنے عزیزوں میں تبلیغ کے لئے دعوتِ طعام کا اہتمام کیا تو کون لوگوں کو بہکا کر لے گیا تھا؟

ج: ابولہب۔

س: دوسری بار پھر حضور اکرمؐ نے دعوتِ طعام دی اور کھانے کے بعد اسلامی کی دعوت دی تو حاضرین منہ پھیر کر چلے گئے تب کس نے بھری مجلس میں کہا تھا؟ ''یا رسول اللہ میں آپ کی یاوری کروں گا اور جو شخص آپ سے جنگ کرے گا میں اس سے جنگ کروں گا''

ج: حضرت علیؓ نے۔

س: اس کے بعد حضور اکرمؐ نے اعلانیہ تبلیغ کا آغاز کیا تو کس پہاڑ پر چڑھ کر اہل مکہ کو پکارا؟

ج: کوہ صفا۔

س: جب قریش جمع ہوئے تو حضورؐ نے کہا۔ ''اگر میں تم سے کہوں کہ اس پہاڑ

کے عقب میں ایک لشکرِ جرار چھپا بیٹھا ہے تو کیا تم مجھے سچا مانو گے؟''
قریش نے جواب میں کیا کہا؟

ج: ہاں۔ آپؐ نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

س: تب حضورؐ نے قریش کو اسلام کی دعوت دی کس نے کہا؟ ''تو غارت ہو تو نے ہمیں اس لئے جمع کیا تھا۔''

ج: ابولہب نے۔

س: اس وقت وحی اتری کونسی آیات نازل ہوئی تھیں؟

ج: سورہ لہب کی (ترجمہ) ''ابولہب خود ہی سدا کے لئے غارت ہو گیا.....''

س: حضورؐ کی نبوت سے قبل دین ابراہیمی تلاش کرنے والے چار مشہور آدمیوں کے نام بتائیے؟

ج: زید بن عمرو بن نفیل، ورقہ بن نوفل، عبید بن جحش، عثمان بن حارث۔

س: نبوت سے قبل حضورؐ کے نمایاں دوست کون سے تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ، حکیم بن حزام، ضماد بن ثعلبہ، قیس بن سائب مخزومی۔

س: خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کے وقت حجرا سود رکھنے کا فیصلہ کس نے کیا تھا؟

ج: حضورؐ نے۔

س: ہجرت کے بعد ایک غزوہ سے واپس تشریف لاتے وقت حضورؐ جب مقام ابواء میں ایک قبر پر کھڑے ہوئے اور آپ پر رقت طاری ہو گئی اور صحابہؓ کرام بھی رونے لگے اور حضرت عمر فاروقؓ نے اس گریہ کی وجہ دریافت کی تو آپؐ نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: آپ نے فرمایا تھا۔ ''یہ میری والدہ کی قبر ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے اس کی زیارت کی درخواست کی تو مل گئی لیکن ان کی مغفرت کی درخواست کی تو وہ نہ مل سکی اس پر مجھ پر رقت طاری ہو گئی۔''

س: مکہ مکرمہ میں پہلا اسلامی مرکز کونسا گھر تھا؟

ج: دارالارقم حضرت ارقمؓ کا گھر۔

س: دارالارقم کا دروازہ ایک بار ایک ایسے شخص نے کھٹکھٹایا تھا جس سے سب خوفزدہ تھے لیکن خود حضورؐ نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا اور آنے والے کی چادر کو اپنے دست مبارک سے جھٹک کر پوچھا تھا "کس ارادے سے آئے ہو" آنے والے پر لرزہ طاری ہو گیا اور بولا "اسلام قبول کرنے کیلئے" اس شخص کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت عمرؓ بن خطاب۔

س: اس مشہور کافر کا نام بتایئے جو بڑا دانا تھا اور قریش کا نمائندہ بن کر حضورؐ کے پاس اس لئے آیا تھا کہ آپ کو اسلام کی تبلیغ سے منع کرے لیکن آپ سے قرآن کی آیات سن کر مسحور ہو گیا اور ناکام واپس چلا گیا؟

ج: عتبہ بن ربیعہ۔

س: اس کافر کا نام بتایئے جس نے حرم کعبہ میں عین سجدے کی حالت میں حضورؐ کے گلے میں اپنی چادر ڈال کر کھینچا تھا؟

ج: عقبہ بن ابی معیط۔

س: اس موقع پر کس صحابیؓ نے عقبہ کو دھکا دے کر پرے ہٹایا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضورؐ کے خلاف طنز و مزاح کرنے کیلئے کفار مکہ نے کتنی رکنی کمیٹی بنائی تھی؟

ج: ۲۵ رکنی۔

س: اس کمیٹی کا سربراہ کون تھا؟

ج: ابولہب۔

س: اس کافر کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کو تنگ کرنے والی کمیٹی کے اجلاس میں کہا تھا کہ آپ کو شاعر‘ کاہن یا دیوانہ کہنے سے مطلب حل نہیں ہو سکتا اس لئے یہ کہا جائے کہ ان کا کلام باپ‘ بیٹے‘ بھائی بھائی اور شوہر بیوی میں جدائی ڈال دیتا ہے؟

ج: ولید بن مغیرہ۔

س: حضورؐ پر مکمل صورت میں نازل ہونے والی پہلی سورۃ کا نام بتایئے؟

ج: سورہ فاتحہ۔

س: کب قریش والوں نے آپ کے خاندان کا مقاطعہ کیا تھا؟

ج: ۷ نبوی میں۔

س: یہ معاہدہ جس کی رو سے حضورؐ کے خاندان بنو ہاشم کا مقاطعہ کیا گیا کس نے لکھا تھا؟

ج: منصور بن عکرمہ نے۔

س: شعب ابی طالب میں محصور ہو جانے کے بعد حضورؐ اس گھاٹی سے کن دنوں میں تبلیغ کے لئے باہر نکلتے تھے؟

ج: صرف حج کے ایام میں کیونکہ ان دنوں قریش آپ پر ہاتھ نہیں اٹھا سکتے تھے۔

س: شعب ابی طالب کی محصوری کے زمانے میں اگر کوئی باہر کا تاجر وہاں تجارت کیلئے جانا چاہتا تو حضورؐ کے خاندان کا وہ کونسا فرد تھا جو اس تاجر کو روکتا اور زیادہ قیمت دے کر اس کا مال خرید لیتا تھا؟

ج: ابولہب جو خاندان سے علیحدہ ہو کر مکہ ہی میں رہتا تھا۔

س: ایک بار جنگ احد کی تکالف کا ذکر کرتے ہوئے جب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضورؐ سے پوچھا کہ آپ پر کبھی اس بے بسی سے زیادہ

سخت زمانہ گزرا ہے تو آپ نے جواب میں کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: آپ نے طائف کا ذکر کرتے ہوئے کہا تھا۔ ''تیری قوم کی طرف سے مجھے سخت گھڑیاں دیکھنی پڑیں تھیں۔''

س: حضوؐر کے ساتھ مل کر سب سے پہلے نماز پڑھنے والا کون تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ۔

س: حضرت خدیجہؓ کے بعد اسلام لانے والی چند خواتین کے نام بتایئے؟

ج: حضرت ام الفضلؓ زوجہ حضرت عباسؓ، حضرت ام ایمنؓ، حضرت اسماءؓ بنت ابوبکرؓ، حضرت ام جمیلؓ، حضرت فاطمہؓ بنت خطاب۔

س: حضوؐر کے بعد مکہ میں سب سے پہلے بلند آواز سے قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

س: اس کافر کا نام بتایئے جس نے حضوؐر سے مطالبہ کیا تھا کہ اگر آپ سیڑھی لگا کر آسمان پر چڑھ جائیں اور وہاں سے ایک دستاویز لکھوا کر اور چار فرشتوں کو ساتھ لے کر آئیں تاکہ یہ فرشتے آپ کے دعویٰ کی تصدیق کریں تو میں اسلام قبول کرلوں گا۔

ج: عبداللہ بن ابی مغیرہ۔

س: کس بدبخت نے حضوؐر کے متعلق یہ کہا تھا کہ اسے اس کے حال پر چھوڑ دو کوئی اس کے پیچھے رہنے والا نہیں اس کے مرتے ہی اس کی یاد فراموش ہو جائے گی؟

ج: عاص بن وائل سہمی نے۔

س: اس کے جواب میں کون سی سورۃ نازل ہوئی تھی؟

ج: سورۂ کوثر۔

س: رسول اللہ کی راہ میں کون بدبخت غلاظت، کانٹے اور کوڑا کرکٹ بچھایا کرتا تھا؟

ج: ابولہب کی بیوی ام جمیل۔ یہ ابوسفیان کی بہن تھی قرآن پاک میں اسے ''حمالتہ الحطب'' (لکڑیاں اٹھانے والی) کہا گیا ہے۔

س: قریش حضور اکرمؐ کے چچا ابو طالب کے پاس کس شخص کو لائے تھے اور کہا تھا کہ یہ مضبوط اور جوان ہے اسے اپنا بیٹا بنا لیجئے اور محمد کو ہمارے حوالے کر دیں؟

ج: عمارہ بن ولید کو۔

س: ابوجہل نے کس شخص سے اونٹ لئے مگر قیمت کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرنے لگا تو اس شخص نے حضورؐ کے پاس آ کر مدد طلب کی۔ آپ اس کے ساتھ گئے تو ابوجہل نے کیا سلوک کیا تھا؟

ج: وہ شخص مرواراشی تھا۔ ابوجہل نے بے چوں چراں ادائیگی کر دی تھی بعد میں اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ محمدؐ کی آواز سن کر یکا یک ایک رعب مجھ پر طاری ہو گیا۔

س: حضور اکرمؐ کی تبلیغ کے جواب میں کون لوگوں کو رستم و اسفندیار کے قصے سناتا تھا؟

ج: نضر بن حارث۔

س: قریش کا ایک سردار عتبہ بن ربیعہ حضورؐ کے پاس آیا پیش کش کی کہ:۔
(۱) اگر تمہارا مقصود دولت ہے تو ہم تمہیں اتنی دولت جمع کر دیتے ہیں کہ تم ہم سے زیادہ مالدار ہو جاؤ۔
(۲) اگر سرداری چاہتے ہو تو ہم اپنا سردار بنائے لیتے ہیں۔
اس کے جواب، میں حضور اکرمؐ نے قرآن پاک کی کس سورہ کی آیات

سنائی تھیں؟

ج: سورہ حٰمٓ کی آیات۔

س: حضرت عثمانؓ جب اسلام لائے تو کس نے انہیں رسیوں میں جکڑ کر مارا تھا؟

ج: ان کے چچا حکم بن العاص نے۔

س: رئیس المنافقین تو عبداللہ بن ابی کو کہتے ہیں کس منافق کے مرنے پر رسول اللہؐ نے کہا تھا۔ ''آج منافقین کے سرخیلوں میں سے ایک سرخیل مر گیا ہے۔''

ج: رافع بن حریملہ۔

س: اس کافر کا نام بتایئے جو کہا کرتا تھا کہ اے محمدؐ میں آپ کو جھوٹا نہیں کہتا لیکن جو باتیں آپ کہتے ہیں انہیں ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں؟

ج: ابوجہل۔

س: حضورؐ نے مکے کے کن دو آدمیوں کیلئے دعا کی تھی کہ خدایا ان میں سے کسی کو اسلام قبول کرنے کی توفیق عطا فرما اور یہ دعا کس کے حق میں قبول ہوئی تھی؟

ج: عمر بن خطاب اور عمرو بن ہشام (ابوجہل) کیلئے اور یہ دعا حضرت عمرؓ بن خطاب کے حق میں قبول ہوئی۔

س: طائف سے واپسی پر حضورؐ نے مکہ کے کس آدمی کے ہاں پناہ حاصل کرنے کیلئے پہلی بار پیغام بھیجا تھا؟

ج: اخنس بن شریق۔

س: اس کے پناہ دینے سے معذوری پر حضورؐ نے دوسری دفعہ کس آدمی کے پاس پیغام بھیجا تھا؟

ج: مطعم بن عدی کے پاس۔ (انہوں نے پیغام قبول کرلیا تھا)

س: حضورؐ سے ملنے والے مدینے کے اس پہلے آدمی کا نام بتایئے جس نے آپؐ سے ملاقات کرنے کے بعد اسلام قبول کرلیا تھا؟

ج: حضرت ایاسؓ بن معاذ۔

س: مدینے کے اس پہلے وفد میں کتنے افراد شامل تھے جو حج کی غرض سے مکہ آئے اور آپ سے ملاقات کی؟

ج: چھ افراد۔

س: انہوں نے حضورؐ سے کب ملاقات کی تھی؟

ج: ذی الحج ۱۱ نبوی میں۔

س: بیعت عقبہ اولیٰ میں کتنے افراد تھے؟

ج: ۱۲ افراد۔

س: انہوں نے حضورؐ سے کب ملاقات کی تھی؟

ج: ذی الحج ۱۲ نبوی میں۔

س: بیعت عقبہ ثانی میں کتنے آدمی شامل تھے؟

ج: ۷۳ افراد۔ ۱۱ کا تعلق قبیلہ اوس سے اور ۶۲ کا تعلق قبیلہ خزرج سے تھا۔

س: انہوں نے کب اسلام قبول کیا تھا؟

ج: ذی الحجہ ۱۳ نبوی میں۔

س: بیعت عقبہ ثانی کے موقع پر حضورؐ کے ہمراہ کون تھا؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: بیعت عقبہ ثانی کے موقع پر جب ایک شخص نے پوچھا۔ ''یا رسول اللہ! یہود سے ہمارے تعلقات ہیں جو آپ سے ملاقات اور اسلام لانے کے بعد ختم ہو جائیں گے ایسا نہ ہو کہ آپ کو جب قوت اور اقتدار حاصل ہو جائے تو

آپ ہمیں چھوڑ کر اپنے وطن تشریف لے جائیں تو آپ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپ نے فرمایا تھا۔ ''نہیں میرا جینا اور مرنا تمہارے ساتھ ہو گا تمہارا خون میرا خون ہے تم میرے ہو اور میں تمہارا ہوں۔''

س: بیعت عقبہ ثانی کے موقع پر حضورؐ نے اہلِ یثرب میں دین کی اشاعت کے لئے کتنے نقیب مقرر کئے تھے تاکہ وہ اپنے لوگوں میں اسلام پھیلائیں؟

ج: آپ نے بارہ اصحاب کو نقیب مقرر فرمایا تھا۔

س: حضورؐ نے مسلمانوں کو یثرب کی طرف عام ہجرت کی اجازت کب دی تھی؟

ج: بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد۔

س: حضورؐ نے حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا تھا کہ مجھے ہجرت کی اجازت مل گئی ہے تو انہوں نے کیا عرض کیا؟

ج: ''یا رسول اللہؐ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں رفاقت اور معیت کا آرزومند ہوں اور جب آپ نے فرمایا ''ہاں'' تو ان کی آنکھوں سے خوشی کے آنسو جاری ہو گئے۔

س: اس پہلے شاعر کا نام بتایئے جو حضورؐ کی زبان مبارک سے قرآن پاک کی چند آیات سن کر مسلمان ہو گیا تھا؟

ج: حضرت طفیلؓ بن عمرو دوسی۔

س: وہ کون سے نابینا صحابیؓ ہیں جن کی آمد حضورؐ کو اس وقت پسند نہ آئی جبکہ آپ کافر سرداروں سے گفتگو فرما رہے تھے اور اسی بات پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے تنبیہ آ گئی تھی؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن ام مکتوم۔

س: ہجرت کے موقع پر حضورؐ نے حضرت ابوبکرؓ سے جو اونٹنی بااصرار قیمتاً لی تھی اس کا نام بتایئے؟

ج: قصویٰ۔

س: بیعت عقبہ اولیٰ کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن صحابی کو احکام اسلام سکھانے اور اشاعت دین کی غرض سے مدینہ منورہ بھیجا تھا؟

ج: حضرت مصعبؓ بن عمیر۔ آپ مدینہ میں ''مُقری'' کے خطاب سے مشہور ہوئے جسکے معنی ہیں: ''پڑھانے والا'' اس وقت اُستاد کو مقری کہتے تھے۔

س: ایک بار جبکہ آپ حرم کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے تو قریشیوں میں سے کون اس ارادے سے آگے بڑھا تھا کہ آپ کی گردن مبارک پر (نعوذ باللہ) قدم رکھ دے گا لیکن چند قدم جانے کے بعد خوفزدہ ہو کر واپس لوٹ آیا تھا؟

ج: ابوجہل جس نے آپ اور اپنے درمیان آگ کی ایک ہولناک خندق کو دیکھا اور خوف کے مارے اُلٹے پاؤں واپس لوٹا۔

س: جب کفار مکہ نے طنز و تشنیع کے ذریعے حضورؐ کا کلیجہ چھلنی کرنے کی پوری پوری کوشش کی تو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو کن الفاظ میں تسلی دی؟

ج: ''اے نبیؐ تم سے پہلے بھی بہت سے رسولوں کا مذاق اُڑایا جا چکا ہے مگر ان مذاق اُڑانے والوں پر آخرکار وہی حقیقت مسلط ہو کر رہی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ ان سے کہو ذرا زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا۔

س: حضورؐ کے اس داماد کا نام بتایئے جنہوں نے (اس وقت تک مسلمان نہ ہونے کے باوجود) قریش کے دباؤ کے تحت اپنی اہلیہ کو طلاق دینے سے انکار کر دیا تھا؟

ج: ابوالعاص بن عبدالعزیٰ۔

س: ان کی اہلیہ کا نام بتایئے جو حضورؐ کی بیٹی تھیں؟

ج: حضرت زینبؓ بنت محمدؐ۔

س: رسول اکرمؐ کے بعد سب سے پہلے کس صحابی نے مکہ میں ایک بڑے مجمع میں بلند آواز سے قرآن پاک کی تلاوت کی؟

ج: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے۔

س: حضورؐ نے حرم کعبہ میں مخالف لوگوں کو سب سے پہلے کونسی سورۃ سنائی تھی جس سے متاثر ہو کر مخالفین بے اختیار سجدے میں گر گئے تھے جس کا انہیں بعد میں بہت پچھتاوا ہوا تھا؟

ج: سورۃ النجم۔

س: حضورؐ نے طائف میں عبدیالیل اور اس کے بھائیوں کو دعوت اسلام دی مگر انہوں نے قبول کرنے سے انکار کر دیا پھر آپ طائف میں بنوثقیف کے کئی دوسرے سرداروں کے پاس تشریف لے گئے مگر انہوں نے بھی اللہ کا پیغام سننا گوارا نہ کیا۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ انہوں نے آپ سے سختی سے کیا کہا تھا؟

ج: ''اے محمدؐ تم ہمارے شہر سے نکل جاؤ اور زمین میں تمہارے جو دوست ہیں ان سے جاملو۔''

س: طائف کے سفر میں رسول اللہ نے سخت تکلیف اٹھائی۔ شہر سے باہر ایک باغ میں نڈھال ہو کر آرام کے لیے رکے تو باغ کے مالکوں عتبہ اور شیبہ نے اپنے کس غلام کے ہاتھ طشتری میں انگوروں کا ایک گچھا آپؐ کے لیے بھجوایا؟

ج: نصرانی غلام عداس کے ہاتھوں۔

س: کب مکہ کے تمام قبائل نے مل کر خاندان بنو ہاشم کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا اور بنو ہاشم شعب ابی طالب میں پناہ گزین ہو گئے؟

ج: 7ھ نبوی میں نظر بندی کا یہ دور تقریباً 3 برس رہا۔

س: نبوت کے دسویں سال کو عام الحزن یعنی غم کا سال کہا جاتا ہے۔ کیوں؟

ج: اس سال حضورؐ کے چچا جناب ابوطالب اور آپؐ کی زوجہ ام المومنین حضرت خدیجہؓ نے وفات پائی۔

س: ہجرت مدینہ کے وقت جب رسول اللہؐ کی تلاش میں کفار مکہ غار ثور کے قریب آ پہنچے تو حضورؐ نے کن الفاظ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کو تسلی دی؟

ج: "غم نہ کرو۔ اللہ ہمارے ساتھ ہے۔"

س: اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضرت محمدؐ کی حفاظت کیلئے غار ثور کے دہانے پر کیا کر دیا تھا؟

ج: مکڑی نے جالا تن دیا اور کبوتری نے انڈے دے دیئے اور جب کھوجی وہاں پہنچے تو انہیں یقین ہو گیا کہ اس غار کے اندر کوئی نہیں ہو سکتا۔

س: غار ثور میں حضورؐ کو تازہ دودھ کون پہنچایا کرتا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے غلام حضرت عامرؓ بن فہیرہ جو بکریاں چراتے ہوئے واپس اسی جگہ سے گزرتے تھے۔

س: حضورؐ نے مسجد نبوی کا موذن کسے مقرر کیا تھا؟

ج: حضرت بلالؓ کو۔

س: غزوہ بدر میں جو قیدی گرفتار ہوئے تھے ان کے لئے حضور نے کس کا مشورہ قبول کیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا مشورہ کہ انہیں فدیہ لیکر چھوڑ دیا جائے۔

س: غزوہ بدر شروع ہونے سے پہلے ہی حضورؐ نے لشکر قریش کے دو آدمیوں کو

قتل کرنے سے روک دیا تھا ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب اور ابوالعاص بن ربیع۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جو بنو قریظہ کی درخواست پر حضورؐ کی اجازت سے ان کے پاس مشورے کیلئے گئے اور وہاں ان سے ایک راز فاش ہو گیا جس کا احساس ہوتے ہی انہوں نے خود کو مسجد نبوی کے ایک ستون سے بندھوالیا تھا اور کہا تھا کہ جب تک حضورؐ اپنے دست مبارک سے نہ کھولیں گے برابر بندھا رہوں گا؟

ج: حضرت ابولبابہؓ۔

س: مدینہ منورہ سے پہلی بار عمرے کے لئے روانہ ہونے کے بعد حضورؐ نے کس صحابیؓ کو قریش مکہ کے ارادوں کی خبر لانے کے لئے بھیجا تھا؟

ج: حضرت بشرؓ بن سفیان۔

س: صلح نامہ حدیبیہ اور حضرت ابوجندلؓ کی قریش مکہ کے پاس واپسی کے واقع سے متاثر ہو کر وہ کونسے جلیل القدر صحابیؓ تھے جو جوش اور اضطراب کے عالم میں حضورؐ سے گفتگو کرنے کے بعد بہت نادم ہوئے تھے؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ۔

س: کس صحابی نے پہلی بار خانہ کعبہ میں اپنے اسلام لانے کا اعلان کیا جس پر مشرکین مکہ نے مار مار کر انہیں لہولہان کر دیا اور حضرت عباسؓ نے انہیں مشرکین سے چھڑایا۔

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س: کون صحابی رسولؐ میدان جنگ میں شتر مرغ کا پر اپنے سینے پر ایک تمغے کی طرح سجایا کرتے تھے؟

ج: رسول اللہؐ کے چچا حضرت حمزہؓ۔

س: تبوک سے دومۃ الجندل کی طرف حضورؐ نے کس کو چار سو بیس سواروں کے ساتھ روانہ فرمایا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید کو (آپ حاکم دومۃ الجندل اکیدر کو گرفتار کر کے لائے)

س: اس غزوے کا نام بتایئے جس میں حضورؐ نے ایک عورت کی لاش دیکھی اور جب آپ کو معلوم ہوا کہ یہ حضرت خالدؓ بن ولید کے ہاتھوں قتل ہوئی ہے تو آپ نے فرمایا ''خالدؓ بن ولید سے ملو اور کہو کہ رسول اللہؐ نے بچے' عورت یا اجرت پر کام کرنے والے کے قتل سے منع فرمایا ہے؟''

ج: غزوہ حنین۔

س: غزوہ حنین کے نازک ترین لمحات میں حضورؐ کے سفید خچر کی لگام کس نے تھام رکھی تھی اور زین کا پچھلا حصہ کس نے پکڑا ہوا تھا؟

ج: لگام حضرت ابوسفیانؓ بن حارث نے تھام رکھی تھی اور زین کا پچھلا حصہ آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ نے پکڑا ہوا تھا۔

س: طائف کے محاصرہ کے دوران حضورؐ نے کس سے جنگ جاری رکھنے یا نہ رکھنے کے متعلق مشورہ کیا تھا؟

ج: نوفل بن معاویہ سے۔

س: سفر تبوک میں بخار کی وجہ سے فوت ہونے والے اس صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی قبر میں حضورؐ خود اترے اپنے ہاتھ سے اینٹیں رکھیں اور دعا کی ''یااللہ آج کی شام تک میں اس سے راضی رہا ہوں تو بھی اس سے راضی ہو؟''

ج: حضرت عبداللہؓ بن ذوالجادین۔

س: حضرت عبداللہ بن ذوالجادین کے دفن میں حضورؐ کی خصوصی شفقت اور توجہ

دیکھ کر کس صحابیؓ نے بڑی حسرت سے کہا تھا۔ ''کاش اس قبر میں میں دبا دیا جاتا؟''

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

س: حضوؐر سے ملنے والے بنو حنیفہ کے وفد میں شامل اس شخص کا نام بتایئے جس نے آپ سے کہا تھا کہ ''مجھے بھی نبوت میں شریک فرمائیں؟''

ج: مسیلمہ کذاب۔

س: حضوؐر سے ملنے والے وفد بنی طے کے اس شخص کا نام بتایئے جس کے متعلق حضوؐر نے فرمایا تھا ''عرب کے جس شخص کی تعریف میرے سامنے کی گئی وہ دیکھنے پر اس سے کم نکلا سوائے اس شخص کے جو کچھ سنا تھا اس سے بڑھ کر پایا؟''

ج: زید الخیل مسلمان ہو جانے کے بعد حضوؐر نے ان کا نام زید الخیر رکھ دیا تھا۔

س: حضوؐر کی خدمت میں حاضر ہونے والے ان وفود کی تعداد بتایئے جو عام الوفود (۹ھ) میں حاضر خدمت ہوئے تھے؟

ج: تقریباً ۳۶۔

س: حضوؐر کے مقابلے میں سب سے پہلے جھوٹی نبوت کا علم کس نے بلند کیا تھا؟

ج: مسیلمہ کذاب نے۔

س: حضوؐر کے لئے سب سے پہلا شاہی تحفہ کس نے بھیجا تھا؟

ج: نجاشیؒ شاہ حبشہ نے۔

س: حضوؐر نے اپنے خطوط مبارک پر مہر کا استعمال کب شروع کیا تھا؟

ج: یکم محرم ۷ھ سے۔

س: مشرکین عرب میں سے اس پہلے شخص کا نام بتایئے جس کا تحفہ آپ نے قبول فرمایا تھا؟

ج: ابوسفیان جن کا تحفہ صلح حدیبیہ کے موقع پر قبول فرمایا تھا۔

س: وہ پہلا کون سا موقع تھا جب آپ کی زبان مبارک سے بے ساختہ رجز (جنگی ترانہ) صادر ہوا تھا؟

ج: غزوہ حنین میں جب اسلامی لشکر میں سراسیمگی پھیل گئی اور آپ اپنے سفید خچر پر چند رفقاء کے ساتھ چٹان کی طرح میدان میں موجود تھے تو آپ نے پکارا۔ ''انا النبی لا کذب...... انا ابن عبدالمطلب)۔

س: اس پہلے شاعر کا نام بتایئے جسے حضورؐ نے اظہار مسرت کیلئے انعام عطا کیا تھا؟

ج: فتح مکہ کے بعد کعب بن زہیر نے مدینہ شریف حاضر خدمت ہو کر معافی کے لئے اپنا مشہور قصیدہ ''بانت سعاد'' پڑھا اور آپ نے اظہار مسرت کے طور پر اپنی چادر مبارک انہیں انعام میں دے دی۔

س: وہ کونسا پہلا اظہار فخر تھا جو آپ کی نگاہ میں مقبول ہوا؟

ج: غزوہ احد میں حضرت ابودجانہؓ کا آپؐ کی تلوار لے کر اکڑ کر چلنا۔

س: حضورؐ کی طرف سے جاری کردہ پہلا تحریری امان نامہ کسے ملا تھا؟

ج: سفر ہجرت میں سراقہ بن جعشم کو۔

س: حضورؐ کی قیادت میں دنیا کا پہلا باقاعدہ تحریری وفاقی دستور کب مرتب ہوا تھا؟

ج: اھ میں جب آپؐ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں تشریف لے گئے تھے۔

س: حضورؐ کی رکاب میں اوّلین شرف علم برداری کسے حاصل ہوا تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ کو غزوہ ودان میں۔

س: حضورؐ نے مدینہ منورہ میں پہلی مرتبہ اپنا قائم مقام کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ کو۔

س: آپؐ نے انہیں کس موقع پر اپنا قائم مقام مقرر فرمایا تھا؟

ج: غزوہ ودان کیلئے روانگی کے موقع پر۔

س: ان لوگوں کے نام بتایئے جنہوں نے جی بھر کر حضورؐ کی مخالفت کی تھی لیکن فتح مکہ کے بعد آپؐ نے انہیں معاف کر دیا تھا؟

ج: (۱) صفوان بن امیہ
(۲) عکرمہ بن ابوجہل
(۳) کعب بن زہیر
(۴) وحشی بن حرب
(۵) ابولہب کے بیٹے عتبہ اور معتب
(۶) عبداللہ بن سعد بن ابی سرح
(۷) ہند بنت عتبہ زوجہ ابوسفیان
(۸) ہبار بن الاسود

یہ سب مسلمان ہو گئے تھے۔

س: ان لوگوں کے نام بتایئے جو حضورؐ کے سخت ترین مخالفین میں سے تھے اور انہیں آپ نے فتح مکہ کے روز قتل کروا دیا تھا؟

ج: (۱) عبدالعزی ابن خطل
(۲) حارث بن نفیل۔

س: غزوہ حنین میں شامل ہونے والے اس غیر مسلم رئیس کا نام بتایئے جسے فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے اس کی توقع سے بڑھ کر مال مویشی دیئے اور اس نے بے اختیار کہا۔ ''واللہ! بادشاہ کبھی اس فراخدلانہ بخشش پر آمادہ نہیں

ہوتے یہ بخشش تجھ کو ہی زیبا ہے اور اس کے بعد وہ مسلمان ہو گیا؟''

ج: صفوان بن امیہ۔

س: غزوہ حنین کے خاتمہ پر حضوؐر نے اہل مکہ کو جو اس جنگ میں اسلامی لشکر میں شامل تھے اس قدر مال غنیمت سے نوازا کہ انصار مدینہ کے چند نوجوانوں نے اس پر چہ میگوئیاں شروع کر دیں کہ یہ اقرباء پروری ہے اور جب آپ کو اس کا علم ہوا تو آپ نے انصار کو اپنے خیمے میں جمع کر کے ایک مؤثر اور دل گداز خطبہ دیا کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ خطبے کے آخر میں آپ نے کیا ارشاد فرمایا تھا جسے سن کر انصار دھاڑیں مار مار کر رونے لگے تھے اور رو رو کر پکار اُٹھے تھے ''ہمیں صرف محمدؐ درکار ہیں؟''

ج: آپؐ نے آخر میں فرمایا تھا ''اے انصار کیا تمہیں یہ پسند نہیں کہ دوسرے لوگ اونٹ اور بکریاں لے کر جائیں اور تم محمدؐ کو لے کر گھر جاؤ۔'' اس ارشاد سے انصار مدینہ کے دلوں میں عشق رسولؐ کی آگ بھڑک اٹھی تھی۔

س: حضوؐر کی علالت سے کتنے روز قبل اسلامی لشکر نے ایک جھوٹے نبی کو ہلاک کیا تھا؟

ج: دو روز۔

س: اس جھوٹے نبی کا نام بتا دیں؟

ج: اسود عنسی۔

س: منافقوں نے مسجد ضرار کے نام سے کہاں نفاق کی بنیاد پر یہ مسجد تعمیر کی تھی؟

ج: قبا کے مقام پر۔

س: رسول اللہؐ کے حکم پر کن صحابی سے مسجد ضرار کو آگ لگائی تھی؟

ج: حضرت مالک بن دخشم نے۔

س: حضرت اسامہؓ بن زیدؓ کو آخری مہم پر روانہ فرماتے وقت حضورؐ نے اپنے دست مبارک سے علم تیار کر کے کس کے سپرد کیا تھا؟

ج: حضرت بریدہ اسلمیؓ۔

س: حضورؐ کی قبر مبارک کے متعلق جب صحابہؓ کرام میں اختلافات ہوئے کہ اسے کہاں کھودا جائے تو آخر کس نے آخری فیصلہ کن بات کہی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: انہوں نے کیا فرمایا تھا؟

ج: انہوں نے کہا تھا۔ ''میں نے خود نبیؐ سے یہ سنا ہے کہ نبی وہیں دفن ہوتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے اس کی روح قبض کی ہو۔

س: حضورؐ کی قبر مبارک میں نمی دیکھ کر کس نے آپؐ کی چادر بچھا دی تھی؟

ج: آپؐ کے آزاد کردہ غلام حضرت شقرانؓ نے۔

س: حضورؐ کے روضہ مبارک (یعنی حجرہ حضرت عائشہؓ) کا دروازہ کب بند کیا گیا تھا؟

ج: ۱۷ رمضان المبارک ۵۸ھ کو جب ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کا انتقال ہو گیا تھا۔

س: حضورؐ نے حج فرض ہونے کے بعد صرف ایک حج کیا تھا اس سے پہلے آپؐ نے کتنے حج کیے تھے؟

ج: دو حج۔

س: حضورؐ کے وصال سے کچھ عرصے بعد ایک دن حضرت عباسؓ نے انصار کو روتے دیکھ کر اس کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: انہوں نے کہا تھا اے عم رسولؐ، رسول اللہؐ کی صحبتیں یاد آتی ہیں تو جگر کٹتے ہیں اور آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہہ نکلتے ہیں۔

س: حضورؐ کی نزع کی تکلیف دیکھ کر جب آپ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہراؓ فرطِ غم سے بے اختیار پکار اٹھیں ''ہائے میرے ابا کی بے چینی'' تو آپ نے ان سے کیا فرمایا تھا؟

ج: ''بیٹی آج کے بعد تیرا باپ بے چین نہ ہوگا۔''

س: حضورؐ جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو کیا فرماتے تھے؟

ج: ان کو سلام کرتے اور اگر آپ سواری پر ہوتے تو انہیں بھی سوار کر لیتے۔

س: حضورؐ نے کن تین چیزوں سے خود کو بچائے رکھا تھا؟

ج: (۱) ریا سے (۲) کثرتِ کلام سے (۳) بے سود بات سے۔

س: حضورؐ نے دوسروں کو کن تین چیزوں سے بچائے رکھا؟

ج: (۱) کسی کی مذمت نہ فرماتے (۲) کسی کو عار نہ دلاتے (۳) کسی کا عیب تلاش نہ کرتے۔

س: حضورؐ نے اپنے گھر کے اوقات کو کس طرح تقسیم کر رکھا تھا؟

ج: تین اوقات میں۔

س: کیا آپ وہ اوقات بتا سکتے ہیں؟

ج: (۱) ایک حصہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کیلئے۔

(۲) ایک حصہ اپنے گھر والوں کے معاشرتی حقوق ادا کرنے کیلئے۔

(۳) ایک حصہ اپنے نفس کی راحت کیلئے۔

س: رات کو سونے میں حضورؐ کا معمول کیا تھا؟

ج: (۱) عشاء سے پہلے نہیں سوتے تھے۔

(۲) اس گھر میں نہیں سوتے تھے جہاں چراغ جلایا گیا ہو۔

(۳) سونے سے پہلے آنکھوں میں سرمہ لگاتے تھے۔

س: حضورؐ کو کونسی خوشبو زیادہ پسند تھی؟

ج: مشک اور عود کی خوشبو کو زیادہ پسند فرماتے تھے۔

س: حضورؐ کن تین چیزوں کے متعلق فرماتے تھے کہ اگر انہیں کوئی پیش کرے تو قبول کرنا چاہیے؟

ج: تکیہ، تیل، خوشبو اور دودھ۔

س: حضورؐ کی رفتار کیسی ہوتی تھی؟

ج: یوں معلوم ہوتا تھا کہ گویا کسی بلندی سے پستی میں اتر رہے ہوں۔

س: حضورؐ کا ہنسنا کیسا تھا؟

ج: آپ صرف تبسم فرماتے تھے، قہقہہ مار کر نہ ہنستے تھے۔

س: حضورؐ کا رونا کیسا تھا؟

ج: آواز پیدا نہ ہوتی تھی صرف آنسو بہہ جاتے تھے اور سینے سے رونے کی ہلکی ہلکی آواز سنائی دیتی تھی۔

س: حضورؐ کسی کو چیز کس ہاتھ سے دیتے اور کس ہاتھ سے لیتے تھے؟

ج: دائیں ہاتھ سے دیتے اور دائیں ہاتھ سے ہی لیتے تھے۔

س: حضورؐ سفر کیلئے خود کس دن کو پسند فرماتے تھے؟

ج: جمعرات۔

س: حضورؐ صدقہ اور ہدیہ میں سے کونسا مال قبول فرماتے تھے؟

ج: ہدیہ۔

س: حضورؐ کی پہریداری کا شرف کس کو حاصل ہوا؟

ج: (۱) بدر میں حضرت سعدؓ بن معاذ کو۔

(۲) احد میں حضرت زکوانؓ بن عبد قیس اور محمدؓ بن مسلمہ انصاری کو۔

(۳) غزوہ خندق میں حضرت زبیرؓ کو۔

(۴) وادی القریٰ میں حضرت عبادؓ بن بشر کو۔

(۵) مختلف اوقات میں حضرت سعدؓ بن ابی وقاص، حضرت ابو ایوبؓ انصاری اور حضرت بلالؓ کو۔

س: حضورؐ نے ترکے میں کیا چھوڑا؟

ج: دو یمنی چادریں، ایک یمنی ازار بند، دو عدد صحاری کپڑے، ایک عدد صحاری اور سحولی قمیض، ایک یمنی جبہ، ایک منقشی چادر، تین یا چار عدد چھوٹی دیوار والی ٹوپیاں ایک رنگدار لحاف۔

س: حضورؐ کے کمبل اور عمامہ کا رنگ کیسا تھا؟

ج: سیاہ۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ کے حق میں تفسیر کلام پاک اور دین میں عطائے فہم کی دعا کی تھی؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن عباس کے حق میں۔

س: جس طرح حضرت حسانؓ بن ثابت شاعر رسولؐ ہیں اس طرح کن صحابی کو خطیب رسول اللہ کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت ثابت بن قیسؓ۔

س: نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرنے والوں میں سے کس کے لئے آپؐ نے فرمایا تھا آج رات وہ یمن کے شہر صنعا میں قتل کیا جائے گا اور فلاں شخص اس کا قاتل ہوگا؟

ج: اسود عنسی کیلئے۔

س: حضورؐ نے اپنے صحابہ کرامؓ میں سے کس کے لئے "مستجاب الدعوات" ہونے کی دعا فرمائی تھی؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کیلئے۔

س: حضورؐ کے غلاموں کے نام بتائیے؟

ج: آپ نے سب غلاموں کو آزاد کر دیا تھا ان کے نام یہ ہیں۔ حضرت زیدؓ بن حارثہ، حضرت شقرانؓ، حضرت ابو رافعؓ، حضرت سفینہؓ، حضرت ابو کبشہؓ، حضرت ابو مویہبہؓ، حضرت رباحؓ بن اسود، حضرت فضالہؓ، حضرت یسارؓ، مہران، ماعود۔

س: حضورؐ کے امین ہونے کا شرف کسے حاصل رہا ہے؟

ج: (۱) حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف جو حضور کی ازواج مطہرات کی حفاظت پر مامور تھے۔

(۲) حضرت حذیفہؓ بن الیمان جنہیں آپ نے منافقوں کے نام بتا دیے تھے اور انہوں نے زندگی بھر کسی کو نہ بتایا تھا۔

(۳) حضرت اسدؓ بن اسید ساعدی۔

(۴) حضرت بلالؓ جو آپ کے امور خانہ داری کے نگران تھے۔

(۵) حضرت معقیبؓ جو آپؐ کے مہر مبارک کے محافظ تھے۔

س: حضورؐ کے درباری شاعروں کے نام بتائیے؟

ج: (۱) حضرت حسانؓ بن ثابت۔

(۲) حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

(۳) حضرت کعبؓ بن مالک۔

س: حضورؐ کے موذنین (اذان دینے والوں) کے نام بتائیے؟

ج: (۱) حضرت بلالؓ۔

(۲) حضرت ابن ام مکتومؓ۔

(۳) حضرت سعدؓ القرظ۔

(۴) حضرت ابو محذورہؓ۔

س: ہجرت مدینہ کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۳ سال۔

س: اس جلیل القدرؓ صحابی کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے ایک تاریک رات میں نماز عشاء کے بعد جب وہ اپنے گھر کیلئے روانہ ہونے لگے تو کھجور کی ایک ٹیڑھی ٹہنی دی اور فرمایا ''یہ لو یہ ٹہنی یہ تیرے آگے اور پیچھے دس دس ہاتھ تک روشنی ڈالے گی چنانچہ وہ اس کی روشنی میں اطمینان سے گھر پہنچ گئے تھے؟''

ج: حضرت قتادہؓ بن نعمان انصاری۔

س: ابوسفیان نے قریش مکہ کی قید میں کن صحابی سے پوچھا تھا کہ کیا تمہیں یہ پسند ہے کہ تمہیں چھوڑ دیا جائے تم اپنے بال بچوں کے ساتھ ہنسی خوشی رہو اور تمہارے بجائے ہم محمد کا خاتمہ کر دیں۔

ج: حضرت زیدؓ بن دثنہ سے۔

س: موت حضرت زید بن دثنہ کے سامنے تھی۔ آپ نے ابوسفیان کے سوال کے جواب میں کیا کہا تھا؟

ج: ''واللہ! ہم لوگوں کو اتنی سی بات کے عوض بھی آزاد ہو کر اپنے اہل و عیال میں جا رہنا پسند نہیں کہ اس وقت محمدؐ جہاں ہیں وہاں انہیں ایک کانٹا تک چبھے۔''

س: غزوہ احد میں شہید ہونے والے کن صحابی کے بارے میں رسول اکرمؐ نے فرمایا تھا: ''یہ وہ ہے جو ایک وقت کی نماز پڑھے بغیر ہی جنت کو چلا گیا؟''

ج: حضرت عمروؓ بن ثابت۔ آپ غزوہ اُحد کی صبح تک مسلمان نہ ہوئے تھے مگر جب جنگ چھڑی تو آپ نے کلمہ پڑھا' تلوار سونتی اور میدان اُحد میں جا کر شہادت کا بلند رتبہ حاصل کر لیا۔

س: قرآن مجید کے پہلے حافظ کون تھے؟

ج: خود حضورؐ۔

س: قرآن مجید میں آپ کے ذاتی نام محمدؐ کے عنوان سے کتنی سورتیں ہیں؟

ج: ایک سورہ محمدؐ۔

س: حضورؐ پر پہلی وحی (یعنی سورۃ علق کی پانچ آیات کے نزول) کے بعد قرآن مجید کا نزول کتنا عرصہ بند رہا تھا؟

ج: اڑھائی سال تک۔

س: یہ دور جب وحی کا نزول بند رہا کیا کہلاتا ہے؟

ج: فترت الوحی۔

س: وحی کا دوبارہ آغاز ہونے پر سب سے پہلے کون سی سورۃ نازل ہوئی تھی؟

ج: سورہ مدثر کی ابتدائی پانچ آیات۔

س: مکہ شریف میں حضورؐ پر کتنا عرصہ قرآن مجید نازل ہوتا رہا؟

ج: تیرہ برس۔

س: مکہ میں حضورؐ پر کب سے کب تک قرآن مجید نازل ہوتا رہا؟

ج: ۱۰ رمضان المبارک ۵۲ میلادی سے لیکر ۱۱ ربیع الاول ۱۰ نبوی تک۔

س: مدینہ منورہ میں حضورؐ پر قرآن مجید کے نزول کی مدت کیا ہے؟

ج: ۱۰ سال۔

س: حضورؐ پر قرآن مجید کے نزول کی کل مدت کیا ہے؟

ج: ۲۲ سال ۵ ماہ ۱۴ دن۔

س: حضورؐ پر آخری وحی کون سی نازل ہوئی تھی؟

ج: سورہ بقرہ کی آیت نمبر ۲۸۱ اور بعض روایات کے مطابق سورہ المائدہ کی آیت نمبر ۳۔

س: قرآن مجید کے نزول کا آغاز کس رات سے شروع ہوا تھا؟

ج: لیلتہ القدر۔

س: قرآن مجید کی پہلی درسگاہ کونسی تھی؟

ج: مسجد نبوی۔

س: قرآن مجید کی تلاوت آج تک جس لب و لہجہ میں کی جاتی ہے وہ کس کا بتایا ہوا ہے؟

ج: خود آپ اس لب ولہجہ میں تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

س: قرآن مجید میں آپؐ کے دو قریبی رشتے داروں کے نام آئے ہیں ان کے نام بتا دیں؟

ج: (۱) آپؐ کے منہ بولے بیٹے حضرت زیدؓ بن حارثہ (سورہ احزاب)
(۲) آپؐ کے چچا اور جانی دشمن ابولہب کا (سورہ لہب)

س: قرآن مجید میں کس واقعہ کو ''فتح مبین'' کہا گیا ہے؟

ج: صلح نامہ حدیبیہ کو۔

س: قرآن مجید میں آپؐ کو کتنی بار ''یا ایہا النبی'' کہہ کر مخاطب کیا گیا ہے؟

ج: گیارہ مرتبہ۔

س: ایک بار خطبہ دیتے وقت حضوؐر پر اللہ پاک کی عظمت اور ہیبت کا اس قدر خوف طاری ہوا کہ آپؐ پر لرزہ طاری ہو گیا اور صحابہؓ کرام کو اندیشہ پیدا ہوا کہ آپؐ منبر سمیت گر نہ پڑیں کیا آپ ان آیات کی نشاندہی کر سکتے ہیں جو اس وقت آپ نے تلاوت فرمائی تھی اور اس کی تشریح کی تھی؟

ج: سورہ الزمر کی آیت نمبر ۶۲۔

س: حضوؐر کو مشرکوں (خواہ وہ رشتہ دار ہی ہوں) کیلئے دعائے مغفرت نہ کرنے کا حکم کن آیات میں دیا گیا تھا؟

ج: سورہ التوبہ کی آیت نمبر ۱۱۳۔

س: ایک بار حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپؐ سے عرض کیا "یا رسول اللہؐ میں دیکھتا ہوں کہ آپؐ بوڑھے ہوتے جا رہے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟" تو آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا "مجھے سورہ ہود اور اس کی ہم مضمون سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔"

س: حضورؐ پر قرآن مجید کی مکمل صورت میں نازل ہونے والی آخری سورۃ کونسی ہے؟

ج: سورہ النصر۔

س: حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کا حق مہر ایک زرہ بیچ کر حاصل کیا تھا یہ زرہ کن صحابیؓ نے خریدی تھی؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ نے۔

س: رسول اللہؐ نے حضرت علیؓ کو کیا کنیت عطا کی تھی؟

ج: ابوتراب۔

س: حضرت علیؓ نے اپنا دینی بھائی کن صحابیؓ کو بنایا تھا؟

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س: کس مشہور صلح کی دستاویز حضرت علیؓ نے تحریر کی تھی؟

ج: صلح حدیبیہ۔

س: حضرت علیؓ کی ولادت کہاں ہوئی تھی؟

ج: خانہ کعبہ میں۔

س: کیا یہ درست ہے کہ یہ اپنی طرز کا واحد واقعہ ہے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: حضرت علیؓ کے خطبات کا مجموعہ کیا کہلاتا ہے؟

ج: نہج البلاغہ۔

س: یہ کس نے مرتب کیا تھا؟

ج: علامہ شریف رضی نے۔

س: حضرت علیؓ کا نام کس نے رکھا تھا؟

ج: حضورؐ نے۔

س: حضرت علیؓ کا نام ان کی والدہ نے کیا رکھا تھا؟

ج: حیدر۔

س: حضرت علیؓ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت فاطمہؓ بنت اسد۔

س: حضرت علیؓ کے والد کا نام بتایئے؟

ج: جناب ابو طالب۔

س: حضرت علیؓ کا نام ان کے والد نے کیا رکھا تھا؟

ج: اسد۔

س: کس غزوے کے موقع پر حضورؐ نے فرمایا تھا ''آج علیؓ کی ایک ضرب میری امت کے قیامت تک کے اعمال سے افضل ہے؟''

ج: غزوہ احزاب کے موقع پر۔

س: حضرت علیؓ قصاص سے متعلق احادیث کہاں رکھتے تھے؟

ج: اپنی تلوار کی نیام میں۔

س: حضرت علیؓ ایک طرف شیر خدا تھے تو دوسری طرف باب العلم۔ اس حوالے سے رسول اکرمؐ کا کیا فرمان ہے؟

ج: ''میں علم کا شہر اور علیؓ اس کا دروازہ۔''

س: راہِ خدا میں گھوڑا دوڑانے والے پہلے صحابی کون تھے؟

ج: حضرت مقداد بن عمروؓ۔

س: حجتہ الوداع کے موقع پر حضورؐ جب آخری خطبہ فرما رہے تھے تو کونسے صحابیؓ آپ کی آواز دوسروں تک پہنچانے کے لئے دہرا رہے تھے؟

ج: حضرت ربیعؓ بن امیہ بن خلف۔

س: کس صحابیؓ کو حضرت حمزہؓ کی قبر میں ان کے ساتھ دفن کیا گیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن جحش۔

س: مواخات کے موقع پر دو مہاجرین کو دو مہاجرین کا بھائی بنایا گیا تھا دونوں کے نام بتا دیں؟

ج: (۱) حضورؐ نے حضرت علیؓ کو اپنا بھائی بنایا تھا۔

(۲) حضرت حمزہؓ کو حضرت زیدؓ بن حارثہ کا بھائی بنایا گیا۔

س: خطبہ حجتہ الوداع کے موقع پر حضورؐ نے کس صحابیؓ کو ان کی درخواست پر یہ خطبہ انہیں لکھ کر دینے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن نوفل کو۔

س: وہ کونسے صحابیؓ تھے جنہیں آپؐ نے حضرت عیسیٰؑ سے مشابہہ قرار دیا تھا؟

ج: حضرت عروہؓ بن مسعود۔

س: جب حضرت مصعبؓ بن عمیر حضورؐ کے سفیر بن کر مدینہ آئے تو وہ کس کے ہاں ٹھہرے تھے؟

ج: حضرت اسدؓ بن زرارہ کے پاس۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ سے یہ فرمایا تھا۔ ''تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی۔ فرق صرف اتنا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا؟''

ج: حضرت علیؓ سے۔

س: مسجد نبویؐ میں سب سے پہلے چراغ کن صحابیؓ نے روشن کیا تھا؟

ج: حضرت تمیم داریؓ۔

س: مسلمان ہونے پر حضورؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کا نام کیا رکھا تھا؟

ج: عبداللہ۔

س: اس سے قبل آپ کا نام کیا تھا؟

ج: عبدالکعبہ۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کی شہادت کے بعد کس صحابیؓ نے قائم مقام خلیفہ کے فرائض سرانجام دیئے تھے؟

ج: حضرت صہیب رومیؓ نے۔

س: انہوں نے کتنے دن قائم مقام خلیفہ کے فرائض انجام دیئے تھے؟

ج: تین دن۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کے قاتل کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج: اس نے خودکشی کر لی تھی۔

س: ان مشہور صحابیؓ کا نام بتایئے جو غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے لیکن انہیں مال غنیمت میں حصہ ملا تھا؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کس چیز کی تجارت کرتے تھے؟

ج: کپڑے کی۔

س: حضرت عمرؓ کو فاروق کا خطاب کس نے دیا تھا؟

ج: حضورؐ نے۔

س: آپ کو یہ خطاب کس موقع پر دیا گیا تھا؟

ج: اسلام لانے پر اس کے معنی ہیں حق و باطل میں فرق کرنے والا۔

س: جب حضرت عمرؓ ایمان لائے تو اس وقت تک مسلمانوں کی تعداد کتنی ہو چکی تھی؟

ج: ۳۹ مرد۔

س: رسول اکرمؐ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا تھا کہ "میں نے ہر شخص کے احسان کا بدلہ چکا دیا ہے مگر ان کے احسانات کا بدلہ روز قیامت خدا ہی دے گا۔"

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضرت ابو بکر صدیقؓ کے زمانے میں سب سے بڑے قاضی یعنی چیف جسٹس کون تھے؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: جب حضرت عمر فاروقؓ اسلام لائے تھے تو اس وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج: ۳۳ سال۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کا قاتل ابو لولو فیروز کس صحابیؓ کا غلام تھا؟

ج: حضرت مغیرہؓ بن شیبہ۔

س: طائف کی بستی میں حضورؐ کی جانب آنے والے پتھر کن صحابیؓ نے اپنے جسم پر روکے تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

س: حضرت امام حسینؓ کے علاوہ اور کس صحابیؓ کو سید الشہداء کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت امیر حمزہؓ کو۔

س: "فقیہہ الفقہا" کس صحابیؓ کو کہتے ہیں؟

ج: حضرت سعیدؓ بن زید کو۔

س: حضورؐ کے دور میں کلید بردار کعبہ کون تھے؟
ج: حضرت عثمانؓ بن ابی طلحہ۔
س: کونسے صحابیؓ حضورؐ کے سامنے نہیں آیا کرتے تھے؟
ج: حضرت وحشیؓ (انہوں نے اسلام لانے سے قبل حضورؐ کے چچا حضرت حمزہؓ کو شہید کیا تھا۔)
س: حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح ایک جلیل القدر صحابیؓ ہیں ان کا مزار کہاں ہے؟
ج: دمشق میں۔
س: مواخات میں حضرت مصعبؓ بن عمیر کو کن صحابیؓ کا بھائی بنایا گیا تھا؟
ج: حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا۔
س: حضرت اسامہؓ بن زیدؓ کی کنیت کیا تھی؟
ج: ابو محمدؐ۔
س: ایران کو کس صحابیؓ نے فتح کیا تھا؟
ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے۔
س: رئیس الانصار کسے کہا جاتا ہے؟
ج: حضرت سعدؓ بن معاذ کو۔
س: اسلامی دنیا کے پہلے سفیر کون صحابیؓ تھے اور آپؐ نے انہیں کہاں بھیجا تھا؟
ج: حضرت مصعبؓ بن عمیر جنہیں حضورؐ نے ہجرت سے پہلے مدینہ بھیجا تھا۔
س: حضورؐ کی وہ مہر مبارک جو ضروری مراسلات پر لگائی جاتی تھی کن صحابیؓ کی تحویل میں رہتی تھی؟
ج: حضرت حنظلہؓ بن ربیع۔
س: ساقی زمزم کس صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟
ج: حضرت عباسؓ کو۔

س: اسلام کے ان دو نامور جرنیلوں کے نام بتایئے جو ایک ساتھ مسلمان ہوئے تھے؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید اور حضرت عمروؓ بن العاص۔

س: حضرت خالدؓ بن ولید کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو سلمان۔

س: حضرت ابو سفیانؓ نے کس کی وساطت سے اسلام قبول کیا تھا؟

ج: حضورؐ کے چچا حضرت عباسؓ کی وساطت سے۔

س: حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح کو کس صحابیؓ نے اسلام کا پیغام دیا تو انہوں نے اسی وقت حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: حضرت ابو بکر صدیقؓ نے۔

س: بیت المقدس کی چابیاں سب سے پہلے کس صحابیؓ کے حوالے کی گئی تھیں۔

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے۔

س: حضرت عبداللہؓ بن زبیرؓ مشہور صحابیؓ ہیں ان کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت اسماءؓ بنت ابو بکرؓ۔

س: ''امین الامت'' کس صحابی کا لقب ہے؟

ج: حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح کا۔

س: مسجد نبویؐ میں سب سے پہلے اذان دینے کا شرف کس صحابیؓ کو حاصل ہوا تھا؟

ج: حضرت بلالؓ۔

س: ہجرت کے پہلے سال کون سے مشہور یہودی عالم اسلام لائے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن سلام۔

س: حضرت سلمان فارسیؓ ایمان لانے سے پہلے کس مذہب سے تعلق رکھتے

تھے؟

ج: آتش پرست۔

س: حضورؐ کے واقعہ معراج کی تصدیق سب سے پہلے کس صحابیؓ نے کی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: حضرت حمزہؓ کو حبشی غلام وحشی نے جس نیزے سے شہید کیا تھا اس کا نام بتا دیں؟

ج: حربہ۔

س: رسول اکرمؐ کے دونوں ہمسائے آپؐ کے جانی دشمن تھے۔کون کون؟

ج: ابولہب اور عقبہ بن ابی معیط۔

س: خلفائے راشدینؓ کے بعد صحابہ کرامؓ میں کس کا درجہ ہے؟

ج: عشرہ مبشرہ کے باقی چھ صحابہؓ کا۔

س: ''میدان جنگ کی سخت رات مجھے شادی کی سہاگ رات سے زیادہ پیاری لگتی ہے یہ کس مشہور صحابی کا قول ہے؟''

ج: حضرت خالدؓ بن ولید۔

س: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: قبیلہ بنو زہرہ سے۔

س: حضورؐ نے ''فیاض'' کا لقب کس صحابیؓ کو دیا تھا؟

ج: حضرت طلحہؓ کو۔

س: راہ خدا میں دشمن اسلام کا خون بہانے والے پہلے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: حضورؐ کے خطوط حضرت علیؓ کے علاوہ اور کونسے صحابیؓ بھی لکھا کرتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن ارقم۔

س: مشہور صحابیہ حضرت ام عمارہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: حضرت نسیبہؓ بنت کعب۔

س: حضرت خدیجہؓ کی ان بہن کا نام بتایئے جن کی آواز سن کر حضورؐ بے چین ہو جایا کرتے تھے کیونکہ ان کی آواز اپنی مرحوم بہن سے بہت ملتی تھی؟

ج: حضرت ہالہؓ۔

س: حضورؐ کی سب سے بڑی نواسی کون تھیں؟

ج: حضرت امامہؓ۔

س: وہ کس کی بیٹی تھیں؟

ج: حضرت ابوالعاصؓ کی۔

س: جنگ یمامہ میں کن صحابیہؓ کا ایک ہاتھ شہید ہو گیا تھا؟

ج: حضرت ام عمارہؓ کا۔

س: مسلمانوں نے جب پہلی بار حبشہ ہجرت کی تو مردوں کے ساتھ چار خواتین بھی ان کے ساتھ تھیں ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت رقیہؓ، حضرت لیلیٰؓ، حضرت سہلہؓ اور حضرت ام سلمہؓ۔

س: وہ کونسا غزوہ ہے جس میں حضرت علیؓ شریک نہیں ہوئے؟

ج: غزوہ تبوک۔

س: غزوہ تبوک میں اسلامی لشکر کا علم کس کے پاس تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پاس۔

س: حضورؐ کے کون سے چچا تقریباً آپ کے ہم عمر تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کتنی شادیاں کی تھیں؟

ج: چار۔

س: جدہ سعودی عرب کا مشہور شہر ہے اس کی بنیاد کس صحابیؓ نے رکھی تھی؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

س: جنگ قادسیہ اسلامی تاریخ کی مشہور جنگ ہے یہ کس خلیفہ راشد کے دور میں ہوئی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ۔

س: اس جنگ میں ایرانیوں کا سپہ سالار ایک مشہور پہلوان تھا اس کا نام بتا دیں؟

ج: رستم۔

س: جنگ قادسیہ میں اسلامی فوج کے سپہ سالار کون تھے؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: رستم جنگ قادسیہ میں ایک صحابیؓ کے ہاتھوں مارا گیا تھا صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت ہلالؓ بن علقمہ۔

س: بصرہ کا شہر کس خلیفہ راشد نے آباد کیا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: حضرت اویس قرنیؒ واحد خوش نصیب صحابیؓ ہیں جنہیں حضور کی زیارت کے بغیر صحابیؓ ہونے کا شرف حاصل ہے، وہ کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ صفین۔

س: مسلمانوں نے ۵ نبوی میں حبشہ ہجرت کی تھی مہاجرین حبشہ کے سردار کون سے صحابیؓ تھے؟

ج: حضرت جعفر طیارؓ۔

س: حضرت بلالؓ کو مؤذن رسولؐ کہا جاتا ہے انہوں نے کہاں وفات پائی؟

ج: دمشق میں۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو اسلام قبول کرنے سے پہلے توریت کے بڑے عالم تھے اور انہوں نے آپ سے اپنے سوالوں کے جواب سن کر اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن سلام۔

س: رسول اکرمؐ نے کس صحابیؓ کو "ذوالشہادتین" کا لقب عطا فرمایا؟

ج: حضرت خزیمہؓ بن ثابت انصاری کو۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ کے بارے میں فرمایا تھا کہ ان کا انتقال صحرا میں ہو گا؟

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س: حضورؐ نے اپنا جبہ مبارک وفات سے قبل کس صحابیؓ تک پہنچانے کی وصیت فرمائی تھی؟

ج: حضرت اویس قرنیؓ۔

س: فسطاط قاہرہ سے قبل مصر کا دارالحکومت تھا یہ شہر کس صحابیؓ نے آباد کیا تھا؟

ج: حضرت عمروؓ بن العاص نے۔

س: مشہور صحابی حضرت ابوذر غفاریؓ کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: بنو غفار سے۔

س: "فاتح روم" کن صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت عمروؓ بن العاص۔

س: غزوہ بدر کے سب سے کم سن شہید صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت عمیرؓ بن ابی وقاص۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے اور آپؐ نے

غزوہ حنین کیلئے ان سے اسلحہ ادھار لیا تھا؟

ج: حضرت صفوانؓ بن امیہ۔

س: کوفہ عراق کا مشہور شہر ہے یہ کس صحابیؓ نے آباد کیا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص نے۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں لڑی جانے والی آخری جنگ کونسی تھی؟

ج: جنگ یرموک۔

س: ''صاحب الکتابین'' (دو کتابوں والے) کن صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ کو۔

س: سب سے پہلے بیت المال کس خلیفہ راشد کے دور میں قائم کیا گیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے۔

س: حجتہ الوداع کے موقع پر حضورؐ نے کس کا خون بہا معاف کیا تھا؟

ج: حضرت عامر بن ربیعہ کا۔

س: کن صحابیؓ کے بارے میں حضورؐ نے فرمایا تھا کہ ''وہ میری امت میں حلال وحرام کے سب سے زیادہ جاننے والے ہیں؟''

ج: حضرت معاذؓ بن جبل۔

س: کس غزوہ میں حضرت حمزہؓ نے دو تلواروں سے جنگ کی تھی؟

ج: غزوہ بدر۔

س: کن صحابیؓ کے ایمان لانے پر کفار مکہ نے کہا تھا کہ آج مسلمانوں نے ہم سے بدلہ لے لیا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے۔

س: حضرت جبریلؑ کس صحابی کی صورت اختیار کر کے رسول اکرمؐ کے پاس آیا کرتے تھے؟

ج: حضرت دحیہؓ بن خلیفہ۔

س: امحرم ۹ھ کو آپؐ نے مدینہ منورہ میں زکوۃ اور صدقات وصول کرنے کیلئے کس صحابیؓ کا تقرر کیا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کا۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ کیلئے فرمایا تھا کہ وہ روئے زمین پر سب سے سچے انسان ہیں؟

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ کیلئے۔

س: ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں وفات پانے والے پہلے مہاجر صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت عثمان بن مظعون۔

س: غزوہ بدر میں کفار کے علم بردار طلحہ کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ نے۔

س: حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دور خلافت میں ایک ۹۹ میل لمبی نہر کھدوائی تھی اس کا نام بتا دیں؟

ج: نہر امیر المومنین۔

س: عشرہ مبشرہ میں شامل ان جلیل القدر صحابیؓ کا نام بتایئے جو رشتے میں حضورؐ کے ماموں تھے؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: قرآن مجید کو سب سے پہلے مصحف (صحیفہ) کا نام کس صحابیؓ نے دیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: حضرت علیؓ کو کس شہر میں شہید کیا گیا تھا؟

ج: کوفہ میں۔

س: حضورؐ کے کس چچا نے آپؐ کے ساتھ جنگ فجار میں شرکت کی تھی؟

ج: زبیر بن عبدالمطلب نے۔

س: حضرت زبیرؓ بن العوام کا ام المومنین حضرت خدیجہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: بھتیجے کا۔

س: مدینہ منورہ ہجرت کرنے والے پہلے صحابیؓ کون تھے؟

ج: حضرت ابوسلمہؓ۔

س: ان پہلے شہید صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی نماز جنازہ حضورؐ نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: مشہور صحابیؓ حضرت زیدؓ بن حارثہ کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: سریہ موتہ میں۔

س: حضورؐ کی رحلت کے کتنے عرصے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کا انتقال ہوا تھا؟

ج: ۲ سال ۲ ماہ بعد۔

س: غزوہ بدر میں کس صحابیہؓ کے سات بیٹے شریک ہوئے تھے؟

ج: حضرت عفراءؓ بنت عبید۔

س: کونسے مشہور صحابیؓ غزوہ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

س: غزوہ بدر میں مسلمانوں کا نعرہ کیا تھا؟

ج: احد احد۔

س: غزوہ خندق میں ایک صحابیہؓ بھی شامل تھیں ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت رضیدہؓ۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی آنکھ ایک معرکے میں اپنے حلقے سے باہر نکل گئی تھی اور حضورؐ نے اپنے دست مبارک سے اسے صحیح مقام پر رکھ دیا

تھا پھر یہ آنکھ دوسری کی نسبت اور بھی زیادہ روشن اور خوبصورت ہو گئی تھی؟

ج: حضرت قتادہؓ بن نعمان۔

س: حضورؐ کی دعا کردہ کھجوریں کس صحابیؓ کے تھیلے میں حضرت عثمان غنیؓ کے زمانے تک رہیں اور وہ ہر ضرورت کے موقع پر اس میں سے نکالتے رہے لیکن یہ کم نہ ہوتی تھیں؟

ج: حضرت ابو ہریرہؓ۔

س: کس صحابیؓ کا پاؤں ٹوٹ گیا تھا لیکن اس پر حضورؐ کا دست مبارک رکھتے ہی پاؤں بالکل ٹھیک ہو گیا تھا؟

ج: حضرت ابو رافع ؓ۔

س: حضورؐ کے روضہ اقدس میں اور کون کون دفن ہیں؟

ج: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ۔

س: حضورؐ نے یہ پیش گوئی کس کی باتوں کے جواب میں کی تھی کہ ''عنقریب تم دیکھو گے کہ ایک بڑھیا قادسیہ سے مکہ تک اکیلے ہی سفر کرتی ہے اور کوئی اس کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے گا؟''

ج: حضرت عدیؓ بن حاتم سے۔

س: غزوات میں گرفتار ہونے والے قیدیوں کی تعداد کس غزوے میں سب سے زیادہ تھی جنہیں حضورؐ کی مرضی پا کر رہا کر دیا تھا؟

ج: غزوہ حنین میں۔

س: اس غزوہ میں کتنے افراد گرفتار ہوئے تھے؟

ج: بنو ہوازن کے چھ ہزار قیدی۔

س: حضورؐ کا چہرہ مبارک دیکھ کر کس نے کہا تھا ''یہ چہرہ ایک جھوٹے شخص کا

چہرہ نہیں ہوسکتا؟''

ج: حضرت عبداللہؓ بن سلام نے اسلام لانے سے قبل۔

س: کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ صحابیؓ یہودیوں کے بہت بڑے عالم تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جسے پیار سے حضورؐ کبھی کبھی او دو کانوں والے کہا کرتے تھے؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک۔

س: حضورؐ نے ایک دن صحابہ کرامؓ کے اجتماع میں ارشاد فرمایا ''اگر کوئی شخص جنت کی عورت سے عقد کرنا چاہے تو وہ ان سے نکاح کرے۔ آپ کا یہ ارشاد سن کر آپ کے محبوب حضرت زیدؓ بن حارثہ نے ان سے نکاح کر لیا اگرچہ وہ عمر میں حضرت زیدؓ سے کہیں زیادہ بڑی تھیں'' ان خاتون کا نام بتایئے؟

ج: حضورؐ کی آزاد کردہ لونڈی اور آپؐ کو گود میں کھلانے والی خوش نصیب خاتون حضرت ام ایمنؓ جو بعد میں حضرت اسامہؓ بن زیدؓ کی والدہ محترمہ بنیں۔

س: غزوہ بدر میں جب ابوجہل کا سر حضورؐ کے پاس لایا گیا تو آپؐ نے کن صحابیؓ کو بلا کر فرمایا تھا ''اللہ نے تمہاری ماں کے قتل کا بدلہ لے لیا؟''

ج: حضرت عمارؓ بن یاسرؓ۔

س: حضرت عمارؓ بن یاسرؓ کی والدہ کا نام بتایئے جسے ابوجہل نے برچھی مار کر ہلاک کر دیا تھا؟

ج: حضرت سمعیہؓ بنت خباط۔

س: ان محترم خاتون کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے فرمایا تھا کہ وہ ام المومنین

حضرت حفصہؓ کو لکھنا سکھا دیں؟

ج: حضرت شفاءؓ بنت عبداللہ۔

س: عرب کی اس مشہور شاعرہ (مرثیہ گو) کا نام بتایئے جن سے حضورؐ نے ان کے قبول اسلام کے وقت ان کا فصیح و بلیغ کلام پاک سنا وہ سناتی جاتی تھیں اور آپؐ فرماتے جاتے تھے شاباش' شاباش۔

ج: حضرت خنساءؓ بنت عمرو۔

س: وہ کونسی محترم خاتون تھیں جو حضورؐ کی دعا سے ایک کپی میں سے گھی نکال نکال کر سالہا سال تک استعمال کرتی رہی تھیں؟

ج: حضرت ام اوس انصاریہؓ۔

س: حضورؐ کی اس مشہور صحابیہؓ کا نام بتایئے جو طب اور جراحی میں مہارت رکھتی تھیں اور انہوں نے حضرت سعدؓ بن معاذ کے ان زخموں کا علاج کیا تھا جو انہیں غزوہ احزاب میں لگے تھے؟

ج: حضرت ام رضیدہؓ۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی شہادت کی خبر سن کر حضورؐ نے فرمایا تھا "اس کی مثال صاحب یٰسین جیسی ہے کہ انہوں نے اپنی قوم کو حق کی طرف بلایا اور قوم نے انہیں مار ڈالا؟"

ج: حضرت عروہؓ بن مسعود۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے خود اذان سکھائی اور پھر ان کی درخواست پر مسجد حرام کا مؤذن بنا دیا؟

ج: حضرت ابو محذورہؓ۔

س: اس جلیل القدر صحابیؓ کا نام بتایئے جو اسلام قبول کرنے کیلئے جب مکہ سے مدینہ تشریف لے گئے تو انہیں مسجد نبوی میں داخل ہوتے دیکھ کر حضورؐ اس

بے تابی سے ان کی طرف بڑھے کہ آپؐ کی چادر مبارک کندھے سے گر گئی اور آپ نے ''مرحبا یا الراکب المہاجر'' کہتے ہوئے انہیں گلے لگا لیا؟

ج: حضرت عکرمہؓ بن ابوجہل۔

س: حضورؐ کی ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں آپؐ کے میزبان تو حضرت ابوایوب انصاریؓ تھے آپؐ کی اونٹنی قصویٰ کے میزبان کون تھے؟

ج: حضرت اسدؓ بن زرارہ۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جنہیں مال غنیمت سے ملنے والی سونے کی ایک انگوٹھی حضورؐ نے یہ کہتے ہوئے پہنائی تھی کہ ''لو اسے پہنو یہ اللہ اور اس کے رسول نے تمہیں پہنائی ہے؟''

ج: حضرت براءؓ بن حاذب انصاری۔

س: غزوہ اُحد میں حضورؐ نے کن صحابی کے لیے اپنے ترکش کے سارے تیر بکھیر دیئے اور فرمایا: ''چلاؤ' تم پہ میرے ماں باپ فدا ہوں۔'' ان کے سوا کسی اور کے لیے حضورؐ نے ماں باپ کے فدا ہونے کی بات نہیں کی؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: اس نابینا جلیل القدر صحابیؓ کا نام بتایئے جو سورہ عبس کے نازل ہونے کے بعد بھی جب حضورؐ کے کاشانہ مبارک پر حاضر ہوتے تو آپ ان کو دیکھ کر فرماتے تھے۔ ''اس شخص کو مرحبا ہو جس کی وجہ سے رب السموات والارض نے مجھ کو سرزنش کی پھر آپ ان سے پوچھتے کیا تمہیں کوئی حاجت ہے؟ اور اُم المومنین حضرت عائشہؓ ان کی شہد اور لیموں سے خاطر مدارت کیا کرتی تھیں؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے حصول ثواب کیلئے بیت المقدس میں جا کر نماز پڑھنے کی غرض سے جب حضورؐ سے اجازت چاہی تو آپ نے فرمایا مسجد نبوی کی ایک نماز مسجد حرام (خانہ کعبہ) کے علاوہ دنیا کے تمام مساجد کی ہزار نمازوں سے بہتر ہے؟

ج: حضرت ارقمؓ بن ابی الارقم۔

س: ان بہت تیز دوڑنے والے صحابیؓ کے نام بتایئے جنہوں نے ایک بار حضورؐ سے عرض کیا تھا یا رسول اللہ ''اگر آپ مجھے سو آدمی دے دیں تو میں خزادی غارت گروں کا نام و نشان مٹا ڈالوں گا۔ یہاں تک کہ ان میں سے کوئی خبر دینے والا بھی نہیں بچے گا'' اور آپ نے یہ سن کر تبسم فرمایا تھا؟

ج: حضرت سلمیٰؓ بن اکوع اسلمی۔

س: غزوہ تبوک میں شامل ہونے کے بجائے اپنی کاہلی اور سستی کی وجہ سے پیچھے رہ جانے والے ان تین صحابیوں کے نام بتایئے جنہوں نے اپنی عدم شرکت کیلئے حیلے بہانے بنانے کی بجائے حضورؐ کے سامنے اپنے جرم کا اقرار کر لیا تھا؟

ج: حضرت کعبؓ بن مالک، حضرت مرارہؓ بن ربیع اور حضرت بلالؓ بن امیہ۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جنہیں حضورؐ نے بتایا تھا کہ مجھے اللہ نے حکم دیا ہے کہ میں تم کو قرآن پاک سنایا کروں (تاکہ تمہیں یاد ہو) اور انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہؐ کیا اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے اور آپ نے فرمایا ہاں تو وہ خوشی کے مارے رونے لگے؟

ج: حضرت ابیؓ بن کعب انصاری۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جن کے بدن پر میدان جنگ کا رخ کرتے وقت زبردست لرزہ طاری ہو جاتا تھا جس پر قابو پانے کیلئے بہت سے آدمی

انہیں دبا لیتے تھے اور یہ لرزہ دور ہو جانے کے بعد ان میں بلا کی قوت پیدا ہو جاتی تھی اور شیر کی طرح میدان جنگ میں حملہ آور ہوتے تھے؟

ج: حضرت براءؓ بن مالک۔

س: حجۃ الوداع سے پہلے کس صحابی کو حضورؐ نے یمن کا گورنر بنا کر بھیجا۔ تو کچھ دور تک ان کے ساتھ تشریف لے گئے اور انہیں ہدیہ قبول کر لینے کی اجازت دینے کے بعد فرمایا ''شاید تم اس کے بعد مجھ سے نہ مل سکو اور جب مدینہ واپس آؤ تو میری قبر دیکھو۔ یہ سن کر وہ دھاڑیں مار مار کر رونے لگے اور آپؐ نے فرمایا اس طرح رونا اچھا نہیں؟''

ج: حضرت معاذؓ بن جبل انصاری۔

س: اپنے دور خلافت میں حضرت علیؓ نے جب اپنا دارالخلافہ مدینے سے کوفہ منتقل کرنا چاہا تو حضورؐ کے کس صحابیؓ نے ان سے عرض کیا تھا امیرالمومنین اگر آپ نے اس وقت رسول اللہ کا منبر چھوڑ دیا تو پھر زندگی میں شاید ہی اس کی زیارت نصیب ہو اور ایسا ہی ہوا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن سلام۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے حضورؐ سے عرض کیا تھا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ آپؐ کی جبیں مبارک کو چوم رہا ہوں تو آپؐ نے مسکرا کر فرمایا تم اس کی تصدیق کر سکتے ہو چنانچہ انہوں نے آگے بڑھ کر آپؐ کی پیشانی مبارک کو چوم لیا تھا؟

ج: حضرت خزیمہؓ بن ثابت۔

س: صحابہ کرامؓ میں سے محبوب رسول کون کہلاتے تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

س: صحابہ کرام میں سے اس جلیل القدر اور درویش صحابیؓ کا نام بتایئے جن کے

متعلق حضورؐ نے فرمایا تھا۔ ''آسمان کسی ایسے شخص پر سایہ فگن نہیں ہوا اور زمین نے کسی ایسے شخص کو کندھوں پر نہیں اٹھایا جو ان سے زیادہ سچی زبان رکھتا ہو؟''

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س: حضرت ابوذر غفاریؓ کیا کہلاتے تھے؟

ج: خلیل رسولؐ۔

س: صحابہ کرامؓ میں سے ''فقیہہ الامت'' کون کہلاتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

س: ''صاحب السر'' کس صحابیؓ کا لقب تھا؟

ج: حضرت حذیفہؓ بن الیمان۔

س: انہیں صاحبِ السر کیوں کہتے ہیں؟

ج: کیونکہ وہ حضورؐ کے رازدار تھے آپؐ نے انہیں منافقوں کے نام بتا دیئے تھے اور آپؐ نے کبھی یہ راز فاش نہیں کیا اس کے علاوہ حضورؐ کبھی کبھی بالکل تنہائی میں ان سے گفتگو کیا کرتے تھے۔

س: جنت البقیع جو مدینہ منورہ کا مشہور قبرستان ہے میں دفن ہونے والے پہلے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عثمانؓ بن مظعون۔

س: صحابہ کرامؓ میں سے کس قاری کی قرات سن کر حضرت عائشہ صدیقہؓ رک گئی تھیں اور جب حضورؐ نے یہ ماجرا سنا اور ان کی قرات سنی تو خود مسرت سے فرمایا۔ ''ساری تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے میری امت میں تم جیسے شخص کو پیدا کیا؟''

ج: حضرت ابوعبداللہ سالمؓ مولی ابوحذیفہؓ۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ کی میت پر فرمایا تھا۔ ''مرنے والے کی موت پر عرش رحمٰن لرز اٹھا آسمانوں کے دروازے اس کی روح کیلئے کشادہ کر دیئے گئے اور ستر (۷۰) ہزار فرشتے اس کے جنازے میں شریک ہوئے؟''

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: اس جلیل القدر صحابیؓ کا نام بتایئے جنہیں کفار نے رجیع کے مقام پر (جبکہ ان کے ساتھی شہید کر دیئے گئے) قریش مکہ کے ہاتھوں فروخت کر دیا جنہوں نے انہیں سولی پر چڑھا دیا لیکن ان کی لاش کو زمین نگل گئی جس پر وہ ''بلیع الارض'' کہلائے؟

ج: حضرت خبیبؓ بن عدی انصاری۔

س: وہ کونسے صحابیؓ ہیں جنہیں حضورؐ کی زیارت کئے بغیر صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے؟

ج: حضرت اویس قرنیؒ۔

س: صحابی ہونے کی کیا شرائط ہیں؟

ج: حضورؐ کو ایمان کی حالت میں دیکھا ہو اور ایمان کی حالت میں ان کا خاتمہ ہوا ہو۔

س: حضورؐ کی مدینہ آمد کے بعد فوت ہونے والے پہلے صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت اسدؓ بن زرارہ۔

س: اسلام کے سب سے کم سن سپہ سالار ایک صحابیؓ ہیں ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت اسامہؓ بن زیدؓ۔

س: کونسے خلیفۂ خلفائے راشدین میں سے مسند خلافت پر سب سے زیادہ عرصے تک فائز رہے؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

س: غزوہ بدر کے سب سے کم سن شہید کون تھے؟

ج: حضرت عمیرؓ بن ابی وقاص۔

س: اسلام کے پہلے امیر البحر کون تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن قیس۔

س: ان کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ کے دور میں قبرص پر حملے کے دوران۔

س: انصار میں سب سے پہلے اسلام قبول کس نے کیا تھا؟

ج: حضرت رافعؓ بن مالک نے۔

س: وہ کونسے صحابیؓ ہیں جو حضورؐ کی وفات کی خبر سنکر صدمے کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر گئے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن انیس۔

س: ان شاعر صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے سب سے پہلے نعت رسول اکرمؐ کہی؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت۔

س: کس مشہور صحابیؓ کو ان کے تقویٰ کی بناء پر شیخ الاسلام کا خطاب دیا گیا تھا؟

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے مصر کے موجودہ دارالحکومت اور مشہور شہر قاہرہ کی بنیاد رکھی تھی؟

ج: حضرت عمروؓ بن العاص۔

س: حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح نے کون سا ملک فتح کیا تھا؟

ج: ملک شام۔

س: ان پہلی مسلمان خاتون کا نام بتایئے جنہوں نے جنگ کی قیادت کی تھی؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: ''فاتح ایران'' کس صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کو۔

س: بتایئے ''امام الامت'' کس کا لقب ہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا۔

س: قرآن مجید کے پہلے کاتب کون تھے؟

ج: حضرت خالدؓ بن سعید۔

س: اسلام کی راہ میں شہید ہونے والی پہلی خاتون کون تھیں؟

ج: حضرت سمعیہؓ۔

س: حضرت سمعیہؓ کو کس نے شہید کیا تھا؟

ج: ابوجہل نے۔

س: حضورؐ کے انتقال کے بعد اہل بیت میں سب سے پہلے کس نے وفات پائی؟

ج: حضرت فاطمتہ الزہراءؓ۔

س: حضرت علیؓ کا نکاح حضرت فاطمہؓ سے کب ہوا تھا؟

ج: ۲ھ میں۔

س: اسلام کی راہ میں شہید ہوانے والے پہلے مرد صحابی کا نام بتایئے واضح رہے آپ ام المومنین حضرت خدیجہؓ کے بیٹے تھے جو پہلے شوہر سے تھے؟

ج: حضرت حارثؓ بن ابی ہالہ۔

س: اسلام کی حمایت میں پہلی تلوار کن صحابی نے بلند کی تھی؟

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام نے۔

س: احادیث کے پہلے مجموعے کا نام کیا تھا؟

ج: صادقہ۔

س: یہ کس صحابیؓ نے مرتب کیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن عمروؓ بن العاص۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کب خلیفہ بنے تھے؟

ج: حضورؐ کے وصال کے بعد ربیع الاول ۱۱ھ میں۔

س: غزوہ خیبر میں یہودیوں کا سردار مرحب کس کے ہاتھوں مارا گیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ کے ہاتھوں۔

س: حضرت فاطمہؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۳ رمضان المبارک ۱۱ھ میں۔

س: آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت عباسؓ نے۔

س: حضور کی ایک پھوپھی شعر اور بہت اچھے مرثیے کہتی تھیں انہوں نے کئی مرثیے کہے حضرت حمزہؓ اور حضور اکرمؐ کی وفات پر انہوں نے کئی دردناک مرثیے کہے ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت صفیہؓ۔

س: استنبول (ترکی) میں کس مشہور صحابیؓ کا مزار ہے؟

ج: میزبان رسولؐ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا۔

س: ان کا مزار کب اور کس کے زمانے میں بنایا گیا تھا؟

ج: سلطان محمد فاتح کے زمانے میں ۱۴۵۳ء میں۔

س: حضورؐ کے انتقال کے وقت حضرت فاطمہؓ کی عمر کتنی تھی؟

ج: ۲۹ سال۔

س: حضرت فاطمہؓ حضورؐ کی وفات کے بعد کتنا عرصہ زندہ رہیں؟

ج: چھ ماہ۔

س: وہ کونسے بزرگ ہیں جو کسی نبی اور رسول کی امت میں نہیں ہیں اور پھر بھی ایک سچے مسلمان مانے جاتے ہیں ان کے متعلق حضورؐ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ انہیں ایک مستقل امت کی حیثیت سے کھڑا کرے گا؟

ج: حضرت زیدؓ بن عمرو بن فیل۔

س: حضرت علیؓ کے دور خلافت میں مسلمانوں کے مابین دو مشہور جنگیں ہوئیں تھیں ان کے نام بتا دیں؟

ج: جنگ جمل اور جنگ صفین۔

س: خلفائے راشدین میں سے کونسے خلیفہ مسند خلیفہ پر سب سے کم عرصے تک فائز رہے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا دور خلافت کتنا عرصہ ہے؟

ج: دو سال دو ماہ۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کا قاتل کون تھا؟

ج: ابولولو فیروز۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کتنا عرصہ خلیفہ رہے؟

ج: ساڑھے دس سال۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کا دور خلافت کتنے عرصے تک رہا؟

ج: گیارہ سال گیارہ ماہ۔

س: حضرت علیؓ کتنا عرصہ خلیفہ رہے؟

ج: چار سال نو ماہ۔

س: نکاح کے بعد حضورؐ نے حضرت فاطمہؓ کو اپنی کس لونڈی کے ساتھ حضرت علیؓ کے گھر رخصت کیا تھا؟

ج: حضرت ام ایمنؓ۔

س: بیت المقدس کس خلیفہ راشد کے زمانے میں فتح ہوا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں۔

س: بیت المقدس کب فتح ہوا تھا؟

ج: ۱۶ھ میں۔

س: حضورؐ کے وصال تک کتنے صحابہ کرامؓ قرآن پاک کے مکمل حافظ تھے؟

ج: ۲۲ صحابہ کرامؓ۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے والدین کا نام بتایئے؟

ج: والد کا نام حضرت ابوقحافہؓ اور والدہ کا نام سلمٰی ام الخیر۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کے والدین کا کیا نام تھا؟

ج: والد کا نام خطاب اور والدہ کا نام ختنتم۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کا تعلق قریش کے کس مشہور قبیلے سے تھا؟

ج: بنو عدی۔

س: حضرت عمرؓ نے اپنی وفات سے قبل کس صحابیؓ کو اپنی نماز جنازہ پڑھانے کی وصیت کی تھی؟

ج: حضرت صہیبؓ رومی کو۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ کو دو شہادتیں یعنی دو گواہی والا قرار دیا تھا؟

ج: حضرت ابوخزیمہؓ

س: وہ کونسے مسلمان جرنیل ہیں جن کے پائے کا جرنیل آج تک پیدا نہیں ہو

سکا اور انہوں نے کبھی کسی جنگ میں شکست نہیں کھائی؟

حضرت خالدؓ بن ولید۔

حضرت بلالؓ حبشی کے والد کا نام کیا تھا؟

رباح۔

وہ کون سے برگزیدہ صحابیؓ ہیں جنہیں حضورؐ کی عدم موجودگی میں تیرہ مرتبہ امامت کرنے کا شرف حاصل ہوا؟

حضرت ابن ام مکتومؓ۔

حضرت انسؓ حضورؐ کے کون تھے؟

غلام جنہوں نے دس برس تک آپؐ کی خدمت کی؟

کس خلیفہ راشد نے لوگوں کی سہولت کے لئے پولیس کا محکمہ قائم کیا تھا؟

حضرت عمر فاروقؓ نے۔

کس خلیفہ نے قرآن مجید کو تین مختلف حصوں میں تقسیم کیا تھا؟

حضرت عثمان غنیؓ نے۔

مسلمانوں نے پہلی سمندری جنگ کس خلیفہ کے زمانے میں لڑی تھی؟

حضرت عثمان غنیؓ کے زمانے میں۔

عمر ثانیؒ کس خلیفہ کو کہا جاتا ہے؟

حضرت عمرؒ بن عبدالعزیز کو۔

حضرت بلال حبشیؓ کو کس نے خرید کر آزاد کر دیا تھا؟

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

عراق اور شام کس خلیفہ کے دور میں فتح ہوئے تھے؟

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے۔

حضرت امیر معاویہؓ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت ابوسفیانؓ۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کے زخمی ہو جانے کے بعد ان کے کہنے پر کس نے نماز پڑھائی تھی؟

ج: حضرت صہیبؓ رومی نے۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کے والدین کا نام بتایئے؟

ج: والد کا نام عفان اور والدہ کا نام اروی۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کو جب شہید کیا گیا تو آپ اس وقت کیا کر رہے تھے؟

ج: قرآن مجید کی تلاوت کر رہے تھے؟

س: حضرت علیؓ نے مہر میں کیا چیز حضرت فاطمہؓ کو دی تھی؟

ج: زرہ حطمی جو قیمت میں ۴۸۰ درہم تھی۔

س: حضورؐ نے کس جلیل القدر صحابیؓ کے بارے میں فرمایا تھا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی آتا تو وہ...... ہوتے؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے بارے میں۔

س: ذوالنورین کس صحابیؓ کا لقب ہے انہیں یہ لقب کیوں دیا گیا تھا؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ کا کیونکہ حضورؐ کی دو صاحبزادیاں آپ کے نکاح میں آئیں تھیں۔

س: اسلام کے اس سب سے پہلے قاصد کا نام بتایئے جس نے راہِ خدا میں جام شہادت پیا؟

ج: حضرت حارثؓ بن عمیر ازدی۔

س: خانہ کعبہ میں پہلی اعلانیہ نماز کس صحابیؓ کے ایمان لانے کے موقع پر ادا کی گئی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کی ان زوجہ کا نام بتایئے جن کی انگلیاں آپؓ کو قاتلوں سے بچاتے ہوئے کٹ گئی تھیں؟

ج: حضرت نائلہؓ۔

س: حضرت علیؓ کو شیر خدا کا خطاب کب ملا تھا؟

ج: غزوہ خیبر میں مرحب کا قلعہ فتح کرنے کے بعد۔

س: حضرت سلمان فارسیؓ کب ایمان لائے تھے؟

ج: ۲ھ میں۔

س: کس صحابیؓ نے اپنے قبول اسلام کے وقت یہ اعلان کیا تھا کہ اب مسلمان کافروں کے ڈر سے چھپ کر عبادت نہیں کریں گے؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: فتح مکہ کے وقت قریش کا سردار کون تھا؟

ج: ابوسفیان۔

س: عبداللہؓ بن مسعود حضورؐ کے ایک مشہور خادم ہیں ان کے متعلق کونسی خاص خدمت سپرد تھی؟

ج: آپ حضورؐ کے نعلین مبارک اور مسواک کے محافظ تھے۔

س: حبشہ کے بادشاہ نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی طرف سے کس مشہور صحابیؓ نے تقریر فرمائی تھی؟

ج: حضرت جعفر طیارؓ نے۔

س: حضرت زیدؓ بن ثابت' حضرت عمروؓ بن العاص' حضرت خالدؓ بن ولید' حضرت عبداللہؓ بن ارقم' حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ' حضرت زبیرؓ بن عوام' حضرت معاویہؓ بن ابوسفیانؓ ان سب صحابہ کرامؓ میں کیا بات مشترک ہے؟

ج: یہ سب کاتبان وحی تھے۔

س: فجر کی اذان میں ''الصلوۃ خیر من النوم'' کے کلمات کا اضافہ کس خلیفہ راشد نے کیا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: حضرت عمر فاروقؓ جب رسول اللہؐ کے (نعوذ باللہ) قتل کرنے کے ارادے سے جا رہے تھے (اسلام لانے سے پہلے) تو راستے میں کونسے صحابیؓ ملے تھے جنہوں نے کہا تھا کہ پہلے اپنے گھر کی خبر تو لو تمہاری بہن اور بہنوئی مسلمان ہو چکے ہیں؟

ج: حضرت نعیمؓ بن عبداللہ۔

س: بیعت عقبہ الکبریٰ سے کیا مراد ہے؟

ج: نبوت کے ۱۳ویں برس انصار مدینہ کے ۷۳ مرد اور ۲ عورتیں آپؐ کے پاس آئیں اور عقبہ کے مقام پر آپؐ سے بیعت کی۔

س: اس بیعت میں شامل دو عورتوں کے نام کیا تھے؟

ج: (۱) ام عمارہ نسیبہ بنت کعب۔

(۲) ام منیع اسماء بنت عمرو

س: ''سلطان الحدیث'' کن صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت ابو ہریرہؓ کو۔

س: ہجرت سے پہلے مدینہ کے جن ۱۲ اصحابؓ کو حضورؐ نے نقیب بنایا تھا وہ کن قبائل سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: اوس اور خزرج۔

س: خاص کر! کون کاتب وحی مشہور ہیں؟

ج: حضرت ابیؓ بن کعب۔

س: حضورؐ کی وفات کے بعد آپ کے غم میں حضرت بلالؓ نے اذان دینا بند

کر دی تھی لیکن حضوؐر کی وفات کے بعد آپ نے دو مواقع پر اذانیں دیں بتایئے کن اصحابؓ کے کہنے پر؟

ج: (۱) بیت المقدس کی فتح پر حضرت عمر فاروقؓ کے کہنے پر۔
(۲) حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے کہنے پر۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو قبول اسلام سے قبل مکہ کے کافروں کے سفیر بن کر حضوؐر کے پاس آئے تھے لیکن آپؐ کے چہرہ اقدس پر نظر پڑی تو ایمان لانے کو کہا اور وہیں رہنے کی درخواست کی مگر حضوؐر نے سفیر کی حیثیت سے واپس جانے کو کہا بعد میں وہ آئے اور مسلمان ہوئے؟

ج: حضرت ابو رافعؓ۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو عین اس وقت پابہ زنجیر اہل مکہ کی قید سے بھاگ کر مدینہ آئے جب صلح نامہ حدیبیہ کی شرائط لکھی جا رہی تھیں مسلمان ان کو پابہ زنجیر دیکھ کر تلملا اُٹھے تھے مگر انہیں واپس کیا گیا تھا؟

ج: حضرت ابو جندلؓ۔

س: حضرت زید بن حارثہؓ، حضرت ابو رافع اسلمؓ، حضرت شقرانؓ، حضرت حسنین رباح نوبیؓ ان سب حضرات میں کیا بات مشترک ہے؟

ج: یہ سب حضوؐر کے آزاد کردہ غلام تھے۔

س: کس خلیفہ راشدؓ نے اپنے دور میں حضرت خالدؓ بن ولید کو اسلامی لشکر کی سپہ سالاری سے اس لئے معزول کر دیا تھا کہ لوگ یہ نہ سمجھنے لگیں کہ فتح ان کی وجہ سے ہوتی ہے؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ۔

س: بتایئے انیسہ، حذیفہ آنحضرتؐ کے کون تھے؟

ج: دودھ شریک بہن بھائی۔

س: سنہ ہجری کا آغاز کس خلیفہ راشد کے دور میں ہوا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں۔

س: حضرت اویس قرنیؒ جنہیں حضورؐ کی زیارت کیے بغیر صحابیؓ ہونے کا شرف حاصل ہے کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج: یمن کے۔

س: وہ کیا کام کرتے تھے؟

ج: ساربان (اونٹوں کو چرانے والے) تھے۔

س: کس جنگ میں مسلمانوں کے تین بڑے سپہ سالار شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ موتہ۔

س: ان تین سپہ سالاروں کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہؓ حضرت جعفر طیارؓ، حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: کس سے متعلق حضورؐ نے فرمایا تھا: ''سخاوت اس گھرانے کی خصلت ہے۔''

ج: حضرت قیس بن سعد بن عبادہؓ۔

س: ان سسر اور داماد صحابہؓ کا نام بتایئے جو عشرہ مبشرہ میں شامل ہیں؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ (سسر) اور حضرت زبیرؓ بن عوام (داماد)

س: حضورؐ کے کس چچا نے آپؐ سے بدسلوکی پر ابوجہل کا سر پھاڑ دیا تھا اور پھر آپؐ کے کہنے پر اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: مدینہ کی طرف ہجرت کرنے والے پہلے صحابیؓ کون تھے؟

ج: حضرت ابوسلمہؓ بن الاسود۔

س: حضورؐ کے زمانہ جاہلیت کے اس دوست کا نام بتایئے جو مکہ آئے تو سنا کہ محمد کو جنون ہو گیا ہے (معاذ اللہ) وہ جھاڑ پھونک کرتے تھے لہٰذا آپؐ

کے علاج کی غرض سے آپؐ کے پاس آئے اور مسلمان ہو کر گئے؟

ج: حضرت ضمادؓ بن ثعلبہ۔

س: یہ کس قبیلے کے رئیس تھے؟

ج: ازدشندہ۔

س: جھوٹے نبی مسلیمہ کذاب کے پاس حضورؐ نے کس صحابیؓ کو سفیر بنا کر بھیجا تھا؟

ج: حضرت حبیبؓ بن زید کو۔

س: مسلیمہ کذاب نے انہیں اپنی رسالت ماننے پر مجبور کیا اور انکار پر ان سے کیا سلوک کیا تھا؟

ج: حضرت حبیبؓ بن زید کا ایک ایک عضو کاٹ کر شہید کر دیا۔

س: کون سے صحابی حضورؐ کے قاصد کی حیثیت سے نامہ مبارک لیکر بصرہ کے حاکم شرجیل بن عمر کے پاس گئے۔

ج: حضرت حارثؓ بن عمیر۔

س: شرجیل نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا؟

ج: اس نے حضرت حارثؓ کو شہید کرا دیا۔

س: حضرت حاطبؓ بن بلتعہ شاہ مصر مقوقس کے پاس آپؐ کا نامہ مبارک لیکر گئے تھے ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوعبداللہ۔

س: وہ کب فوت ہوئے تھے؟

ج: ۳۰ھ میں۔

س: ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کے پاس آپؐ کا نامہ مبارک لیکر حضرت عبداللہؓ بن حذیفہ گئے تھے ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو حذیفہ۔

س: ان کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

ج: قبیلہ قریش کی شاخ بنوتیم سے۔

س: حضورؐ کے کون سے قاصد ام المومنین حضرت ام سلمیٰؓ کے سگے بھائی تھے؟

ج: حضرت مہاجرؓ بن امیہ۔

س: پہلے ان کا نام کیا تھا؟

ج: ولید۔

س: حضرت بلالؓ کہاں کے رہنے والے تھے؟

ج: مکہ اور یمن کے درمیان ایک مقام سراۃ کے رہنے والے تھے۔

س: حضورؐ نے مسجد قباء میں کسے موذن مقرر کیا تھا؟

ج: حضرت سعد القرظؓ۔

س: ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن عائد۔

س: حضرت بلالؓ کے والد کا نام تو رباح تھا ان کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: حمامہ۔

س: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ شاعر ہونے کے علاوہ اور کیا خصوصیت رکھتے تھے؟

ج: آپ دربار نبویؐ میں کاتب بھی تھے۔

س: ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو محمد۔

س: حضورؐ کے کس شاعر صحابیؓ کے شعروں سے متاثر ہو کر قبیلہ دوس کے لوگ مسلمان ہو گئے تھے؟

ج: حضرت کعبؓ بن مالک کے۔

س: حضرت کعبؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو عبدالرحمٰن۔

س: ان کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۵۳ھ میں۔

س: کس شاعر رسول کو غزوہ احد میں تیرہ زخم آئے تھے؟

ج: حضرت کعبؓ بن مالک کو۔

س: حضورؐ نے کس شاعر کے بارے میں فرمایا تھا بے شک جبرائیلؑ کے ذریعے اللہ تعالیٰ ان کی مدد کرتے ہیں؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت۔

س: کس خلیفہ راشد کو سب سے پہلے امیرالمومنین کہا گیا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کو۔

س: حضورؐ نے کس کیلئے فرمایا تھا ''اللہ جل شانہ نے ان کی زبان اور قلب پر حق جاری کر دیا وہ بلاشبہ چراغ اہل جنت ہیں؟''

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے لئے۔

س: ''واللہ میں ان سے ضرور لڑوں گا جو صلوٰۃ اور زکوٰۃ میں فرق کرتے ہیں'' یہ کس خلیفہ نے ارشاد فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کا تعلق قریش کی کس شاخ سے تھا؟

ج: بنو امیہ سے۔

س: نقیب اسلام کس خلیفہ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: حضرت علیؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوتراب۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کے عہد میں لڑی جانے والی پہلی جنگ کون سی تھی؟

ج: جنگ یرموک۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کب خلیفہ بنے تھے؟

ج: محرم ۱۴ھ میں۔

س: اس جنگ میں اسلامی لشکر کا سردار کون تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: کس صحابی رسولؐ نے جب بیت المقدس میں اذان دی تو حضرت عمر فاروقؓ اور صحابہ بے اختیار رو پڑے تھے؟

ج: حضرت بلالؓ نے۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں نبوت کے کن جھوٹے دعویداروں کا خاتمہ کیا گیا تھا؟

ج: مسیلمہ کذاب، طلحہ اسدی، سجاح بنت حارث۔

س: جمعہ کی نماز میں پہلی اذان کا اضافہ کس نے کیا تھا؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ نے۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کب خلیفہ بنے تھے؟

ج: ۲۴ھ میں۔

س: آپ کا دور خلافت سب سے طویل ہے بتایئے کب سے کب تک؟

ج: ۲۴ھ سے ۳۵ھ تک۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کے دور میں مسلمانوں نے پہلی سمندری جنگ لڑی تھی بتایئے کب؟

ج: ۶۵۵ء میں (۳۴ھ)۔

س: یہ جنگ کس کے خلاف لڑی گئی تھی؟

ج: رومیوں کے خلاف۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کی عمر کیا تھی جب انہیں شہید کیا گیا؟

ج: ۸۲ سال۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۱۳ھ میں۔

س: آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں مسلمانوں نے سب سے زیادہ علاقے فتح کئے بتایئے کل کتنے شہر فتح ہوئے تھے؟

ج: ۱۰۳۶۔

س: بیت المال کا محکمہ پہلی مرتبہ کس خلیفہ راشد کے دور میں قائم کیا گیا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ پہلی مردم شماری بھی آپ کے دور میں ہوئی تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کو کب شہید کیا گیا تھا؟

ج: ۲۶ ذی الحجہ ۲۳ھ کو۔

س: کس صحابیؓ کی آواز کو حضورؐ نے ایک جماعت کی آواز قرار دیا تھا؟

ج: حضرت ابوطلحہؓ کی۔

س: سیف اللہ تو حضرت خالدؓ بن ولید کا لقب ہے کس صحابیؓ کو "سیف الاسلام" کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کو۔

س: ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو اسحاق۔

س: کس صحابیؓ کے پیچھے حضورؐ نے ایک مرتبہ نماز پڑھی تھی؟

ج: حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کے۔

س: کس صحابیؓ کو اسلام لانے پر پاؤں میں رسی ڈال کر پتھریلی زمین پر گھسیٹا جاتا تھا؟

ج: حضرت ابوفکیہہؓ۔

س: ان کا پرانا نام کیا تھا؟

ج: افلح۔

س: حضرت خالدؓ بن ولید کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

ج: قبیلہ بنی مخزوم۔

س: آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

ج: عبدالشمس الولید۔

س: کس صحابیؓ کو قائم اللیل اور صائم النہار کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کے بہنوئی عشرہ مبشرہ میں شامل ہیں ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت سعیدؓ بن زید۔

س: ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالاعود۔

س: عشرہ مبشرہ میں شامل ان صحابہ کرامؓ کے نام بتایئے جو دونوں ہجرتوں میں شامل تھے؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ، حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح، حضرت زبیرؓ بن عوام۔

س: حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کا اصل نام کیا تھا؟

ج: عامر۔

س: حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کا پہلے نام عبد عمرو تھا بتایئے کس نے آپ کا نام عبدالرحمٰنؓ رکھا تھا؟

ج: حضورؐ نے۔

س: عشرہ مبشرہ کے دس صحابہؓ میں سے سب سے آخر میں کس کا انتقال ہوا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص

س: کونسے صحابیؓ سب سے پہلے فوت ہوئے تھے (دس صحابہؓ میں سے)۔

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضرت عمروؓ بن العاص ایک مشہور صحابیؓ ہیں وہ کس عمر میں مسلمان ہوئے تھے؟

ن: ۴۳ سال کی عمر میں۔

س: اسلام لانے کے بعد آپ نے پہلی جنگ کونسی لڑی تھی؟

ج: سریہ ذات السلاسل۔

س: غزوہ خندق میں کونسے مشہور صحابیؓ مشرک بن العرقہ کا تیر لگنے سے زخمی ہوئے اور چند دن بعد انتقال کر گئے؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: کونسے نامور شاعر صحابیؓ جنگ موتہ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: اسلام کے لئے پہلے تیر چلانے والے صحابیؓ کون ہیں؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: حضرت ابو ہریرہؓ ایک مشہور صحابیؓ ہیں آپ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: عمیر۔

س: غزوہ احد میں شہید ہونے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی شادی اسی رات ہوئی تھی؟

ج: حضرت حنظلہؓ بن عامر۔

س: کونسے صحابیؓ حضورؐ کے حکم سے صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت عثمان غنیؓ سے پہلے قریش سے بات چیت کرنے گئے تھے؟

ج: حضرت خراشؓ بن امیہ۔

س: خانہ کعبہ میں نماز ادا کرتے ہوئے رسول اکرمؐ کی پشت پر کس بدبخت نے اونٹ کی اوجھری رکھی تھی؟

ج: عقبہ بن ابی معیط نے ابوجہل کے کہنے پر۔

س: اس اوجھری کو کس نے ہٹایا تھا؟

ج: حضرت فاطمہؓ نے جو اس وقت کم سن تھیں۔

س: کس صحابیؓ کی پیدائش پر حضورؐ نے ان کے کان میں اذان دی اور اپنا لعاب دہن منہ میں ڈال کر فرمایا "لے جاؤ خلفاء کے باپ کو؟"

ج: حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ خلفائے بنو عباس آپ کی اولاد میں سے تھے۔

س: وہ کونسے صحابیؓ ہیں جو یمن سے کسی کام کے لئے مکہ آئے تو مشرکین نے کہا محمدؐ سے بچ کر رہنا وہ تو جادوگر (معاذاللہ) ہے بیٹے کو باپ سے بھائی کو بھائی اور بیوی کو شوہر سے جدا کر دیتا ہے اس کے باوجود انہوں نے کلام پاک سنا اور مسلمان ہو گئے؟

ج: حضرت طفیلؓ بن عمرو دوسی۔

س: وہ کونسے صحابیؓ ہیں جو ابوجہل کے ماں جائے بھائی تھے؟

ج: حضرت عیاشؓ بن ابی ربیعہ۔

س: ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوعبدالرحمٰن۔

س: حضورؐ نے کس صحابیؓ کے لئے یہ فرمایا تھا ''وہ روم کے پہلے پھلوں میں سے ہیں؟''

ج: حضرت صہیبؓ رومی۔

س: غزوہ خیبر سے پہلے مسلمان ہونے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے جنگ یرموک میں کارہائے نمایاں انجام دیئے؟

ج: حضرت سعیدؓ بن عامر۔

س: حضرت ابودرداؓ ایک مشہور صحابیؓ ہیں ان کا اصل نام کیا تھا؟

ج: عویمرؓ۔

س: آپ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۳۲ھ میں۔

س: حضورؐ کے ان چچازاد بھائی کا نام بتایئے جن کی کنیت ابومحمد تھی؟

ج: حضرت فضلؓ بن عباسؓ۔

س: وہ کونسے صحابیؓ ہیں جن کا اصل نام ثوبان تھا مگر وہ اپنی کنیت کی وجہ سے مشہور ہیں؟

ج: حضرت ابوعبداللہؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ آپ کا شمار اہل بیعت میں کیا جاتا ہے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: ''سلطان الخیر'' کونسے جلیل القدر صحابیؓ اس نام سے مشہور ہوئے تھے؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ۔

س: مدینہ منورہ میں حضورؐ کی آمد کے بعد پیدا ہونے والے پہلے صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن زبیرؓ۔

س: ترجمان القرآن کس صحابیؓ کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کو۔

س: حضرت امیر معاویہؓ کے دور میں معرکہ قسطنطنیہ پیش آیا اس معرکے کے دوران کس صحابی رسولؐ نے وفات پائی اور انہیں ان کی وصیت کے مطابق قلعے کی فصیل کے نیچے دفن کیا گیا؟

ج: حضرت ابوایوب انصاریؓ۔

س: ڈاک کا محکمہ کس خلیفہ کے دور میں قائم کیا گیا تھا؟

ج: حضرت امیر معاویہؓ کے دور میں۔

س: اس محکمے کا نام کیا رکھا گیا تھا؟

ج: برید۔

س: حضرت حمزہؓ، رسول اکرمؐ سے کونسی سورتیں سن کر ایمان لائے تھے؟

ج: سورۃ مومن اور سورۃ طٰہٰ سن کر۔

س: حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت حمزہؓ کے قبول اسلام کے کتنے دن بعد اسلام قبول کیا تھا؟

ج: 3 دن بعد۔

س: کس صحابیؓ کو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی قوت حافظہ عطا فرمائی تھی اور انہیں یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے بڑی تعداد میں رسول اکرمؐ کی احادیث بعد والوں تک پہنچائیں۔

ج: حضرت ابوہریرہؓ۔

سنہ اھ کے اہم واقعات

س: حضورؐ نے مکہ سے مدینہ کب ہجرت کی تھی؟

ج: اھ میں۔

س: اس سفر میں آپؐ کے رفیق کون تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضرت ابوبکرؓ صدیق کے علاوہ آپؐ کے ہمراہ کتنے افراد تھے؟

ج: دو افراد۔

س: ان دو افراد میں سے ایک تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کے غلام تھے ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت عامرؓ بن فہیرہ۔

س: دوسرے شخص کا نام بتایئے جو اگرچہ کافر تھا لیکن اس نے سفر ہجرت میں حضورؐ کی کامیاب رہنمائی کی تھی؟

ج: عبداللہ بن اریقط۔

س: حضورؐ نے مکہ سے مدینہ ہجرت کرتے ہوئے کس غار میں قیام کیا تھا؟

ج: غار ثور میں۔

س: یہ غار مکہ مکرمہ سے کتنی دور ہے؟

ج: ۶ میل دور۔

س: یہ غار مکہ مکرمہ کی کس طرف ہے؟

ج: شمال مشرق میں۔

س: حضورؐ نے اس غار میں کتنے روز قیام فرمایا تھا؟

ج: تین روز۔

س: غار میں پہلے کون داخل ہوا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ

س: آپ نے غار میں داخل ہو کر کیا کیا؟

ج: غار کو صاف کیا۔ ایک جانب چند سوراخ تھے جنہیں اپنا تہ بند پھاڑ کر بند کیا لیکن دو سوراخ بچے رہے جن پر حضرت ابوبکرؓ نے اپنے پاؤں رکھ دیئے اور رسول اللہ سے عرض کی کہ غار میں تشریف لے آئیں۔

س: کیا یہ صحیح ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کے پاؤں پر کسی چیز نے ڈس لیا تو رسول اکرمؐ کے لعاب دہن لگانے پر تکلیف جاتی رہی؟

ج: جی ہاں۔

س: حضورؐ نے ہجرت کی شب کسے اپنے بستر پر سلایا تھا؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: انہیں آپ نے کس مقصد کے لئے اپنے بستر پر سلایا تھا؟

ج: تاکہ وہ لوگوں کی امانتیں جو انہوں نے حضورؐ کے پاس رکھوائی ہوئی تھیں واپس دے دیں۔

س: حضرت علیؓ اس موقع پر بے خوف وخطر بستر پر لیٹ گئے تھے اس وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۰ سال۔

س: حضورؐ نے جس رات ہجرت کی اس رات کفار مکہ آپؐ کا رستہ روکنے کے لئے کس عمارت میں مشورہ کی غرض سے جمع ہوئے تھے؟

ج: دارالندوۃ۔

س: اس رات کس بدبخت نے آپؐ کے قتل کی تجویز پیش کی تھی؟
ج: ابوجہل نے۔
س: اس رات کو جب آپؐ کے قتل کا منصوبہ بنایا گیا کیا کہتے ہیں؟
ج: یوم الزحمت۔
س: حضورؐ ہجرت کی رات جب مکہ مکرمہ سے نکلے تو کس سورۃ کی تلاوت فرما رہے تھے؟
ج: سورۂ یٰسین۔
س: گھر سے نکلتے وقت کفار مکہ کی نظروں سے محفوظ رہنے کے لئے آپؐ نے کیا ترکیب اختیار کی تھی؟
ج: حضورؐ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک مٹھی بھر مٹی اٹھا کر ان کی طرف اچھال دی تھی۔
س: کیا یہ درست ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس مٹی سے ان کی آنکھیں اندھی ہو گئی تھیں اور آپؐ بڑے آرام سے ان کے درمیان میں سے تشریف لے گئے تھے؟
ج: جی ہاں، درست ہے۔
س: مکہ سے نکل کر حضورؐ نے مکے کی جانب چہرہ مبارک کر کے کیا فرمایا تھا؟
ج: آپؐ نے فرمایا تھا ''اے مکہ! تو مجھے بہت عزیز ہے لیکن تیرے فرزند مجھے یہاں رہنے نہیں دیتے۔''
س: ہجرت نبویؐ کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟
ج: ۵۳ سال۔
س: حضورؐ نے غار ثور میں کونسی تین راتیں قیام فرمایا تھا؟
ج: جمعہ، ہفتہ، اتوار اور پیر کی رات کو غار سے نکل کر مدینے کا راستہ لیا تھا۔
س: اس وقت اسلامی مہینہ کونسا تھا؟
ج: صفر المظفر۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ان بیٹے کا نام بتایئے جو غار ثور میں ہر روز شام کو تمام دن کی خبریں آنحضرتؐ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کو پہنچایا کرتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ۔

س: حضورؐ نے کس اونٹنی پر سوار ہو کر ہجرت فرمائی تھی؟

ج: قصویٰ نامی اونٹنی پر۔

س: آنحضرتؐ جب ہجرت کے لئے مکہ سے نکل کر غار ثور تشریف لے جا رہے تھے تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کی کس صاحبزادی نے زادِراہ تیار کیا تھا؟

ج: حضرت اسماءؓ نے۔

س: اس موقع پر توشہ دان کو باندھنے کے لئے رسی وغیرہ نہ ملنے پر انہوں نے کیا کیا تھا؟

ج: اپنے ناطقے (پٹکے) کو پھاڑ کر دو حصوں میں تقسیم کر دیا تھا اور ایک ٹکڑے سے اسے باندھا تھا۔

س: اس موقع پر اتنی ذہانت اور عقلمندی دکھانے پر حضورؐ نے انہیں کیا خطاب دیا تھا؟

ج: ذات النطاقین کا۔

س: حضورؐ نے جب مدینہ ہجرت کی تو عیسوی مہینہ کونسا تھا؟

ج: جون کا۔

س: مکے سے آپؐ کس تاریخ کو روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۲۸ جون ۶۲۲ء کو۔

س: حضورؐ کس اسلامی تاریخ کو مکے سے باہر نکلے تھے؟

ج: ۲۷ صفر کو۔

س: اس روز ہفتے کا کون سا دن تھا؟

ج: جمعرات۔

س: کفار مکہ کو جب یہ علم ہوا کہ آنحضرتؐ ان سے بچ کر نکل گئے ہیں تو وہ سب سے پہلے کہاں گئے تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر۔

س: بتایئے کس نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صاحبزادی اسماءؓ سے حضورؐ کے بارے میں پوچھا تھا؟

ج: ابوجہل نے۔

س: ان کے نہ بتانے پر اس بدبخت نے حضرت اسماءؓ سے کیا سلوک کیا تھا؟

ج: اس نے حضرت اسماءؓ کے منہ پر زور سے چانٹا مارا تھا۔

س: کفار مکہ نے حضورؐ کی تلاش کرنے پر کیا انعام مقرر کیا تھا؟

ج: ۱۰۰ سرخ اونٹ۔

س: سفر ہجرت میں، جب حضورؐ غار ثور سے نکل کر عازم مدینہ ہوئے تو بہت سے کافر آپؐ کے تعاقب میں انعام کے لالچ میں نکلے لیکن ایک شخص آپ تک پہنچنے میں کامیاب ہوا اس کا نام بتایئے؟

ج: سراقہ بن مالک بن جعشم

س: حضورؐ کے قریب پہنچنے پر اس کے ساتھ کیا ہوا تھا؟

ج: اس کے گھوڑے کی ٹانگیں ریت میں دھنس گئی تھیں اور وہ منہ کے بل زمین پر گرا تھا۔

س: وہ دوبارہ گھوڑے پر سوار ہوا لیکن ایک بار پھر زور سے منہ کے بل زمین پر گرنے سے اس نے کیا نتیجہ اخذ کیا تھا؟

ج: وہ سمجھ گیا تھا کہ یہ سب خدا تعالیٰ کی مرضی سے ہو رہا ہے۔

س: اس پر اس نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا تھا؟

ج: اس نے حضورؐ سے جان کی امان طلب کی تھی۔

س: کیا آپؐ نے اسے امان دی تھی؟

ج: جی ہاں۔

س: حضورؐ نے سراقہ سے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپ نے فرمایا تھا۔ ''سراقہ! اس وقت تمہاری شان کیا ہو گی جب تم کسریٰ کے شاہی کنگن پہنو گے۔''

س: حضورؐ نے سراقہ کو خوشخبری دی تھی وہ کب پوری ہوئی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں جب ایران فتح ہوا اور انہوں نے حضورؐ کے فرمان کے مطابق بھرے دربار میں انہیں کنگن پہنائے۔

س: کیا سراقہ بن جعشم نے اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: جی ہاں۔

س: سفر ہجرت کے دوران سراقہ بن جعشم حضورؐ سے کس مقام پر ملا تھا؟

ج: قدید کے مقام پر۔

س: سراقہ بن جعشم کے علاوہ اور کون انعام کے لالچ میں حضورؐ کو ڈھونڈتے ہوئے آپ تک پہنچ گئے تھے؟

ج: بریدہ بن حصیب اسلمی۔

س: ان کے ساتھ کتنے افراد تھے؟

ج: ۷۰ افراد۔

س: کیا یہ درست ہے کہ وہ حضورؐ سے بات چیت کے بعد اپنے تمام ساتھیوں کے ساتھ اسلام لے آئے تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: سفر ہجرت سے قبل حضورؐ نے مکہ سے نکل کر کس مقام پر مکہ شہر سے خطاب کیا تھا؟

ج: جحفہ کے مقام پر۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اس وقت مکہ مکرمہ اور بیت اللہ کی یاد سے حضورؐ پر رقت طاری ہو گئی تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: مدینہ کی طرف سفر کرتے ہوئے راستے میں آپ نے کس کے خیمے میں سے بکری کا تازہ دودھ حاصل کیا تھا؟

ج: ام معبد کے خیمے سے۔

س: ام معبد کا اصل نام کیا تھا؟

ج: عاتکہ بنت خالد۔

س: حضورؐ کس تاریخ کو قباء پہنچے تھے؟

ج: یکم ربیع الاول کو۔ (بعض کتب میں 8 ربیع الاول لکھا ہے۔)

س: قباء مدینہ شریف کے قریب ایک بستی ہے یہ مدینہ سے کتنی دور ہے؟

ج: تین میل دور۔

س: قباء میں حضورؐ کے میزبان کون سے صحابیؓ تھے؟

ج: حضرت کلثومؓ بن الہدم۔

س: ہجرت کے بعد کس نے حضورؐ کو قباء کے قریب پہنچتے ہوئے سب سے پہلے دیکھا تھا؟

ج: ایک یہودی نے۔

س: یہودی نے جب حضورؐ کو قباء میں داخل ہوتے دیکھا تو اس نے کیا کہا تھا؟

ج: وہ زور سے پکارا تھا "اے بنی قیس یہ تمہارے سردار آن پہنچے۔"

س: سفر ہجرت میں حضورؐ سے وہ کونسے صحابیؓ ملے تھے جو اپنے تاجر ساتھیوں کے ہمراہ شام سے واپس آرہے تھے؟

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام۔

س: اس موقع پر انہوں نے حضورؐ کو بطور تحفہ کیا پیش کیا تھا؟

ج: سفید کپڑے۔

س: حضورؐ کے خاندان کے اس فرد کا نام بتایئے جو ہجرت کے بعد سب سے پہلے آپ سے قباء آ کر ملے تھے؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: قباء میں تشریف آوری کے بعد حضورؐ نے پہلا کام کونسا کیا تھا؟

ج: آپ نے وہاں ایک مسجد کی بنیاد رکھی تھی اور اس کی تعمیر میں خود بھی مزدوروں کی طرح کام کیا تھا۔

س: کیا یہ درست ہے کہ مسجد قباء اسلامی تاریخ کی پہلی مسجد ہے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ نے قباء سے مدینہ روانہ ہوتے ہوئے کہاں پہلی نماز جمعہ ادا کی تھی؟

ج: بنی سالم بن عوف کی آبادی میں۔ اس مقام پر اب مسجد جمعہ ہے۔

س: قباء اور بنی سالم بن عوف کی بستی سے حضورؐ مدینہ کی طرف جب روانہ ہوئے تو آپ کس اونٹنی پر سوار تھے؟

ج: قصویٰ نامی اونٹنی پر۔

س: حضورؐ کی مدینہ تشریف آوری سے قبل اس شہر کا نام کیا تھا؟

ج: یثرب۔

س: مدینہ کس زبان کا لفظ ہے؟

ج: عربی زبان کا۔

س: اس لفظ کے کیا معنی ہیں؟

ج: شہر۔

س: حضورؐ کس تاریخ کو مدینہ میں داخل ہوئے تھے؟

ج: ۱۲ ربیع الاول کو۔

س: اسلامی سال کون سا تھا؟

ج: ۱ھ۔

س: حضورؐ جس روز مدینہ میں داخل ہوئے وہ ہفتے کا کونسا دن تھا؟

ج: جمعتہ المبارک۔

س: حضورؐ جب مدینہ میں داخل ہوئے تو مدینہ کے ہر قبیلے کی خواہش تھی کہ حضورؐ ان کے ہاں قیام فرمائیں لیکن آپؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: "جہاں میری ناقہ (اونٹنی) بیٹھے گی وہیں میں قیام کروں گا۔"

س: حضورؐ کی اونٹنی کس کے مکان کے سامنے بیٹھی تھی؟

ج: حضرب ابو ایوبؓ انصاری کے ہاں۔

س: مدینہ طیبہ میں حضورؐ کے میزبان حضرت ابو ایوبؓ انصاری تھے ان کا مکان کتنے منزلہ تھا؟

ج: دو منزلہ۔

س: حضورؐ نے مہمانوں وغیرہ سے ملنے اور حضرت ابو ایوبؓ انصاری کی سہولت کے لئے کس منزل میں رہنے کو ترجیح دی تھی؟

ج: نچلی منزل میں۔

س: مدینہ پہنچنے کے بعد حضورؐ کی اونٹنی قصویٰ جس قطعہ زمین پر بیٹھی تھی وہ زمین کس کی ملکیت تھی؟

ج: خاندان بنونجار کے دو یتیم بچوں کی۔

س: کیا آپ ان کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج: سہل اور سہیل۔

س: اس قطعہ زمین کو آپؐ نے کس مقصد کے لئے پسند فرمایا تھا؟

ج: مسجد تعمیر کرنے کے لئے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ مسجد نبویؐ کی زمین کی قیمت حضورؐ نے اصرار کر کے ادا کی تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: مسجد نبویؐ کی زمین کی قیمت کس نے ادا کی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: بعد میں حضورؐ نے کس سے رقم لیکر حضرت ابوبکر صدیقؓ کو ان کی رقم لوٹا دی تھی؟

ج: حضرت ابو ایوبؓ انصاری سے۔

س: حضورؐ نے مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی تھی؟

ج: ربیع الاول ۱ھ میں۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اس مسجد کی تعمیر میں حضورؐ نے خود شانہ بشانہ دیگر مسلمانوں کے ہمراہ حصہ لیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ نے انصار اور مہاجرین میں مواخات (اسلامی اخوت) کا سلسلہ کب قائم کیا تھا؟

ج: پہلی سہ ماہی ۱ھ میں۔

س: اس مقصد کے لئے بلایا جانے والا اجتماع کس صحابی کے ہاں بلایا گیا تھا؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک کے ہاں۔

س: اس موقع پر حاضرین کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۹۰ حضرات۔

س: ان میں سے مہاجرین اور انصار کی تعداد کیا تھی؟

ج: تقریباً برابر تھے یعنی ۴۵' ۴۵۔

س: اس موقع پر حضورؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کس کا بھائی بنایا تھا؟

ج: حضرت خارجہؓ بن زید انصاری کا۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کو کس کا بھائی بنایا گیا؟

ج: حضرت عتبانؓ بن مالک کا۔

س: اس موقع پر حضورؐ نے کس جلیل القدر صحابیؓ کو اپنا بھائی بناتے ہوئے فرمایا تھا "تم دنیا اور آخرت میں میرے بھائی ہو؟"

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: آنحضرتؐ نے مدینہ میں اسلامی ریاست کے قیام کے لئے مدینہ کے یہودیوں سے ایک معاہدہ کیا تھا کب؟

ج: ۱ھ کے وسط میں۔

س: یہ معاہدہ کس نام سے مشہور ہوا؟

ج: میثاق مدینہ۔

س: معاہدے کی تاریخی اہمیت کیا ہے؟

ج: یہ دنیا کا پہلا تحریری معاہدہ تھا۔

س: قباء میں حضورؐ کا قیام تو حضرت کلثومؓ بن الہدم کے مکان میں تھا لیکن ملاقاتیوں کی سہولت کے لئے آپ نے کس صحابیؓ کے مکان کو بطور بیٹھک استعمال فرمایا تھا؟

ج: حضرت سعد بن خثمہؓ کے۔

س: کیا آپ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

ج: کیونکہ ان کی شادی نہیں ہوئی تھی اور وہ اکیلے ہی رہتے تھے۔

س: حضورؐ کے یثرب میں داخلہ کے موقع پر جب انصاری باری باری شرف میزبانی کے لئے درخواست کرتے تو آپؐ ان سے کیا فرماتے تھے؟

ج: آپؐ فرماتے تھے ''میری ناقہ (اونٹنی) کا راستہ چھوڑ دو یہ اللہ کی طرف سے مقرر کی گئی ہے جہاں یہ بیٹھے گی اس جگہ کے لوگ میرے میزبان ہوں گے۔''

س: حضورؐ جب مدینہ میں تشریف لائے تو انصار کی لڑکیوں نے آپؐ کا استقبال کس طرح کیا تھا؟

ج: انہوں نے ترانہ گا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا تھا؟

س: حضورؐ نے انصاری بچیوں کا ترانہ سنکر ان سے کیا پوچھا تھا؟

ج: کیا تم مجھے چاہتی ہو۔

س: جواباً انہوں نے کیا عرض کیا تھا؟

ج: ''ہاں! یا رسول اللہؐ۔''

س: اس پر آپؐ نے ان سے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا ''میں بھی تمہیں چاہتا ہوں۔''

س: ہجرت کے بعد جب حضورؐ قباء کے قریب پہنچ کر ایک جگہ سستانے لگے اور بنو عمرو بن عوف کی بستی کے لوگ اور مہاجرین و انصار ہتھیار سجا کر آپؐ کا والہانہ استقبال کرنے کے لئے وہاں پہنچے تو دھوپ سے بچانے کے لئے کس نے وہاں سایہ کیا ہوا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنی چادر سے آپؐ پر سایہ کر دیا تھا تاکہ آنے والوں کو آقا اور خادم کی پہچان میں دقت نہ ہو۔

س: ہجرت کے بعد جب حضورؐ قباء میں داخل ہوئے تو آپؐ کے استقبال کے لئے کتنے لوگ جمع تھے؟

ج: تقریباً ۵۰۰۔

س: مسجد قباء کی تعمیر کے وقت حضورؐ اپنے صحابہ کرامؓ کی آواز میں آواز ملا کر ترنم سے کیا پڑھتے تھے؟

ج: ''وہ کامیاب ہے جو مسجد کی تعمیر کرتا ہے اور اٹھتے بیٹھتے قرآن پڑھتا ہے اور رات کو عبادت کے لئے جاگتا رہتا ہے۔''

س: مسجد قباء جو ایک عریش یعنی جھونپڑی (Shed) کی شکل میں تھی کے مکمل ہونے پر حضورؐ نے شادمانی کے عالم میں اپنے صحابہ کرامؓ سے مخاطب ہو کر کیا فرمایا تھا؟

ج: ''جو اچھی طرح وضو کرے اور پھر مسجد قباء میں نماز پڑھے اسے عمرے کا ثواب ملے گا۔''

س: حضورؐ نے اپنے جانثاروں کے ساتھ سب سے پہلے کب اور کہاں اعلانیہ باجماعت نماز پڑھی تھی؟

ج: ہجرت کے بعد مسجد قباء کی تعمیر مکمل ہونے پر۔

س: حضورؐ جب نماز جمعہ کے بعد بنو سالم کی بستی سے مدینہ کی طرف روانہ ہونے لگے تو کس نے آپؐ کی اونٹنی کی نکیل تھام کر عرض کیا تھا؟ ''یا رسول اللہ! آپؐ ہمارے ہاں قیام فرمائیں ہم تعداد میں بھی کافی ہیں جنگی سازو

سامان بھی رکھتے ہیں اور دفاع کی طاقت بھی۔"

ج: حضرت عتبانؓ بن مالک اور حضرت عباسؓ بن عبادہ نے۔

س: وہ کس قبیلے کے رئیس تھے؟

ج: قبیلہ بنو سالم کے۔

س: یثرب کے جس محلے سے حضورؐ کی اونٹنی گزرتی تھی اس کے روساء آپؐ سے کیا عرض کرتے تھے؟

ج: یا رسول اللہؐ "قوت اور حفاظت کی طرف آیئے" یعنی ہم بھی قوت رکھتے ہیں اور آپؐ کی حفاظت بھی کر سکتے ہیں۔

س: مدینہ منورہ پہنچ کر آپؐ نے حضرت ابو ایوبؓ انصاری کے ہاں قیام فرمایا تھا ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن زید جو اپنی کنیت ابو ایوب سے مشہور ہیں۔

س: حضورؐ کی مدینہ آمد کے بعد حضرت ابو ایوبؓ انصاری کے ہاں آپؐ کی خدمت میں سب سے پہلے کھانے کی کونسی چیز پیش کی گئی تھی؟

ج: ایک بڑے پیالے میں ثرید تھا جس میں روٹی، گھی اور دودھ تھا۔

س: اسے پیش کرنے والے کون تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن ثابت کی والدہ محترمہ نے اپنے بیٹے کے ہاتھ بھجوایا تھا۔

س: اس کے فوراً بعد کھانا کس کی طرف سے پیش کیا گیا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ کی طرف سے جنہوں نے ثرید اور گوشت سے بھرا ہوا ایک پیالہ پیش کیا تھا؟

س: حضورؐ نے کب اور کہاں یہ ارشاد فرمایا تھا؟ "میرے منبر اور حجرے کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اور میرا منبر حوض کوثر پر ہے۔"

ج: مسجد نبوی کی تعمیر مکمل ہوگئی تو آپ نے کھجور کے ایک تنے سے (جو منبر کا کام دے رہا تھا) ٹیک لگا کر یہ ارشاد فرمایا تھا۔

س: مسجد قباء کی تعمیر کے وقت حضورؐ کس صحابیؓ کے شعر پڑھتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ کے۔

س: کس مسجد میں نماز پڑھنے کا ثواب دوسری مسجدوں میں پڑھی جانے والی ۵۰ ہزار نمازوں کے ثواب کے برابر ہے۔

ج: مسجد نبویؐ میں۔

س: اس مساجد کے نام بتایئے جن کی تعمیر میں حضورؐ نے خود دوسرے صحابہ کرامؓ کے ساتھ مل کر مزدوروں کی طرح کام کیا ہے؟

ج: مسجد قباء اور مسجد نبویؐ۔

☆......☆......☆

س: حضورؐ نے دفاعی مقاصد کے لئے فوجی مظاہروں اور چھاپہ مار دستوں کو بھیجنے کا سلسلہ کب شروع کیا تھا؟

ج: ۱ھ کے ساتویں ماہ کے شروع میں۔

س: حضورؐ نے پہلا فوجی دستہ کب روانہ فرمایا تھا؟

ج: اھ کے ساتویں ماہ میں۔

س: یہ دستہ کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

ج: ۳۰ افراد پر۔

س: اس دستے کے سردار کون تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اسلامی لشکر کا پہلا علم حضورؐ نے حضرت حمزہؓ کو عطا کیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ نے جو پہلا فوجی دستہ حضرت حمزہؓ کی قیادت میں بھیجا تھا وہ کہاں تک گیا تھا؟

ج: سیف البحر تک۔ (-اسی لئے اسے سریہ سیف البحر کہا جاتا ہے۔)

س: اگلا دستہ کب روانہ کیا گیا تھا؟

ج: اھ کے آٹھویں ماہ میں۔

س: اس دستے میں کتنے افراد تھے؟

ج: ۴۰ سے ۸۰ سوار۔

س: اس دستے کے امیر کون تھے؟

ج: حضرت عبیدہؓ بن حارث۔

س: یہ دستہ کس طرف گیا تھا؟

ج: رابغ کی طرف۔ (اسی لئے اسے سریہ رابغ کہا جاتا ہے۔)

س: تیسرا فوجی دستہ آپؐ نے کہاں کے لئے روانہ فرمایا تھا؟

ج: خرار کے لئے۔ یہ جحفہ کے قریب ایک مقام کا نام ہے۔

س: یہ دستہ آپؐ نے کب روانہ فرمایا تھا؟

ج: اھ میں نویں ماہ میں۔

س: اس دستے میں کتنے افراد تھے؟

ج: ۲۰ سوار۔

س: اس دستے کا امیر کسے بنایا گیا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کو۔

س: حضورؐ بہ نفس نفیس پہلی بار کس علاقے کی طرف گئے تھے؟

ج: ودان کی طرف۔ اسے غزوہ ودان یا غزوہ ابوا بھی کہا جاتا ہے۔ یہ پہلی فوجی مہم تھی جس میں رسول اکرمؐ خود تشریف لے گئے تھے اور 15 دن مدینے سے باہر گزار کر آئے۔ غزوہ ودان میں اسلامی پرچم کا رنگ سفید تھا اور علمبردار حضرت حمزہؓ تھے۔

س: مدینہ پہنچ کر حضورؐ نے کتنے افراد کو اہل بیت کی خواتین کو مکہ سے لانے کے لئے بھیجا تھا؟

ج: تین افراد کو۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہؓ حضرت ابو رافعؓ اور حضرت عبداللہؓ بن ابوبکر۔

س: ان تینوں حضرات کو حضورؐ نے کتنے اونٹ عطا فرمائے تھے؟

ج: دو اونٹ۔

س: سفر کے اخراجات کے لئے انہیں کتنی رقم دی گئی تھی؟

ج: ۵۰۰ درہم۔

س: ان افراد کے ساتھ کون کونسی خواتین تشریف لائی تھیں؟

ج: حضرت سودہؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت ام ایمنؓ اور حضرت اسماءؓ۔

س: ان خواتین کی مدینہ آمد حضورؐ کی ہجرت کے کتنے عرصے بعد ہوئی تھی؟

ج: ۷ ماہ بعد۔

س: اذان کی ابتداء کب ہوئی تھی؟

ج: ۱ھ میں۔

س: کن صحابی کو خواب میں اذان کہنے کا طریقہ سکھایا گیا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن زید کو۔ ان کے علاوہ حضرت عمر فاروقؓ کو بھی خواب میں اذان کے کلمات سنائے گئے تھے۔

س: سب سے پہلی اذان دینے کا شرف کسے حاصل ہوا تھا؟ ج: حضرت بلالؓ کو۔

س: حضرت بلالؓ حبشہ کے ایک غلام تھے مکہ میں وہ کس کے غلام تھے؟

ج: امیہ بن ابی خلف کے۔

س: امیہ مشرک ہونے کی بناء پر حضرت بلالؓ کے اسلام لانے پر ان پر بے پناہ مظالم ڈھاتا تھا بتایئے تپتی دوپہر میں جب وہ گرم ریت پر آپ کو لٹا دیتا تھا تو آپ بے اختیار کیا پکارتے تھے؟

ج: احد احد یعنی اللہ ایک ہے اللہ ایک ہے۔

س: حضرت بلالؓ کو حضورؐ کی خواہش پر کس صحابیؓ نے امیہ بن خلف سے خرید کر آزاد کر دیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: حضورؐ کی مدینہ آمد کے بعد کون سے جلیل القدر صحابیؓ ایمان لائے تھے؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ۔

س: وہ حضورؐ کی مدینہ آمد کے کتنے عرصے بعد ایمان لائے تھے؟

ج: پانچ دن بعد۔

س: حضرت سلمان فارسیؓ ایران کے رہنے والے تھے انہیں کیا اعزاز حاصل ہے؟

ج: وہ اسلام لانے والے ایران کے پہلے باشندے تھے۔

س: اسلام لانے سے قبل وہ کس مذہب کے پیروکار تھے؟

ج: مجوسی مذہب کے۔

س: ان کے والدین نے ان کا نام کیا رکھا تھا؟

ج: مابہ۔

س: ان کے مجوسی باپ کا نام کیا تھا؟

ج: بوذخشاں۔

س: حضورؐ نے حضرت سلمان فارسیؓ کو کس سے خریدا تھا؟

ج: ایک یہودی سے۔

س: آپ نے انہیں کتنی رقم میں خرید کر آزاد کر دیا تھا؟

ج: ۴۰ اوقیہ میں۔

س: حضرت سلمان فارسیؓ کی داستان سنانے کے بعد حضورؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: ''سلمان فارسی ہمارے اہل بیت میں شامل ہیں۔''

س: مدینہ میں حضورؐ کی آمد سے قبل انصار کے دو مشہور قبائل تھے ان کے نام بتا دیں؟

ج: اوس اور خزرج۔

س: مدینہ میں یہود بھی آباد تھے ان کے کتنے بڑے قبائل تھے؟

ج: تین بڑے قبائل۔

س: ان قبیلوں کے نام کیا تھے؟

ج: بنو قینقاع، بنو قریظہ اور بنو نظیر۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ کی مدینہ آمد اور اسلام لانے سے قبل یہودی سازشوں کی وجہ سے اوس اور خزرج قبائل ہمیشہ آپس میں برسرِ پیکار رہتے تھے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: ان قبائل کے درمیان لڑائیاں بہت لمبے عرصے تک جاری رہتی تھیں بتایئے ان کے درمیان کونسی مشہور جنگ ہوئی تھی؟

ج: جنگ بعاث کے نام سے جنگوں کا ایک طویل سلسلہ۔

س: حضورؐ نے مدینہ آ کر ان قبائل کے درمیان نفرت اور دشمنی کو کمال محبت اور اخوت میں بدل دیا بتایئے آپؐ نے ان دو قبائل کو کس لقب سے یاد

فرمایا؟

ج: انصار مدینہ سے۔

س: مسجد نبویؐ کے صحن میں حضورؐ کے حکم سے ایک سایہ دار چبوترہ بنایا گیا تھا اس کا کیا نام تھا؟

ج: صفہ۔

س: اہلِ صفہ کون لوگ تھے؟

ج: وہ جلیل القدر صحابہ کرامؓ جو دین کی خاطر گھر بار چھوڑ کر حضورؐ کے پاس آ رہے تھے اور مسجد نبویؐ کے سایہ دار چبوترے صفہ میں رہتے تھے ان کے خوردونوش کا انتظام حضورؐ کے ذمے تھا ان بزرگوں نے اسلامی تاریخ میں حیرت انگیز داستانوں کا اضافہ کیا ہے۔

س: حضورؐ کی ازواج مطہرات کے رہنے کے لئے مکانات کہاں بنائے گئے تھے؟

ج: مسجد نبویؐ کی مشرقی جانب چھوٹے چھوٹے حجرے تعمیر کئے گئے تھے۔

س: مسجد نبوی کے لئے کس صحابیؓ نے لکڑی کا منبر پیش کیا تھا جبکہ حضورؐ ابھی تک کھجور کے تنے سے ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے؟

ج: حضرت تمیم داریؓ نے۔

☆......☆......☆

سنہ ۲ھ کے اہم واقعات

س: مسلمانوں پر روزے کب فرض ہوئے؟
ج: شعبان ۲ ہجری میں۔
س: صدقہ فطر کب واجب ہوا؟
ج: ۲۸ رمضان المبارک ۲ ہجری کو۔
س: مسلمانوں نے پہلی عید الفطر کب منائی؟
ج: یکم شوال ۲ ہجری کو۔
س: پہلی عید الفطر کی نمازِ عید کہاں پڑھی گئی؟
ج: مسجد نبویؐ کے سامنے عید گاہ میں۔
س: نماز عید کی امامت کس نے کی تھی؟
ج: خود حضورؐ نے۔
س: مسلمانوں پہلی عید الاضحیٰ ۱۰ ذوالحجہ ۲ ہجری کو ادا کی۔ حضورؐ نے اس موقع پر کتنے جانوروں کی قربانی دی تھی؟
ج: دو مینڈھوں کی۔

ج: ۲ھ میں۔

س: اسلامی مہینہ کونسا تھا؟

ج: شعبان۔

س: حضورؐ اس وقت کونسی نماز پڑھا رہے تھے؟

ج: ظہر کی نماز۔

س: کس مسجد میں تبدیل قبلہ کا حکم آیا تھا؟

ج: مسجد بنو سلمہ۔

س: یہ مسجد بعد میں کس نام سے معروف ہوئی؟

ج: مسجد ذو قبلتین۔

س: مسلمانوں کا پہلا قبلہ کون سا تھا؟

ج: مسجد اقصیٰ' بیت المقدس۔

س: تبدیلی قبلہ کا حکم ہجرت مدینہ کے کتنے عرصے بعد آیا تھا؟

ج: ۱۷ ماہ بعد۔

س: قبلہ بدل کر کونسا کر دیا گیا؟

ج: خانہ کعبہ (مکہ مکرمہ)

س: کیا آپ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

ج: کیونکہ یہود بھی مسجد اقصیٰ کی طرف منہ کر کے عبادت کرتے ہیں۔

س: مدینہ منورہ میں حضورؐ کا قیام جب تک حضرت ابو ایوبؓ انصاری کے ہاں رہا آپ کے ہمسائے کون تھے؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ' حضرت سعدؓ بن معاذ اور حضرت عمارہؓ بن حزم۔

س: سریہ کسے کہتے ہیں؟

ج: وہ جنگ جس میں حضورؐ نے شرکت نہیں کی لیکن کسی صحابیؓ کو اپنا نائب بنا کر روانہ فرمایا۔

س: حضورؐ کا پہلا سریہ کونسا تھا؟

ج: سریہ سیف البحر۔

س: غزوہ کس جنگ کو کہتے ہیں؟

ج: وہ جنگ جس میں حضوؐر خود شامل ہوئے۔

س: حضوؐر کا پہلا غزوہ کون سا تھا؟

ج: غزوہ ابواء۔

س: اس غزوے کو اور کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: غزوہ ودان۔

س: اس غزوے کے موقع پر حضوؐر نے مدینہ منورہ میں اپنا نائب کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ کو۔

س: اس غزوے میں حضوؐر کتنے مہاجرین کے ہمراہ مدینے سے باہر نکلے تھے؟

ج: ۲۰۰ مہاجرین کے ہمراہ۔

س: سریہ عبیدہؓ بن حارث میں حضوؐر نے حضرت عبیدہؓ بن حارث کو کس رنگ کا جھنڈا عطا فرمایا تھا؟

ج: سفید رنگ کا۔

س: غزوۂ بواط کے موقع پر حضوؐر نے مدینہ میں کسے اپنا نائب بنایا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ کو۔

س: غزوہ صفواں کے موقع پر مدینہ میں حضوؐر کے قائم مقام کون تھے؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

س: غزوہ ذی عشیرہ میں اسلامی پرچم کس کے پاس تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب کے پاس۔

س: غزوہ ذی عشیرہ میں آنحضرت کے ساتھ کتنے افراد تھے؟

ج: ۱۵۰ افراد۔

س: کیا یہ درست ہے کہ یہ سب مہاجرین تھے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: غزوہ عشیرہ کے موقع پر حضورؐ نے مدینہ میں کسے اپنا نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابوسلمہ عبداللہؓ بن عبدالاسد کو۔

س: وہ کس ام المومنین کے پہلے شوہر ہیں؟

ج: حضرت ام سلمہؓ کے۔

س: غزوہ بنوسلیم کے موقع پر مدینہ میں حضورؐ کے قائم مقام کون تھے؟

ج: حضرت سباعؓ بن عرفطہ۔

س: آنحضرتؐ غزوہ بدر سے واپس آنے کے کتنے روز بعد مدینہ منورہ سے غزوہ بنوسلیم کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

ج: سات دن بعد۔

س: غزوات کی کل تعداد کیا ہے؟

ج: ۲۷۔

س: غزوہ بنوقینقاع کے موقع پر حضورؐ نے مدینہ منورہ میں کسے اپنا نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابولبابہؓ بن منذر کو۔

س: غزوۂ سویق کب ہوا تھا؟

ج: ۲ھ میں۔

س: اس غزوے میں حضورؐ کے ساتھ کتنے صحابہ کرامؓ تھے؟

ج: ۲۰۰ صحابہ کرامؓ۔

س: رمضان المبارک کے روزے حضورؐ کی مدینہ تشریف آوری کے کتنے عرصے بعد فرض ہوئے تھے؟

ج: ۱۸ ماہ بعد۔

س: حضورؐ کے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو آپؐ کی مدینہ میں تشریف آوری کے بعد کافی عرصہ تک روز رات کے کھانے کے لئے ہمیشہ اپنے ہاں سے ایک

بڑا دیگچہ سالن اور روٹی وغیرہ بھیجا کرتے تھے؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ۔

س: حضورؐ نے امین الامت کا خطاب کسے دیا تھا؟

ج: حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کو۔

س: سیف اللہ (اللہ کی تلوار) کا خطاب کس صحابیؓ کو حضورؐ نے عطا فرمایا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید کو۔

س: حضورؐ کے مدینہ میں تشریف لانے کے بعد سب سے پہلے کس شخص نے کفار مکہ کی شہ پر مہاجرین مکہ کو شہر سے باہر نکالنے کی حامی بھری تھی؟

ج: عبداللہ بن ابی۔

س: وہ کون تھا؟

ج: مدینہ کے منافقین کا سردار۔

س: منافق کون لوگ تھے؟

ج: وہ لوگ جو بظاہر حضورؐ کے ساتھ تھے لیکن درپردہ مشرکین اور یہودیوں کے ساتھ ملے ہوئے تھے۔

س: حضورؐ نے سب سے پہلے جو علم تیار فرمایا تھا وہ کس رنگ کا تھا؟

ج: سفید رنگ کا۔

س: یہ علم آپ نے کسے عنایت فرمایا تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ کو۔

س: حضورؐ نے کن دو افراد کو بدر کی جانب بھیجا تھا تاکہ وہ قریش کے تجارتی قافلے جو شام سے واپس آ رہا تھا خبر لائیں؟

ج: بسیس بن عمر اور عدی بن ابی الزغبا۔

س: قریش مکہ کا جو قافلہ شام سے واپس آ رہا تھا اس کا سردار کون تھا؟

ج: ابوسفیان۔

س: ابوسفیان نے اس ڈر سے کہ کہیں مسلمان ان پر حملہ نہ کر دیں کس شخص کو

مدد لانے کے لئے مکہ بھیجا تھا؟

ج: ضمضم بن عمرو غفاری کو۔

س: حضورؐ کی اس پھوپھی محترمہ کا نام بتایئے جنہوں نے غزوہ بدر واقع ہونے سے پہلے ہی کفار مکہ کا ہولناک انجام ایک خواب کی صورت میں دیکھ لیا تھا؟

ج: حضرت عاتکہؓ۔

س: انہوں نے اپنا یہ خواب کس سے بیان کیا تھا؟

ج: حضرت عباسؓ سے۔

س: حضرت عاتکہؓ کا یہ خواب سن کر کس مشرک نے کہا تھا کہ ''اب تو بنوہاشم کی عورتیں بھی نبوت کرنے لگیں؟''

ج: ابوجہل نے۔

س: کونسے صحابیؓ غزوہ بدر سے قبل بدر کے میدان کے قریب سے قریش کے دو غلاموں کو گرفتار کر کے لائے تھے؟

ج: حضرت علیؓ اور حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: حضورؐ کو قریش کے ان گرفتار غلاموں کی کس بات سے اندازہ ہو گیا تھا کہ لشکر قریش کی تعداد ۹۰۰ اور ۱۰۰۰ کے درمیان ہے؟

ج: انہوں نے بتایا کہ قریش اپنے لشکر کے لئے روزانہ کبھی نو اور کبھی دس اونٹ ذبح کرتے ہیں اس سے آپؐ نے اندازہ لگا لیا کہ لشکر قریش کی تعداد نو سو اور ہزار کے درمیان ہے۔

س: غزوہ بدر میں کفار مکہ کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۱۰۰۰ افراد۔

س: اس لشکر کا سردار کون تھا؟

ج: عتبہ بن ابی ربیعہ۔

س: لشکر قریش میں اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۷۰۰ اونٹ۔

س: کفار کے لشکر میں کتنے گھوڑے تھے؟

ج: ۱۰۰ گھوڑے۔

س: بدر جہاں غزوہ بدر واقع ہوا کیا چیز ہے؟

ج: ایک گاؤں کا نام ہے اس کے قریب ہی ایک میدان تھا جہاں غزوہ بدر واقع ہوا۔

س: بدر کا مقام مدینہ منورہ سے کتنی دور واقع ہے؟

ج: ۸۰ میل۔

س: غزوہ بدر میں کون سا کافر قبیلہ شریک نہیں ہوا تھا؟

ج: بنو عدی۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اس کی وجہ کیا تھی؟

ج: کیونکہ یہ حضرت عمر فاروقؓ کا قبیلہ تھا اور ان کے رعب کی وجہ سے یہ قبیلہ شریک نہیں ہوا۔

س: کون سا مشہور کافر غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوا؟

ج: ابولہب۔

س: اس کی وجہ کیا تھی؟

ج: وہ بیمار تھا۔

س: غزوہ بدر کے محرکات میں ایک شخص کا قتل بھی شامل تھا اس کا نام بتا دیں؟

ج: عمرو بن حضرمی۔

س: غزوہ بدر کے لئے اسلامی لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۳۱۳ افراد۔

س: اسلامی لشکر کے پاس اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۷۰ اونٹ۔

س: اسلامی لشکر میں کتنے گھوڑے تھے؟

ج: صرف دو۔
س: غزوہ بدر کے لئے حضوؐر نے کتنے علم تیار کروائے تھے؟
ج: تین علم۔
س: غزوہ بدر میں مہاجرین کا علم حضوؐر نے کسے عنایت فرمایا تھا؟
ج: حضرت علیؓ کو۔
س: غزوہ بدر میں انصار کا علم کس کے پاس تھا؟
ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔
س: غزوہ بدر میں جنرل کمان کا پرچم جو سفید تھا کسے دیا گیا؟
ج: حضرت مصعبؓ بن عمیر کو۔
س: غزوہ بدر میں جنگی معائنے کے لئے برجی بنانے کا مشورہ حضوؐر کو کس نے دیا تھا جو آپؐ نے قبول فرمایا؟
ج: حضرت سعدؓ بن معاذ نے۔
س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے غزوہ بدر میں جنگی تراکیب اور مشورے دیئے حضوؐر نے سب قبول فرمائے؟
ج: حضرت حبابؓ بن منذر۔
س: غزوہ بدر سے قبل حضوؐر نے مہاجرین اور انصار کو جمع کیا تو مہاجرین کی جانب سے سب سے پہلے کس نے تقریر کی تھی؟
ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔
س: بدر پہنچنے سے قبل کس کی تقریر سے حضوؐر بہت خوش ہوئے اور فرمایا ''چلو اور خوش ہو جاؤ کہ اللہ نے میرے ساتھ دونوں گروہوں میں سے ایک کا وعدہ فرمایا ہے اور میں گویا قریش کے بچھڑنے کے مقامات دیکھ رہا ہوں؟''
ج: حضرت سعدؓ بن معاذ کی جنہوں نے بہت جوشیلی تقریر کی تھی۔
س: اسلامی لشکر کی غزوہ بدر کے لئے روانگی کس تاریخ کو ہوئی تھی؟

ج: گیارہ رمضان المبارک۔

س: بدر کے قریب جہاں حضورؐ نے اپنا فوجی پڑاؤ لگایا تھا اسے چھوڑنے اور آگے بڑھ کر ایک چشمے کے قریب پڑاؤ لگانے کا مشورہ کس صحابیؓ نے دیا تھا جو آپ نے قبول کر لیا تھا؟

ج: حضرت حبابؓ بن منذر نے۔

س: میدان بدر میں حضورؐ کے سائبان کے پہلے پاسبان کون تھے؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: غزوہ بدر کے موقع پر حضورؐ نے کیا دعا کی تھی؟

ج: ''خدایا! تو نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے وہ پورا کر۔''

س: غزوہ بدر میں ان کم سن صحابیوںؓ کے نام بتایئے جنہیں کم عمر ہونے کے باعث واپس جانے کے لئے کہا گیا تو وہ رو پڑے جس پر حضورؐ نے ان کے جذبہ شہادت سے متاثر ہو کر انہیں جنگ میں شمولیت کی اجازت دے دی۔

ج: حضرت عمیرؓ بن ابی وقاص، حضرت رافعؓ اور حضرت سمرہؓ۔

س: غزوہ بدر میں کفار کا علم بردار کون تھا؟

ج: طلحہ بن ابی طلحہ۔

س: غزوہ بدر کے موقع پر مدینہ میں حضورؐ کے نائب کون تھے؟

ج: پہلے حضرت ابن ام مکتومؓ مقرر ہوئے پھر رسول اکرمؐ نے بدر جاتے ہوئے مقام روحاء سے حضرت ابولبابہؓ کو مدینے کا منتظم بنا کر واپس بھیجا گیا۔

س: غزوہ بدر کب ہوا تھا؟

ج: ۱۷ رمضان المبارک ۲ھ۔

س: اس روز ہفتے کا کونسا دن تھا؟

ج: جمعۃ المبارک۔

س: عیسوی کی تاریخ کیا تھی؟

ج: ۱۴ جنوری ۶۲۴ء۔

س: غزوہ بدر میں ایک علم کس ام المومنین کی اوڑھنی سے تیار کیا گیا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: غزوہ بدر میں حضورؐ کی حفاظت کے لئے کونسے صحابیؓ دروازے پر تیغ بکف کھڑے ہوئے تھے؟

ج: حضرت سعد بن معاذؓ۔

س: غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس صرف دو گھوڑے تھے ان میں سے ایک حضرت زبیرؓ بن العوام کے پاس تھا دوسرا کس صحابی کے پاس تھا؟

ج: حضرت مقدادؓ بن اسود کندی۔

س: مدینہ سے بدر کی جانب سفر کرتے ہوئے حضورؐ کی سواری میں اور کتنے افراد شریک تھے؟

ج: دو افراد۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت علیؓ اور حضرت مرثدؓ بن ابی مرثد غنوی

س: مدینہ سے بدر کے سفر میں حضورؐ کی سواری میں شریک ہونے والے دونوں صحابہؓ نے حضورؐ کے احترام و تکریم میں کیا فرمایا تھا؟

ج: "وہ خوشی سے پیدل چلیں گے اور آپؐ سوار ہوں۔"

س: آپؐ نے ان کی اس بات کا کیا جواب دیا تھا؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا کہ "نہ تم دونوں پیادہ چلنے میں مجھ سے طاقتور ہو اور نہ میں ثواب حاصل کرنے سے بے نیاز ہوں۔"

س: غزوہ بدر میں سب سے پہلے کفار کی جانب سے کون میدان میں آیا تھا؟

ج: عامر بن حضرمی۔

س: اسلامی لشکر کی جانب سے کون صحابیؓ اس کا مقابلہ کرنے کے لئے نکلے

تھے؟

ج: حضرت مہجعؓ بن صالح۔

س: وہ کس جلیل القدر صحابیؓ کے آزاد کردہ غلام تھے؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ عامر بن حضرمی نے انہیں قتل کر دیا اور یوں انہیں غزوہ بدر کا پہلا شہید ہونے کا اعزاز حاصل ہوا؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: اس کے بعد کفار مکہ کی جانب سے کتنے افراد مقابلے کے لئے نکلے تھے؟

ج: تین افراد۔

س: ان کے نام کیا تھے؟

ج: عتبہ، اس کا بھائی شیبہ، اور بیٹا ولید۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اسلامی لشکر کی جانب سے ان کے مقابلے کے لئے پہلے تین انصاری صحابیؓ آئے تھے لیکن پھر حضورؐ کے بلانے پر تین مہاجر صحابیؓ آئے تھے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: تینوں صحابہ کرامؓ کے نام کیا تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ، حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح اور حضرت علیؓ۔

س: حضرت حمزہؓ کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟

ج: عتبہ بن ربیعہ سے۔

س: اس مقابلے کا نتیجہ کیا نکلا تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ نے عتبہ کو قتل کر دیا تھا

س: شیبہ کا مقابلہ کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح سے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ابو عبیدہؓ شیبہ سے مقابلے میں زخمی ہو گئے

تھے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: حضرت ابوعبیدہؓ کے زخمی ہونے کے بعد شیبہ کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج: حضرت حمزہؓ نے۔

س: حضرت علیؓ کا مقابلہ ولید سے ہوا تھا اس مقابلے کا نتیجہ کیا نکلا تھا؟

ج: حضرت علیؓ نے ولید کو قتل کر دیا تھا۔

س: غزوہ بدر میں وہ کون سے صحابیؓ تھے جو بڑے مزے سے کھجوریں کھا رہے تھے۔ جب حضوؐر کی زبان مبارک سے جہاد کی فضیلت سنی تو کھجوریں پھینک کر دشمن کی صفوں میں گھس گئے اور کئی دشمنوں کو قتل کرنے کے بعد خود بھی شہید ہوئے؟

ج: حضرت عمیرؓ بن حمام۔

س: غزوہ بدر کے لئے جب حضوؐر مجاہدین کی صفیں سیدھی کر رہے تھے تو وہ کونسے صحابیؓ تھے جو صف میں آگے بڑھے ہوئے تھے اور آپؐ نے تیر سے ان کے پیٹ کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تھا کہ برابر ہو جاؤ۔

ج: حضرت سوادؓ بن غزیہ۔

س: اس پر انہوں نے کیا عرض کیا تھا؟

ج: انہوں نے کہا تھا کہ "آپؐ نے مجھے تکلیف دی ہے لہٰذا مجھے اس کا بدلہ دیں۔"

س: جب حضوؐر نے بدلہ دینے کے لئے اپنے شکم مبارک سے کپڑا اٹھایا تو انہوں نے کیا طرز عمل اختیار کیا تھا؟

ج: انہوں نے آگے بڑھ کر اسے چوم لیا تھا۔

س: غزوہ بدر میں مشرکین کے مشہور سردار ابوجہل کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج: دو کم سن صحابیؓ بھائیوں حضرت معوذ اور حضرت معاذ نے۔

س: غزوہ بدر میں ابوجہل کا سر کس نے حضوؐر کے حکم سے تن سے جدا کیا تھا اور

آپؐ کی خدمت میں پیش کیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے۔

س: فتح بدر کے بعد جب ابوجہل کا سر حضورؐ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپؐ نے اسے دیکھ کر کیا فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے تین بار فرمایا تھا (ترجمہ) ''اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں'' پھر فرمایا ''اللہ کے لئے حمد وثنا ہے جس نے اپنا وعدہ نصرت سچ کر دکھایا اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور تمام گروہوں کو شکست دی۔''

س: حضورؐ نے میدانِ بدر میں جنگ کے بعد کتنے دن تک قیام فرمایا تھا؟

ج: تین دن تک۔

س: حضورؐ نے بدر سے روانہ ہونے کے بعد مقام صفراء پر پہنچ کر کس دشمن اسلام کے قتل کا حکم دیا تھا؟

ج: نضر بن حارث۔

س: غزوہ بدر میں کفار کے کتنے اہم افراد قتل ہوئے تھے؟

ج: ۷۰ افراد۔

س: ان میں سے سرداروں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۲۰ کے قریب۔

س: غزوہ بدر میں مشرکین مکہ کے کتنے قیدی گرفتار ہوئے تھے؟

ج: ۷۰ قیدی۔

☆......☆......☆

س: غزوہ بدر میں گرفتار ہونے والے حضورؐ کے ان قریبی رشتے داروں کے نام بتائیے جو قریش کے لشکر میں شامل تھے؟

ج: حضرت علی کے بھائی عقیلؓ، ابوالعاصؓ جو حضورؐ کے داماد تھے (یہ دونوں ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے) اور حضورؐ کے محترم چچا حضرت عباسؓ جو اگرچہ مسلمان ہو چکے تھے لیکن کفار کے مجبور کرنے پر قریش کے لشکر میں شامل ہوئے۔

س: لشکر قریش میں سے گرفتار ہونے والا وہ کون تھا جسے دیکھ کر ام المومنین حضرت سودہؓ نے بے اختیار کہا تھا ''تم نے بھی عورتوں کی طرح بیڑیاں پہن لیں اور یہ نہ ہو سکا کہ لڑ کر مر جاتے؟''

ج: سہیل بن عمرو جو ام المومنین کا رشتے دار تھا۔

س: اسیران بدر میں شامل حضورؐ کے ان چچا کا نام بتایئے جنہیں انصار مدینہ نے اپنا بھائی کہہ کر ان کا فدیہ دینے کی پیش کش کی تھی؟ لیکن حضورؐ نے اسے قبول نہیں فرمایا تھا؟

ج: حضرت عباسؓ۔

س: اسیران بدر میں سے اس شخص کا نام بتایئے جو نہایت عمدہ مقرر تھا اور عام مجمعوں میں حضورؐ کے خلاف تقریریں کیا کرتا تھا لیکن جب ایک صحابیؓ نے اس کے اگلے دانت نکلوانے کا مشورہ دیا تاکہ وہ پھر ایسا نہ بول سکے تو آپؐ نے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ اللہ اس کی جزاء میں میرے اجزاء بگاڑے گا۔

ج: سہیل بن عمرو۔

س: اس کے اگلے دانت نکلوانے کی تجویز کس صحابیؓ نے پیش کی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: غزوہ بدر سے حاصل ہونے والی اس تلوار کا نام بتایئے جسے حضورؐ نے اپنے لئے پسند فرمایا تھا؟

ج: الذوالفقار۔

س: اسیران بدر میں سے وہ کون تھا جس کے قتل کا حکم حضورؐ نے مقام عرق

انطبیہ پہنچ کر دیا تھا؟

ج: عقبہ بن ابی معیط۔

س: حضورؐ کے کون سے داماد غزوہ بدر میں اسیر ہو کر آئے تھے؟

ج: حضرت ابو العاصؓ بن ربیع جو آپؐ کی بیٹی حضرت زینبؓ کے شوہر تھے اور ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

س: غزوہ بدر میں حضرت عثمانؓ نے شرکت نہیں کی تھی کیوں؟

ج: ان کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہؓ، جو رسول اکرمؐ کی بیٹی تھیں سخت بیمار تھیں اور جب بدر کی فتح کی خبر مدینہ پہنچی وہ فوت ہو چکی تھیں اور تدفین بھی ہو گئی تھی۔

س: اس شخص کا نام بتایئے جو غزوہ بدر کے بعد مکہ سے مدینہ اس لئے گیا کہ حضورؐ پر قاتلانہ وار کرے لیکن جب آپؐ نے اس کی سازش کا راز فاش کر دیا تو وہ حیران رہ گیا اور پھر بہ رضا و رغبت مسلمان ہو گیا؟

ج: حضرت عمیرؓ بن وہب جو غزوہ بدر کے بعد مسلمان ہوئے۔

س: ہجرت کے بعد اور جنگ بدر سے پہلے جب قریش مکہ نے مدینہ کے ایک رئیس عبداللہ بن ابی کو حضورؐ اور مہاجرین مکہ کے خلاف بھڑکایا کہ وہ انہیں مدینے سے نکال دے اور اس کا علم آپ کو ہوا تو آپؐ نے کیا قدم اٹھایا تھا؟

ج: آپؐ خود اس کے پاس تشریف لے گئے جبکہ وہ اپنی مجلس میں موجود تھا اور فرمایا۔ ''قریش نے تم سے داؤ کھیلا ہے اگر لڑو گے تو اپنے ہی فرزندوں اور بھائیوں سے لڑو گے جو مسلمان ہو چکے ہیں یوں دونوں طرف سے تمہارا نقصان ہو گا لیکن اگر قریش سے لڑنا پڑا تو یہ غیروں سے مقابلہ ہو گا۔'' حضورؐ کا یہ دل نشیں جواب سن کر وہ لاجواب ہو گیا اور لڑائی کے ارادے سے باز آ گیا۔

س: اسیرانِ بدر میں شامل اس شاعر کا نام بتایئے جس نے حضورؐ کو اپنی مفلسی کا

واسطہ دے کر کہا تھا کہ اس پر احسان کریں اور رہا کر دیں وہ آئندہ مسلمانوں کے خلاف کوئی کام نہیں کرے گا لیکن رہا ہو کر مکہ جانے کے بعد اس نے بنوکنانہ کو مسلمانوں کے خلاف قریش کا ساتھ دینے کے لئے اُبھارا اور یوں وعدہ خلافی کی؟

ج: ابو عزہ۔

س: حضورؐ نے فتح بدر کی خوش خبری سنانے کے لئے مدینہ منورہ کی طرف کسے روانہ فرمایا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ کو۔

س: مدینہ کی بستی عالیہ کی طرف آپؐ نے کس صحابیؓ کو بھیجا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ کو۔

س: غزوہ بدر کے بعد حضورؐ نے اپنی کس صاحبزادی کی شادی کی تھی؟

ج: حضرت فاطمہ زہراءؓ کی۔

س: یہ شادی کس سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت علیؓ سے۔

س: غزوہ بدر میں کس کی لاش دیکھ کر رسول اکرمؐ نے فرمایا تھا۔ ''یہ اس امت کا فرعون ہے''؟

ج: ابوجہل۔

س: غزوہ بدر میں حضرت بلالؓ نے کس مشرک کو قتل کیا تھا جو مکے میں آپ پر ظلم ڈھاتا رہا تھا؟

ج: اُمیہ بن خلف۔

س: اس غزوے کے تعلق سے قرآن کی کونسی سورۃ نازل ہوئی؟

ج: سورۃ انفال۔

۳ھ کے اہم واقعات

س: ۳ھ میں آنحضرت نے اپنی کس بیٹی کی شادی حضرت عثمانؓ غنی سے کی تھی؟

ج: حضرت ام کلثومؓ کی۔

س: اس سے قبل حضورؐ کی کون سی صاحبزادی حضرت عثمان غنیؓ کے نکاح میں رہی تھیں؟

ج: حضرت رقیہؓ۔

س: حضرت رقیہؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۲ھ میں۔

س: کیا یہ درست ہے کہ غزوہ بدر میں مصروفیت کی وجہ سے حضورؐ حضرت رقیہؓ کی نماز جنازہ میں شریک نہیں ہو سکے تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

ج: ۳ھ میں حضورؐ نے کس صحابیؓ کی بیٹی سے نکاح کیا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کی۔

س: ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت حفصہؓ۔

س: مدینے کے یہودیوں میں وہ کون شخص تھا جو سخت دشمن اسلام تھا جس کے بارے رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ کون ہے جس اس سے نمٹے پھر اسے حضرت محمد بن مسلمہؓ نے اپنے ساتھیوں کی مدد سے جہنم واصل کیا؟

ج: کعب بن اشرف۔

س: ۳ھ میں کونسا اہم غزوہ پیش آیا تھا؟

ج: غزوہ احد۔

س: قریش کا لشکر مدینہ کے قریب کس مقام پر خیمہ زن ہوا تھا؟

ج: ذوالحلیفہ میں۔

س: ان صحابیوںؓ کے اسم گرامی بتایئے جنہیں حضوؐر نے لشکر قریش کی خبریں لانے کے لئے بھیجا تھا جبکہ یہ لشکر مدینہ کے قریب ایک مقام پر خیمہ زن ہو گیا تھا؟

ج: فضالہ کے بیٹے حضرت انسؓ اور حضرت مونسؓ۔

س: لشکر قریش جب مدینہ منورہ پر حملے کی غرض سے احد کے قریب پہنچا اور شہر میں خطرہ بڑھ گیا تو شہر کے دروازے پر پہرہ دینے کے لئے کون سے صحابہؓ موجود تھے؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ' حضرت سعدؓ بن عبادہ اور حضرت اسیدؓ بن حضیر۔

س: حضوؐر کے ان قریبی رشتہ دار کا نام بتایئے جنہوں نے اپنے اسلام کا اعلانیہ اظہار نہ کرنے کے باوجود حضوؐر کو ایک قاصد کے ہاتھ خط دے کر یہ اطلاع بھجوائی تھی کہ لشکر قریش مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کے لئے آ رہا ہے؟

ج: حضرت عباسؓ جو کہ آپ کے محترم چچا تھے

س: حضرت عباسؓ کا خط حضوؐر کو کس جگہ ملا تھا؟

ج: قباء میں۔

س: آپؐ نے یہ خط پڑھنے کے لئے کسے دیا تھا؟

ج: حضرت ابیؓ بن کعب کو۔

س: غزوہ احد سے قبل حضورؐ نے کن صحابیؓ کو بھیجا تھا کہ وہ مشرکین مکہ کی فوج کی صحیح تعداد کی خبر لائیں؟

ج: حضرت حبابؓ بن منذر کو۔

س: لشکر قریش کا مقابلہ کرنے کے لئے حضورؐ کس اسلامی تاریخ کو مدینہ منورہ سے احد کی طرف روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۵ شوال ۳ھ کو۔

س: اس روز دن کونسا تھا؟

ج: جمعتہ المبارک۔

س: حضورؐ کس وقت غزوہ احد کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

ج: نماز جمعہ کے بعد۔

س: غزوہ احد میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۷۰۰ افراد۔

س: غزوہ احد میں مشرکین مکہ کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۳۰۰۰ افراد۔

س: حضورؐ کے ساتھ احد کی طرف روانہ ہونے والے اس شخص کا نام بتایئے جو تھوڑی دور جانے کے بعد اپنے ۳۰۰ ساتھیوں کو لے کر الگ ہو گیا تھا؟

ج: رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی۔

س: وہ کیا بہانہ بناتے ہوئے اسلامی لشکر سے الگ ہو گیا تھا؟

ج: وہ کہتا تھا کہ میں نے حضورؐ کو شہر کے اندر کافروں کا مقابلہ کرنے کی جو تجویز پیش کی تھی وہ آپؐ نے منظور نہیں کی چنانچہ میں واپس جا رہا ہوں۔

س: وہ کس مقام پر اسلامی لشکر سے الگ ہوا؟

ج: شوط کے مقام پر۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو بہت بڑے عالم بھی تھے اور عبداللہ بن ابی کے قبیلے سے تعلق رکھتے تھے جس کی بنا پر انہوں نے کئی بار اسے اپنے ارادے

سے باز رکھنے کی کوشش کی اور واپس بلایا لیکن وہ واپس نہیں آیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن سلام جو اسلام قبول کرنے سے پہلے توریت کے بہت بڑے عالم تھے۔

س: غزوہ احد میں حضوؐر نے اسلامی لشکر کا پرچم کسے عنایت فرمایا تھا؟

ج: حضرت مصعبؓ بن عمیر کو۔

س: غزوہ احد میں آپؐ نے رسالے (سواروں) کا افسر کسے مقرر کیا تھا؟

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام کو۔

س: غزوہ احد میں اسلامی لشکر کے وہ لوگ جو زرہ پوش نہ تھے ان کی سرداری حضوؐر نے کسے عنایت فرمائی تھی؟

ج: حضرت حمزہؓ کو۔

س: غزوہ احد میں لشکر اسلام کی پشت پر پہاڑ کے درے سے دشمن کا حملہ روکنے کے لئے حضوؐر نے کتنے تیر اندازوں کو مقرر فرمایا تھا؟

ج: ۵۰ تیر اندازوں کو۔

س: تیر اندازوں کی اس جماعت کا امیر حضوؐر نے کس کو بنایا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن جبیر کو۔

س: غزوہ احد کب ہوا تھا؟

ج: شوال ۳ھ میں۔

س: عیسوی ماہ وسن کیا تھی؟

ج: جنوری ۶۲۵ء۔

س: کوہ احد جس کے دامن میں یہ غزوہ ہوا تھا مدینہ منورہ سے کتنے میل دور ہے؟

ج: ۳ میل دور۔

س: غزوہ احد کے لئے روانہ ہوتے وقت حضوؐر نے مدینے میں اپنا نائب کسے بنایا تھا؟

ج: حضرت عمرؓ ابن ام مکتوم کو۔

س: غزوہ احد میں حضوؐر نے کتنے رضا کار مجاہدوں کو ان کی کم عمری کی وجہ سے واپس کر دیا تھا؟

ج: ۱۷ مجاہدین کو۔

س: غزوہ احد میں جب گھسان کا رن پڑا تو حضوؐر نے تلوار اپنے دست مبارک میں لے کر فرمایا تھا کہ کون اس کا حق ادا کرتا ہے تو بہت سے ہاتھ اسے حاصل کرنے کے لئے آگے بڑھے تھے لیکن یہ سعادت کسے نصیب ہوئی تھی؟

ج: حضرت ابو دجانہؓ کو۔

س: غزوہ احد میں جب گھسان کا رن پڑا اور کافروں کا ہجوم حضوؐر کی طرف بڑھا اور آپؐ نے فرمایا کون مجھ پر جان دیتا ہے تو وہ کون سے صحابیؓ تھے جو پانچ انصاریوں کو لے کر آگے بڑھے اور حضوؐر کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہو گئے تھے؟

ج: حضرت زیادؓ بن سکن۔

س: وہ کون سے صحابیؓ تھے جن کا لاشہ غزوہ احد میں حضوؐر نے اپنے قریب لانے کا حکم دیا تھا جبکہ ابھی ان میں زندگی کی رمق باقی تھی اور انہوں نے اپنا منہ آپؐ کے قدموں پر رکھ دیا تھا؟

ج: حضرت زیادؓ بن سکن نے۔

س: انہیں کس نے شہید کیا تھا؟

ج: ابن قمیہ نے۔

س: غزوہ احد میں جب یہ شور مچ گیا کہ حضوؐر شہید ہو گئے اور مسلمانوں نے آپؐ کو ڈھونڈنا شروع کر دیا تو سب سے پہلے کس صحابیؓ نے آپؐ کے چہرہ مبارک پر مغفر (خود) ہونے کے باوجود آپ کو پہچان لیا تھا؟

ج: حضرت کعبؓ بن مالک نے۔

س: غزوہ احد میں وہ کون سے صحابی تھے جو اکڑتے ہوئے سر پر سرخ رومال باندھے ہوئے نکلے تھے اور حضورؐ نے یہ فرمایا تھا کہ یہ چال اللہ کو سخت ناپسند ہے لیکن اس وقت پسند ہے؟''

ج: حضرت ابو دجانہؓ۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ کے دانت مبارک کس بدبخت کا پتھر لگنے سے شہید ہوئے تھے؟

ج: ابن شہاب۔

س: حضورؐ کے کتنے دندان مبارک شہید ہوئے تھے؟

ج: چار دانت۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ کے چہرہ مبارک پر کس کافر نے تلوار ماری تھی جس سے آپؐ کے مغفر (خود) کی کڑیاں آپؐ کے رخساروں میں دھنس گئی تھیں؟

ج: ابن قمیہ نے۔

س: جب ابن قمیہ نے حضورؐ کے چہرۂ مبارک پر تلوار ماری اور خود کی دو کڑیاں آپؐ کے رخساروں میں دھنس گئیں تو آپؐ کی زبان مبارک سے کیا الفاظ ادا ہوئے تھے؟

ج: ''وہ قوم کیا فلاح پا سکتی ہے جو اپنے پیغمبرؐ کا چہرہ خون سے رنگین کرتی ہے۔''

س: کیا یہ درست ہے کہ یہ الفاظ بارگاہ خداوندی میں پسند نہیں آئے تھے؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: اس موقع پر کون سی آیت نازل ہوئی تھی؟

ج: ترجمہ ''آپ کو اس معاملے میں کچھ کرنے کا اختیار نہیں۔''

س: غزوہ احد میں کس صحابی کی تیر اندازی سے خوش ہو کر حضورؐ نے فرمایا تھا ''تیر چلاؤ میرے ماں باپ تم پر قربان؟''

ج: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص۔

س: غزوہ احد میں جب حضورؐ پر ابن قمیہ کافر نے حملہ کیا تھا وہ کون سی خاتون تھیں جنہوں نے بڑی بہادری سے حضورؐ کا دفاع کیا اور گہرا زخم کھایا تھا؟

ج: حضرت نسیبہؓ۔

س: یہ صحابیہؓ کس نام سے مشہور تھیں؟

ج: حضرت ام عمارہؓ۔

س: یہ کن صحابیؓ کی زوجہ تھیں؟

ج: حضرت زیدؓ بن عاصم کی۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ کے رخساروں میں دھنس جانے والے خود کی کڑیوں کو کس صحابی نے فرط محبت میں اپنے دانتوں سے کھینچ کر نکالا تھا؟

ج: حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح نے۔

س: اس سے ان کے اپنے دانتوں کا کیا انجام ہوا تھا؟

ج: ان کے سامنے والے دو دانت ٹوٹ گئے تھے۔

س: غزوہ احد میں وہ کونسے صحابی تھے جنہوں نے اپنے کافر باپ سے لڑنے کی اجازت مانگی لیکن حضورؐ نے رحمتہ اللعالمین ہونے کی بناء پر یہ گوارا نہ کیا کہ بیٹا باپ پر تلوار اٹھائے۔

ج: حضرت حنظلہؓ۔

س: کیا آپ ان کے کافر باپ کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج: ابو عامر دوسی۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ پر ابن قمیہؑ کے تلوار کے وار کو کس صحابیؓ نے اپنے ہاتھوں پر روکا تھا جس سے ان کی انگلیاں کٹ گئیں؟

ج: حضرت طلحہؓ۔

س: اس صحابیؓ کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے غزوہ احد میں حضورؐ کے سامنے کھڑے ہو کر کفار پر اس قدر تیر برسائے تھے کہ دو تین کمانیں ان کے ہاتھ سے ٹوٹ گئی تھیں؟

ج: حضرت طلحہؓ

س: رسول اکرمؐ نے حضرت طلحہؓ کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

ج: جو شخص کسی شہید کو روئے زمین پر چلتا ہوا دیکھنا چاہے وہ طلحہؓ کو دیکھ لے۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ کے رخسار مبارک سے بہنے والا خون کن صحابی نے چوس کر نگل لیا تھا؟

ج: حضرت مالکؓ بن خدری نے۔

س: وہ کن کے والد تھے؟

ج: حضرت ابو سعیدؓ خدری کے۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جو بوڑھے اور لنگڑے تھے اور ان سے حضورؐ نے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں معذور قرار دیا ہے اور تم پر جہاد فرض نہیں لیکن وہ اپنے فرزندوں سمیت غزوہ احد میں شریک ہوئے اور شہید ہوئے؟

ج: حضرت عمروؓ بن جموع۔

س: ان دو صحابیوں کے اسمائے گرامی بتایئے جنھوں نے غزوہ احد میں حضورؐ کو کفار کی تیراندازی سے بچانے کے لئے خود کو آپ کے لئے ڈھال بنا دیا تھا اور تیروں نے انہیں چھلنی کر دیا تھا؟

ج: حضرت ابو دجانہؓ اور حضرت طلحہؓ۔

س: غزوہ احد میں شہید ہونے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کے متعلق حضورؐ نے خصوصی طور پر دریافت فرمایا تھا کہ وہ زندہ ہیں یا شہید ہو چکے ہیں؟

ج: حضرت سعدؓ بن ربیع۔

س: غزوہ احد میں مسلمانوں کو شروع میں فتح ہوئی اور انہوں نے لوٹ مار شروع کر دی تو تیراندازوں کی جماعت میں سے اکثر اپنے سردار اور حضورؐ کی ہدایت کے باوجود یہ کہہ کر اپنی جگہ چھوڑ دی اور لوٹ مار میں لگ گئے

کہ اب تو فتح ہو چکی بتایئے اس موقع پر کتنے تیرانداز ثابت قدم رہے تھے؟

ج: دس تیرانداز۔

س: اس موقع پر گھاٹی کو خالی دیکھ کر کس کافر نے پیچھے سے حملہ کیا تھا اور مسلمانوں کی جیتی ہوئی بازی کو شکست میں بدل دیا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

س: ان کے ساتھ دوسرا سالار کون تھا؟

ج: حضرت عکرمہؓ بن ابوجہل (وہ بھی مسلمان نہیں ہوئے تھے۔)

س: غزوہ احد میں مسلمانوں کو کس بناء پر شکست ہوئی تھی؟

ج: حضورؐ کی حکم عدولی پر۔

س: غزوہ احد میں کس صحابیؓ نے جام شہادت نوش کرتے وقت اپنی قوم کو حضورؐ کی حفاظت کرنے کی نصیحت فرمائی تھی؟

ج: حضرت سعدؓ بن ربیع۔

س: غزوہ احد میں وہ کونسے صحابیؓ تھے جنہوں نے اپنی پشت کو حضورؐ کی حفاظت کے لئے ڈھال کے طور پر استعمال کیا اور جو بھی تیر آنحضرتؐ کی طرف آتا وہ اسے اپنی پشت پر روک لیتے تھے؟

ج: حضرت ابودجانہؓ۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ نے کن صحابی کی تلوار ٹوٹنے کے بعد انہیں کھجور کی ایک چھڑی عنایت فرمائی تھی جو ان کے ہاتھ میں جا کر تلوار بن گئی تھی؟

ج: حضرت عکاشہؓ۔

س: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے خسر غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت خارجہؓ بن ابی زید انصاری۔

س: غزوہ احد میں کس ام المومنین کے ایک حقیقی بھائی شہید ہوئے تھے؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: ان کے شہید ہونے والے بھائی کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن جحش۔

س: غزوہ احد میں کس صحابیؓ کی آنکھ کا ڈھیلا دشمن کے تیر سے باہر نکل پڑا تھا؟

ج: حضرت قتادہؓ بن نعمان۔

س: غزوہ احد میں جب آنحضرتؐ کے دندان مبارک شہید کیے گئے تو اس وقت آپ کو بہت پیاس لگ رہی تھی ایک صحابیؓ پانی کی تلاش میں نکلے اور پانی لے کر آئے جسے پی کر حضورؐ نے خوش ہو کر انہیں دعائے خیر دی۔ صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت محمدؓ بن مسلمہ۔

س: غزوہ احد میں آپؐ کے ہمراہ کتنی خواتین تھیں؟

ج: ۱۴ خواتین۔

س: حضورؐ کا دفاع کرتے ہوئے ام عمارہؓ کے جسم پر کتنے زخم آئے تھے؟

ج: بارہ زخم۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ نے یہ الفاظ کس موقع پر ادا فرمائے تھے۔ ''جس کے خون میں میرا خون جا ملا اسے دوزخ کی آگ نہ چھو سکے گی؟''

ج: جب حضرت مالکؓ بن سنان خدری نے فرط عقیدت سے حضورؐ کا بہتا ہوا خون چوس لیا تو آپ نے یہ الفاظ ادا فرمائے تھے۔

س: غزوہ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟

ج: ۷۰ مسلمان۔

س: غزوہ اُحد کے مقتولین میں بنو ثعلبہ کا ایک یہودی بھی تھا جو مسلمانوں کی طرف سے لڑا۔ اس کا نام بتائیے نیز رسول اکرمؐ نے اس بارے میں کیا فرمایا تھا؟

ج: مخیریق۔ آپؐ نے فرمایا ''مخیریق بہترین یہودی تھا''۔

س: کیا یہ درست ہے کہ غزوہ احد میں شہید ہونے والے ۷۰ مسلمان میں جلیل القدر صحابہ کرامؓ بھی شامل ہیں؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: غزوہ احد میں حضورؐ کے کون سے عزیز چچا شہید ہوئے تھے؟

ج: حضرت حمزہؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ کو شہدائے احد میں سب سے زیادہ دکھ اور رنج حضرت حمزہؓ کے شہید ہونے پر ہوا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا تھا؟

ج: حبشی غلام وحشی بن حرب نے۔

س: وحشی کو حضرت حمزہؓ کو شہید کرنے کا حکم کس نے دیا تھا؟

ج: ہندہ نے۔

س: وہ کس سردار کی بہن تھیں؟

ج: ابوسفیان کی۔

س: وحشی کس کا غلام تھا؟

ج: جبیر بن معطم کا۔

س: وحشی نے حضرت حمزہؓ کو کس طرح شہید کیا تھا؟

ج: اپنے مخصوص چھوٹے نیزے سے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ ہندہ نے حضرت حمزہؓ کی شہادت کے بعد ان کی لاش کی بے حرمتی کی اور ان کے کلیجے کو چاک کر کے دانتوں میں چبانے کے بعد پھینک دیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: آنحضرتؐ نے جب اپنے پیارے اور مہربان چچا کی لاش کو اس حالت

میں دیکھا تو آپؐ پر کیا اثر ہوا؟

ج: آپؐ کی آنکھوں میں آنسو جاری ہو گئے تھے۔

س: اس وقت بے پناہ رنج وغم کے عالم میں آپؐ کی زبان مبارک سے کیا الفاظ نکلے تھے؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا افسوس میری آنکھوں نے اس سے پہلے ایسا نظارہ کبھی نہیں دیکھا۔

س: اس موقع پر آپؐ نے مزید کیا فرمایا تھا؟

ج: ''اگر مجھے حمزہؓ کی بہن صفیہؓ کے رنج والم کا خیال نہ ہوتا تو خدا کی قسم میں اس لاش کو اسی طرح چھوڑ دیتا کہ گدھ وغیرہ اسے کھا جائیں خدا کی قسم! اگر میرا بس چلا تو میں ان کی (۷۰) ستر لاشوں کی اسی طرح درگت بناؤں گا۔''

س: حضورؐ نے اپنے چچا حضرت حمزہؓ کو کون سا خطاب دیا تھا؟

ج: سید الشہداء کا یعنی شہیدوں کے سردار۔

س: حضورؐ نے کب حضرت حمزہؓ کو سید الشہداء کا خطاب دیا تھا؟

ج: جب آپؐ نے انہیں غزوہ احد میں اس حالت میں دیکھا تو آپؐ نے فرمایا تھا کہ یہ سید الشہداء ہیں۔

س: غزوہ احد میں شہید ہونے والے کس صحابیؓ کی نماز جنازہ ستر (۷۰) مرتبہ پڑھی گئی۔

ج: حضرت حمزہؓ کی۔

س: غزوہ احد کے دوسرے روز زخمی ہونے کے باوجود حضورؐ نے دوسرے مجاہدین کے ساتھ مشرکین مکہ کا تعاقب کیا تھا کیا آپؐ اس جگہ کا نام بتا سکتے ہیں جہاں تک حضورؐ پہنچے تھے؟

ج: حمراء الاسد تک۔

س: یہ مقام مدینہ منورہ سے کتنی دور ہے؟

ج: آٹھ میل دور۔

س: غزوہ حمراء الاسد کے موقع پر آنحضرتؐ نے کسے مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ کو۔

س: آنحضرتؐ غزوہ بنو غطفان کے لئے کس تاریخ کو مدینے سے نکلے تھے؟

ج: ۱۲ ربیع الاول۔

س: اس موقع پر آپؐ کے ساتھ کتنے افراد تھے؟

ج: ۵۰۰ افراد۔

☆......☆......☆

سنہ ۴ ھ کے اہم واقعات

س: صفر ۴ھ میں کس قبیلے کا ایک رئیس حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور اپنی قوم میں تبلیغ اسلام کے لئے آپؐ سے مبلغ بھیجنے کی درخواست کی تھی؟

ج: قبیلہ بنو کلاب کا۔

س: اس رئیس کا نام بتا دیں؟

ج: ابو برا کلابی۔

س: حضورؐ نے اس کی درخواست پر کتنے مبلغ بھیجے تھے تا کہ اس کی قوم میں اسلام کی دعوت دیں؟

ج: ۷۰ افراد۔

س: کیا یہ درست ہے کہ یہ سب بزرگ صحابہ کرامؓ تھے؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: ابو برا کلابی کی درخواست پر بھیجے گئے ستر مبلغین کو بنو عامر کے فوجی دستے نے کہاں شہید کر دیا تھا؟

ج: بیئر معونہ کے مقام پر۔

س: حضورؐ کو جب علم ہوا کہ ۷۰ مبلغین کرام شہید کر دیئے گئے ہیں تو آپ کو بہت صدمہ ہوا تھا اور آپؐ نے متواتر کتنے روز تک مخالفین کے لئے بددعا

فرمائی تھی؟

ج: ۳۰ روز تک۔

س: اس بددعا کو کیا کہتے ہیں۔

ج: قنوت نازلہ۔

س: یہ بددعا آپؐ نے کس نماز کے بعد فرمائی تھی؟

ج: نماز فجر کے بعد۔

س: غزوہ احد کے بعد حضورؐ نے کس یہودی قبیلے کا محاصرہ کیا تھا؟

ج: بنونضیر کا۔

س: غزوہ بنی نضیر کے موقع پر آنحضرتؐ نے کسے اپنی جگہ مدینہ منورہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ کو۔

س: اس موقع پر کس قبیلے کے سردار کی ایک خاص تلوار حضورؐ نے ایک معتبر صحابیؓ کو عطا فرمائی تھی؟

ج: بنونضیر کے سردار کی۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: غزوہ ذات الرقاع کے موقع پر حضورؐ کتنے صحابہ کو لیکر مدینے سے روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۴۰۰ صحابہ کرامؓ کو۔

س: اس غزوے کے موقع پر حضورؐ نے کسے اپنی جگہ قائم مقام امیر مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ کو۔

س: غزوہ بدر کے بعد میدان بدر میں مزید دو غزوات ہوئے یہ بات درست ہے یا غلط؟

ج: درست ہے۔

س: غزوہ بدر ثانی میں حضورؐ نے کتنے صحابہؓ کرام کے ساتھ بدر کی جانب کوچ کیا تھا؟

ج: ڈیڑھ ہزار صحابہ کرامؓ کے ساتھ۔

س: اس غزوے کے موقع پر مدینہ میں حضورؐ نے اپنا نائب کسے بنایا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ کو۔

س: غزوہ بدر ثانی کے موقع پر حضورؐ نے کتنے روز تک بدر کے میدان میں ابوسفیان' سردار قریش کے آنے کا انتظار کیا تھا؟

ج: آٹھ روز تک۔

س: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر کوئی میرے ساتھ نہ نکلتا تو میں اکیلے ہی مقابلے کے لئے روانہ ہو جاتا'' یہ جملہ حضورؐ نے کس غزوے کے موقع پر ادا فرمایا تھا؟

ج: غزوہ بدر ثانی کے موقع پر۔

س: غزوہ بدر ثانی کیلئے آنحضرتؐ کتنے دن تک مدینہ منورہ سے باہر رہے تھے؟

ج: سولہ دن تک۔

س: حضورؐ نے پہلی نماز خوف کس غزوے کے موقع پر ادا فرمائی تھی؟

ج: غزوہ ذات الرقاع کے موقع پر۔ (یہ نماز حالت جنگ کی مخصوص نماز ہے)

س: یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: ۴ھ میں۔

ج: ۴ھ میں حضورؐ کے کس نواسے کا انتقال ہوا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن عثمان۔

س: ان کی والدہ کا نام بتایئے جو حضورؐ کی بیٹی تھیں؟

ج: حضرت رقیہؓ۔

س: حضرت عبداللہؓ کی وفات کس عمر میں ہوئی تھی؟

ج: چھ سال کی عمر میں۔

س: ۴ھ میں حضورؐ نے کس صحابیؓ کو عبرانی زبان سیکھنے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن ثابت کو۔

س: انہوں نے آپؐ کے حکم سے کتنے دن میں عبرانی زبان سیکھ لی تھی؟

ج: ۱۵ دن میں۔

س: ۴ھ میں حضورؐ کے کون سے مشہور نواسے پیدا ہوئے؟

ج: حضرت امام حسینؓ۔

س: وہ کس کے صاحبزادے تھے؟

ج: حضرت علیؓ کے۔

س: ان کی والدہ کا نام بتایئے جو حضورؐ کی چہیتی صاحبزادی تھیں؟

ج: حضرت فاطمہؓ۔

س: حضرت امام حسینؓ کس اسلامی مہینے میں پیدا ہوئے تھے؟

ج: شعبان میں۔

س: ۴ھ میں حضرت علیؓ کی والدہ نے وفات پائی ان کا نام بتا دیجیے؟

ج: حضرت فاطمہؓ بنت اسد۔

س: رسول اکرمؐ نے پہلی بار کس کے جنازہ کا پایہ اپنے کندھوں مبارک پر اٹھایا تھا؟

ج: حضرت فاطمہؓ بنت اسد کا۔

سنہ ۵ھ کے اہم واقعات

س: ۵ھ میں حضورؐ نے وادی عقیق کی جاگیر کس صحابیؓ کو عطا فرمائی تھی؟

ج: حضرت بلالؓ کو۔

س: ۵ھ میں چاند گرہن ہوا تھا تو حضورؐ نے کونسی نماز پڑھی تھی؟

ج: نماز خسوف۔

س: اسلامی مہینہ کونسا تھا جس میں چاند گرہن ہوا تھا؟

ج: جمادی الثانی۔

س: وہ پہلا وفد کونسا تھا جس نے بارگاہ نبوت میں حاضری دی؟

ج: قبیلہ مزینہ کا وفد۔

س: یہ وفد کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

ج: ۴۰۰ افراد پر۔

س: ''اللہ تعالیٰ تم سے معافی منگوانا چاہتے ہیں پس معافی مانگ کر خدا کو راضی کرو'' حضورؐ نے یہ جملہ کس واقع کے رونما ہونے پر فرمایا تھا؟

ج: مدینہ میں زلزلہ آیا تھا جس پر آپؐ نے فرمایا تھا۔

س: غزوہ دومتہ الجندل کب ہوا تھا؟

ج: ۵ھ۔

س: حضورؐ اس غزوے کے لئے مدینہ منورہ سے کب روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۲۵ ربیع الاول کو۔

س: عیسوی تاریخ کیا تھی؟

ج: ۲۴ اگست ۶۲۶ء۔

س: اس غزوے میں حضورؐ کے ساتھ مجاہدین کی تعداد کیا تھی؟

ج: ایک ہزار۔

س: غزوہ بنی مصطلق کے لئے حضورؐ کب روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۲ شعبان ۵ھ کو۔

س: عیسوی ماہ و سال کے مطابق یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: ۲۷ دسمبر ۶۲۶ء۔

س: اس غزوے کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: غزوہ مریسیع۔

س: اس غزوے کے گرفتار ہونے والے قیدیوں میں سے کس خاتون سے حضورؐ نے نکاح کیا تھا؟

ج: حضرت جویریہؓ سے۔

س: وہ کس کی بیٹی تھیں؟

ج: قبیلہ بنو مصطلق کے سردار کی۔

س: قبیلے کے سردار کا نام کیا تھا؟

ج: حارث بن ابی ضرار۔

س: غزوہ بنی مصطلق میں گرفتار ہونے والے مرد اور عورتیں کیوں رہا کر دیئے گئے تھے؟

ج: اس لئے کہ حضورؐ نے جویریہؓ جو قبیلے کے سردار کی بیٹی تھیں سے نکاح کر لیا تھا اور مسلمانوں نے تمام لونڈی غلام یہ کہہ کر رہا کر دیئے تھے کہ یہ اب ہمارے رشتے دار ہیں لہٰذا انہیں غلام نہیں بنایا جا سکتا۔

س: بنو حنیفہ کے اس رئیس کا نام بتائیے جنہیں حضورؐ نے ان کی گرفتاری کے بعد مسجد کے ایک ستون سے بندھوا دیا تھا اور وہ تین روز بعد مسلمان ہو گئے تھے انہوں نے اہل مکہ کا غلہ روک لیا تھا تاہم آپؐ کے کہنے پر اس کی ترسیل دوبارہ شروع کر دی تھی؟

ج: حضرت ثمامہؓ بن اثال۔

س: غزوہ احزاب کب ہوا تھا؟

ج: ۵ھ میں۔

س: اس غزوے کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: غزوۂ خندق۔

س: اس غزوے میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: تین ہزار۔

س: غزوہ خندق میں مسلمانوں نے خندق کھود کر کفار مکہ کا مقابلہ کیا تھا یہ خندق کس صحابیؓ کے مشورے سے کھودی گئی تھی؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ کے۔

س: یہ خندق کس پہاڑ کے دامن میں کھودی گئی تھی؟

ج: جبل مسلع۔

س: یہ خندق کتنے میل لمبی تھی؟

ج: تین میل لمبی۔

س: اس خندق کی چوڑائی کیا تھی؟

ج: ۲۰ فٹ۔

س: اس خندق کو کتنے مسلمانوں نے دن رات کی محنت کر کے کھودا تھا؟

ج: تین ہزار مسلمانوں نے۔

س: غزوہ خندق میں کفار مکہ کی تعداد کیا تھی؟

ج: دس ہزار۔

س: غزوہ خندق میں حضورؐ کب خندق پر پہنچے تھے؟

ج: ۸ ذی القعد ۵ھ کو۔

س: اس روز ہفتے کا کون سا دن تھا؟

ج: پیر۔

س: حضورؐ کب مدینہ منورہ واپس آئے تھے؟

ج: ۲۵ ذی القعد ۵ھ کو۔

س: غزوہ خندق کے موقع پر مدینہ منورہ میں حضورؐ نے کسے اپنا نائب مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت عمرؓ بن ام مکتوم۔

س: غزوہ خندق میں خندق کی کھدائی کے موقع پر حضورؐ کا خیمہ کس پہاڑ کے دامن میں نصب کیا گیا تھا؟

ج: جبل ذباب پر۔

س: کیا یہ درست ہے کہ خندق کھودنے میں حضورؐ نے عام مسلمانوں کی طرح حصہ لیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: غزوہ خندق کے موقع پر فاقے کی وجہ سے حضورؐ کے شکم مبارک پر کتنے پتھر بندھے ہوئے تھے؟

ج: دو پتھر۔

س: غزوہ خندق میں حضورؐ کا خیمہ کس رنگ کا تھا؟

ج: سرخ رنگ کا۔

س: خندق کھودتے وقت حضورؐ کن صحابیؓ کے اشعار پڑھتے جاتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہ بن رواحہ کے۔

س: غزوہ خندق کے موقع پر کس کافر سردار نے پیغام دے کر ایک قاصد حضورؐ کے پاس بھیجا تھا؟

ج: ابوسفیان۔

س: کیا آپ قاصد کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج: ابوسلمہ خشی۔

س: غزوہ خندق میں جنگ کے دوران حضوؐر کا مرکزِ قیام کہاں تھا؟

ج: جبل سلع پر۔

س: غزہ خندق میں حضوؐر نے کس صحابیؓ سے یہ فرمایا تھا۔ ''کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان؟''

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام سے۔

س: وہ کونسا غزوہ ہے جس میں حضوؐر کی مسلسل چار نمازیں قضا ہوئیں؟

ج: غزوہ خندق۔

س: کیا آپؐ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

ج: اس غزوے میں مسلسل تیراندازی اور سنگ باری کی وجہ سے اپنی جگہ سے ہٹنا ممکن نہیں تھا۔

س: غزوہ احزاب کے موقع پر کس یہودی قبیلے نے مسلمانوں کو دھوکہ دیا تھا؟

ج: بنو قریظہ۔

س: بنو قریظہ کے اس سردار کا نام بتایئے جس نے مسلمانوں سے بدعہدی کی تھی؟

ج: کعب بن اسد قرظی۔

س: غزوہ احزاب میں بنو قریظہ کی بدعہدی کے بعد حضوؐر نے کس قبیلے سے معاہدہ کرنا چاہا تھا؟

ج: بنو غطفان۔

س: جب آپؐ نے اس سلسلے میں صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا تو وہ کونسے صحابیؓ تھے جنہوں نے آپؐ سے مشورے کے وقت عرض کیا تھا کہ اب تو اسلام نے ہمارا درجہ بلند کر دیا ہے ہم ان سے معاہدہ نہیں کریں گے؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ اور حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: غزوہ خندق کے موقع پر بنو قریظہ کی بدعہدی کی تحقیق کیلئے حضوؐر نے کن صحابہؓ کو بھیجا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ اور حضرت سعدؓ بن عبادہ کو۔

س: ان کے ساتھ اور کتنے صحابیؓ بھی گئے تھے؟

ج: دو۔

س: غزوہ خندق کے موقع پر قریش اور بنو قریظہ میں سیاسی تفرقہ ڈالنے کے لئے حضوؐر سے کس صحابیؓ نے اجازت طلب کی تھی؟

ج: حضرت نعیمؓ بن مسعود۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اس وقت تک انہوں نے اسلام لانے کا کھل کر اظہار نہیں کیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: غزوہ خندق میں خندق عبور کرنے والے اس مشرک کا نام بتایئے جو عرب میں ایک ہزار سواروں کے برابر مانا جاتا تھا؟

ج: عمرو بن عبدود۔

س: عمرو بن عبدود جب خندق عبور کر کے مسلمانوں کی طرف آیا تو کس صحابیؓ کے ہاتھوں قتل ہوا تھا؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: عمرو بن عبدود کے علاوہ خندق عبور کرنے کی کوشش کرنے والے اس مشرک کا نام بتایئے جو خندق میں گر پڑا تھا؟

ج: نوفل بن عبداللہ مخزومی۔

س: وہ کس صحابیؓ کے ہاتھوں مارا گیا؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: قریش نے اس کی لاش کی واپسی کے لئے کتنی رقم کی پیش کش کی تھی؟

ج: دس ہزار درہم۔

س: حضورؐ نے اس پر کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: ''لاش دے دو قیمت درکار نہیں ہے۔''

س: وہ کونسا غزوہ ہے جس میں حضورؐ نے مسلمانوں کو ایران اور روم فتح کرنے کی خوشخبری سنائی تھی؟

ج: غزوہ خندق۔

س: غزوہ خندق کے ایام میں آنحضرتؐ ایک ہزار صحابہ کرامؓ کو جو تین دن سے خندق کھودنے میں لگے ہوئے تھے اور انہیں کھانے کے لئے کچھ نہ ملا تھا دعوت کے لئے کس صحابی کے گھر گئے تھے؟

ج: حضرت جابرؓ بن عبداللہ۔

س: غزوہ خندق میں حضورؐ نے کس جلیل القدر صحابیؓ کو ''حواریٔ رسول'' کا لقب دیا تھا؟

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام کو۔

س: غزوہ خندق میں حضورؐ کی کس پھوپھی محترمہ نے قلعے میں جہاں عورتیں اور بچے مقیم تھے آنے والے یہودی کو کمال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے قتل کر دیا تھا؟

ج: حضرت صفیہؓ۔

س: قلعے میں جہاں عورتیں اور بچے مقیم تھے پر عورتوں کی حفاظت پر کن صحابیؓ کو مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت کو۔

س: غزوہ خندق کے دوران حضورؐ کتنے دنوں تک اسلام کی فتح اور کفر کی شکست کیلئے دعائیں فرماتے رہے تھے؟

ج: تین دن تک۔

س: کیا آپ وہ دن بتا سکتے ہیں؟

ج: پیر، منگل اور بدھ۔

س: حضورؐ کس مسجد میں یہ دعائیں فرماتے رہے تھے؟

ج: مسجد فتح۔

س: غزوہ خندق میں کفار مکہ نے کتنے دنوں تک محاصرہ کیا تھا؟

ج: ایک ماہ تک۔

س: غزوہ خندق کے موقع پر ابوسفیان کا ایک قاصد حضورؐ کے پاس پیغام لایا تھا تو آپؐ نے کس صحابیؓ کو اس کا جواب لکھنے کے لئے کہا تھا؟

ج: حضرت ابیؓ بن کعب۔

س: غزوہ خندق میں زخمی ہونے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی مزاج پرسی کے لئے حضورؐ روزانہ ان کے پاس جاتے رہے اور جب ان کا انتقال ہوا تو حضورؐ دیر تک ان کی لاش کو اپنے زانوں پر رکھے بیٹھے رہے؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: غزوہ خندق کے دوران جب ایک معاملہ کی تحقیق کے لئے حضورؐ خود بنونضیر کی بستی میں تشریف لے گئے تھے کس نے آپؐ پر قلعہ کی دیوار سے پتھر گرانے کا ذمہ لیا تھا؟

ج: ایک یہودی نے۔

س: اس یہودی کا نام کیا تھا؟

ج: عمرو بن حجاش نضری۔

س: غزوہ خندق کا انجام کیا ہوا تھا؟

ج: کفار ایک ماہ کے محاصرے کے بعد ناکام لوٹ گئے تھے کیونکہ آخری دنوں میں آنے والی تیز آندھی اور طوفان نے ان کے خیموں کو درہم برہم کر دیا تھا۔ ان کے پاس خود کھانے اور اپنے جانوروں کو کھلانے کے لئے چارہ باقی نہیں رہا تھا اور دیگر حالات بھی خراب تھے۔

س: غزوہ خندق کے خاتمے پر جب قریش اور ان کے حلیف ناکام و نامراد

واپس لوٹ گئے تو حضورؐ نے کیا فرمایا تھا؟

ج: ''اب ہم ان (قریش) پر چڑھائی کریں گے اور وہ ہم پر چڑھائی نہیں کر سکیں گے۔''

س: غزوہ خندق کے مال غنیمت میں حضورؐ نے اپنی کس پھوپھی محترمہ کو ان کی بہادری کی وجہ سے مردوں کے برابر حصہ دیا تھا؟

ج: حضرت صفیہؓ کو۔

س: غزوہ احزاب کے خاتمے پر حضورؐ نے کس یہودی قبیلے کے محاصرے کا حکم دیا تھا؟

ج: بنو قریظہ کا جس نے مسلمانوں سے بدعہدی کی تھی۔

س: آپ نے اس مقصد کے لئے کس صحابیؓ کو علم دیکر روانہ فرمایا تھا؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: غزوہ بنو قریظہ کی اطلاع حضورؐ کو کس زوجہ مطہرہ کے حجرے میں قیام کے دوران ملی تھی؟

ج: حضرت ام سلمہؓ۔

س: اس غزوے میں آنحضرتؐ کے ساتھ کتنے صحابہؓ تھے؟

ج: ایک ہزار صحابہ کرامؓ۔

س: اس غزوے کے موقع پر مدینہ میں حضورؐ نے اپنا نائب کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن ام مکتوم کو۔

س: غزوہ بنو قریظہ کے موقع پر حضورؐ نے کن صحابیؓ کے حق میں فرمایا تھا کہ ان کو دو شہیدوں کا ثواب ملا؟

ج: حضرت خلادؓ بن سوید بن ثعلبہ انصاری۔

س: بنو قریظہ کی درخواست پر آنحضرتؐ نے ان کا معاملہ طے کرنے کیلئے کس صحابیؓ کو روانہ فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابو البابہؓ کو۔

س: حضرت ابو البابہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: حضرت رفاعہؓ بن منذر۔

س: غزوہ بنو قریظہ کے بعد حضورؐ کب واپس لوٹے تھے؟

ج: ۷ ذی الحجہ کو۔

س: اس غزوے کے نتیجے میں بنو قریظہ کے جوانوں کو قتل کیا گیا تھا یہ فیصلہ بنو قریظہ کیلئے مقرر کردہ ثالث صحابیؓ نے کیا تھا ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت سعدؓ بن معاذ۔

س: کتنے افراد قتل کیے گئے تھے؟

ج: ۴۰۰ افراد۔ (بعض کتب میں تعداد ۶۰۰ اور ۷۰۰ لکھی ہے)

س: غزوہ بنو قریظہ میں قید ہونے والی عورتوں میں سے ایک عورت بھی قتل کی گئی۔ کیوں؟

ج: اس نے حضرت خلادؓ بن سوید پر چکی کا پاٹ پھینک کر انہیں قتل کر دیا تھا اس کے بدلے اسے قتل کیا گیا۔

سنہ ٦ ھ کے اہم واقعات

س: ٦ھ میں کس صحابیؓ نے حضورؐ کو ایک غلام تحفے میں دیا تھا؟

ج: حضرت رفاعہؓ نے۔

س: اس غلام کا نام کیا تھا؟

ج: مدعم۔

س: یہ غلام کس جنگ میں مارا گیا؟

ج: غزوہ خیبر میں۔

س: سریہ محمدؓ بن مسلمہ کب ہوا تھا؟

ج: ٦ھ میں۔

س: اس سریہ میں حضورؐ نے مال غنیمت مجاہدین میں تقسیم فرمایا تھا بتایئے کتنی بکریوں کے برابر ایک اونٹ تجویز فرمایا تھا؟

ج: دس بکریوں کے برابر۔

س: مسلمانوں نے کب پہلی بار مدینہ میں نماز استقساء پڑھی؟

ج: رمضان ٦ھ بروز جمعتہ المبارک۔

س: حضورؐ نے کل کتنے عمرے کئے تھے؟

ج: چار عمرے۔

س: حضورؐ نے چاروں عمرے کس اسلامی مہینے میں ادا کئے تھے؟

ج: ذیقعدہ میں۔

س: حضورؐ مدینہ منورہ میں آمد کے بعد پہلی بار کب عمرے کے ارادے سے مکہ روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۶ھ میں۔

س: اس وقت آپ کے پاس کتنے صحابہ کرامؓ تھے؟

ج: ۱۴۰۰ صحابہ کرامؓ۔

س: حضورؐ مدینہ منورہ سے کس اسلامی تاریخ کو روانہ ہوئے تھے؟

ج: یکم ذی القعد ۶ھ کو۔

س: اس روز ہفتے کا کون سا دن تھا؟

ج: دوشنبہ۔

س: اُمہات المومنین میں سے کونسی ام المومنین آپ کے ہمراہ تھیں؟

ج: حضرت ام سلمہؓ۔

س: آپ کے ساتھ قربانی کے کتنے اونٹ تھے؟

ج: ۷۰ اونٹ۔

س: مدینہ سے پہلی بار عمرے کے لئے روانہ ہونے کے بعد حضورؐ نے کس شخص کو قریش مکہ کے ارادوں کی خبر لانے کے لئے بھیجا تھا؟

ج: بشر بن سفیان الکعبی کو۔

س: حضورؐ جب عمرے کے ارادے سے مکہ جا رہے تھے تو مکہ کے قریب

راستے میں کس جگہ آپؐ کی اونٹنی بیٹھ گئی تھی اور باوجود کوشش کے اٹھتی نہ تھی؟

ج: ثنیۃ المرار۔

س: یہ مقام کس مشہور مقام کے قریب ہے؟

ج: حدیبیہ۔

س: حدیبیہ کا مقام مکہ مکرمہ سے کتنی دور ہے؟

ج: ۲۰ میل دور۔

س: حدیبیہ میں پہنچنے اور قیام فرمانے کے بعد حضورؐ کی خدمت میں سب سے پہلے کون حاضر ہوا تھا؟

ج: بدیل بن ورقا۔

س: وہ کس قبیلے کا رئیس تھا؟

ج: قبیلہ بنوخزاعہ کا۔

س: وہ کتنے آدمیوں کے ساتھ آیا تھا؟

ج: چند سواروں کے ساتھ۔

س: عمرے کے لئے مکہ مکرمہ جاتے ہوئے حضورؐ نے کس صحابیؓ کو مدینے کے انتظامی امور کا نگران مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابوذر غفاریؓ۔

س: اس موقع پر حضورؐ نے نمازوں کے اہتمام کے لئے کسے نگران بنایا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو۔

س: حدیبیہ کے موقع پر آنحضرتؐ اپنی کس اونٹنی پر سوار تھے؟

ج: قصویٰ۔

س: حدیبیہ میں قیام فرمانے کے بعد حضورؐ نے کس صحابیؓ کو قریش کے پاس سفیر

بنا کر بھیجا تھا تاکہ انہیں بتا سکیں کہ مسلمان جنگ کے لئے نہیں بلکہ عمرے کے ارادے سے مکہ آئے ہیں؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

س: وہ مکہ مکرمہ میں اپنے کس عزیز کے پاس گئے تھے؟

ج: حضرت ابانؓ بن سعید۔

س: قریش نے حضرت عثمان غنیؓ کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا؟

ج: انہوں نے حضرت عثمانؓ کو نظر بند کر لیا تھا؟

س: حضرت عثمانؓ کو نظر بند کرنے کے بعد کیا افواہ پھیلائی گئی تھی؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ شہد کر دیئے گئے۔

س: اس اطلاع کے بعد حضورؐ نے کیا فیصلہ کیا تھا؟

ج: مسلمانوں سے بیعت لینے کا۔

س: تاریخ میں یہ بیعت کس نام سے مشہور ہے؟

ج: بیعت رضوان۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اللہ تعالیٰ کو یہ بہت پسند آئی اور اس کا تذکرہ قرآن پاک میں بھی موجود ہے؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: بیعت لینے کے موقع پر سب سے پہلے کس صحابیؓ نے بیعت کی تھی؟

ج: حضرت ابو سنانؓ خذری نے۔

س: بیعت لینے کے موقع پر حضورؐ نے اپنے بائیں ہاتھ کو کس کا دایاں ہاتھ قرار دے کر ان کی جانب سے بیعت کی تھی؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ کے ہاتھ کو۔

س: اس بیعت سے گھبرا کر قریش نے کس کو اپنا سفیر بنا کر صلح کے لئے بھیجا

تھا؟

ج: سہیل بن عمرو۔

س: اس موقع پر قریش اور مسلمانوں میں جو معاہدہ ہوا وہ کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: صلح حدیبیہ کے نام سے۔

س: معاہدے کی شرائط لکھنے کے لئے حضوؐر نے کس صحابی کو طلب فرمایا تھا؟

ج: حضرت علیؓ کو۔

س: معاہدے میں سب سے پہلے کیا لکھا گیا تھا؟

ج: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

س: قریش کے نمائندے سہیل نے کیا لکھنے پر اعتراض کیا تھا؟

ج: محمد بن عبداللہ کے ساتھ رسول اللہ کے الفاظ لکھنے پر۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضوؐر نے سہیل بن عمرو کے اعتراض پر حضرت علیؓ کو محمد کے ساتھ لکھے گئے رسول اللہ کے الفاظ کاٹنے کا حکم تھا؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: صلح حدیبیہ لکھے جانے کے وقت مکہ سے فرار ہو کر آنے والے وہ کون سے مسلمان تھے جنہیں حضوؐر نے معاہدے کی رو سے سہیل کو واپس کر دیا تھا حالانکہ وہ ظلم و ستم کا شکار تھے اور آپؐ نے انہیں مخاطب کر کے فرمایا تھا کہ صبر کرو اللہ جلد تم لوگوں کے لئے کوئی راستہ نکال دے گا؟

ج: حضرت ابو جندلؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ وہ قریش کے نمائندے سہیل بن عمرو کے صاحبزادے تھے؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: صلح حدیبیہ کے معاہدے کی نمایاں شرائط کتنی تھیں؟

ج: سات۔

س: حضرت ابو جندلؓ کے علاوہ بھاگ کر آنے والے ان صحابیؓ کا نام بتایئے جنہیں حضوؐر نے کفار مکہ کو واپس کر دیا تھا؟

ج: حضرت ابو بصیرؓ۔

س: ان مسلمان خاتون کا نام بتایئے جنہیں حضوؐر نے قریش مکہ کے اصرار کے باوجود واپس نہیں کیا تھا؟

ج: حضرت ام کلثومؓ۔

س: وہ کس کی صاحبزادی تھیں؟

ج: مشہور دشمن اسلام عقبہ بن ابی معیط کی۔

س: حدیبیہ میں حضوؐر کا قیام کتنے دن رہا تھا؟

ج: ۲۲ دن۔

س: بیعت رضوان کے موقع پر حضوؐر نے کس صحابی کو حکم دیا تھا کہ وہ لوگوں کو بیعت کے لئے بلائیں؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کو۔

س: صلح حدیبیہ کے بعد حضوؐر نے عمرے کے لئے قربانی کے جانور ذبح کئے تھے اور اپنا سر مبارک منڈوایا تھا بتایئے کس نے آپ کا سر مبارک صاف کیا تھا؟

ج: حضرت فراشؓ بن امیہ۔

س: غزوہ بنو الحیان کب ہوا تھا؟

ج: ۶ ھ میں۔

س: اس غزوے کے موقع پر آنحضرتؐ نے کسے مدینہ منورہ میں اپنا نائب بنایا

تھا؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ کو۔

س: اس غزوے کے لئے حضوؐر کتنے دن مدینہ منورہ سے باہر رہے تھے؟

ج: ۱۴ دن کیلئے۔

س: غزوہ ذی قرو کب ہوا تھا؟

ج: ۶ھ میں۔

س: اس غزوے کے لئے حضوؐر نے کسے مدینہ میں اپنا قائم مقام امیر مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ کو۔

س: اس غزوے میں حضوؐر کے ساتھ کتنے مجاہدین تھے؟

ج: ۵۰۰۔

س: اس غزوے کے لئے حضوؐر کتنے دن مدینے سے باہر رہے تھے؟

ج: ۵ دن۔

☆......☆......☆

سنہ ۷ھ کے اہم واقعات

س: حضورؐ عمرۃ القضاء کے لئے کب مکہ مکرمہ روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۷ھ میں۔

س: آپؐ نے عمرۃ القضاء کس مہینے میں ادا کیا تھا؟

ج: ذی القعد میں۔

س: اس موقع پر آنحضرتؐ کے ہمراہ کتنے صحابہ کرامؓ تھے؟

ج: ۲ ہزار۔

س: آپؐ کے ساتھ قربانی کے کتنے اونٹ تھے؟

ج: ۶۰ اونٹ۔

س: حضورؐ جب عمرۃ القضاء کے لئے مکہ میں داخل ہوئے تو آپؐ نے اسلحہ اور قربانی کے جانور کہاں چھوڑے تھے؟

ج: وادی یاجج میں۔

س: کن صحابیؓ کو آپؐ نے اسلحے اور قربانی کے جانوروں کا نگران بنایا تھا؟

ج: حضرت اوسؓ بن خولی انصاری۔

س: ان کی سرکردگی میں کتنے افراد تھے؟

ج: ۱۰۰ افراد۔

س: حضورؐ جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تھے تو آپؐ کی اونٹنی کی مہار کس صحابیؓ نے تھام رکھی تھی؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: اس موقع پر حضورؐ کے حکم سے کس نے خانہ کعبہ میں اذان دی تھی؟

ج: حضرت بلالؓ نے۔

س: اس موقع پر کتنے دنوں تک مکہ مکرمہ میں مقیم رہے تھے؟

ج: تین دن تک۔

س: حضورؐ نے اس موقع پر کس سے نکاح کیا تھا؟

ج: حضرت میمونہؓ سے۔

س: اس رشتے کے محرک کون تھے؟

ج: حضورؐ کے محترم چچا حضرت عباسؓ۔

س: وہ ام المومنین حضرت ام میمونہؓ سے کیا رشتہ رکھتے تھے؟

ج: حضرت عباسؓ کی اہلیہ محترمہ حضرت ام میمونہؓ کی سگی بہن تھیں۔

س: حضرت عباسؓ کی اہلیہ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت ام فضلؓ۔

س: بیئر معونہ میں شہید ہونے والے مبلغین کے متعلق حضورؐ کو کس صحابیؓ نے اطلاع دی تھی؟

ج: حضرت عامرؓ بن فہیرہ نے۔

س: وہ کس جلیل القدر صحابیؓ کے غلام تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے۔

س: صلح حدیبیہ سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ واپس تشریف لانے کے بعد حضورؐ نے کس اہم کام کا آغاز کیا تھا؟

ج: سلاطین عرب کے نام تبلیغی خطوط روانہ فرمانے کا۔

س: سلاطین کے نام تبلیغی خطوط بھیجنے سے متعلق حضورؐ کو کونسا مشورہ دیا گیا تھا؟

ج: مہر بنوانے کا۔

س: حضورؐ نے کس دھات کی مہر بنوائی تھی؟

ج: چاندی کی۔

س: یہ مہر کس صحابیؓ نے تیار کی تھی؟

ج: حضرت یعلیٰؓ بن امیہ۔

س: اس مہر کے الفاظ کیا تھے؟

ج: اللہ، محمد، رسول۔

س: یہ مہر کس قسم کی تھی؟

ج: یہ چاندی کی ایک انگوٹھی تھی جسے مہر مبارک کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔

س: حضورؐ خطوط کو کس طرح شروع کرتے تھے؟

ج: ''محمدؐ رسول اللہ کی طرف سے فلاں کی طرف۔''

س: حضورؐ کے اس سفیر کا نام بتایئے جو آپ کا نامہء مبارک لے کر قیصر روم کے پاس گئے تھے؟

ج: حضرت دحیہؓ بن خلیفہ کلبی۔

س: قیصر روم کا نام کیا تھا؟

ج: ہرقل۔

س: شاہ ایران کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لے جانے والے صحابیؓ کون تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن حذافہ۔

س: شاہ ایران کا نام کیا تھا؟

ج: کسریٰ پرویز۔

س: عزیز مصر کے پاس حضورؐ کا نامہء مبارک کس نے پہنچایا تھا؟

ج: حضرت حاطبؓ نے۔

س: عزیز مصر کا نام کیا تھا؟

ج: مقوقس۔

س: شاہ یمامہ کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لے جانے والے صحابیؓ کا اسم گرامی بتایئے؟

ج: حضرت سلیطؓ بن قیس۔

س: حضرت شجاع ؓ بن وہب الاسدی کس کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لیکر گئے تھے؟

ج: حارث بن غسانی، حاکم شام۔

س: منذر بن ساوی تمیمی کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لے جانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

ج: حضرت علاءؓ بن حضرمی۔

س: عمان کے فرمانروا جیفر اور عبد کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لے کر کون گئے تھے؟

ج: حضرت عمروؓ بن العاص۔

س: حضرت عمروؓ بن امیہ کس کے پاس حضورؐ کا نامہ مبارک لیکر گئے تھے؟

ج: نجاشی، شاہ حبشہ۔

س: نجاشی کا اصل نام کیا تھا؟

ج: اصحمہ

س: عمان کے فرمانروا جیفر اور عبد کے پاس حضورؐ کا جو نامہ مبارک حضرت عمروؓ بن العاص لیکر گئے تھے، وہ کس نے تحریر کیا تھا؟

ج: حضرت ابیؓ بن کعب نے۔

س: حضورؐ نے سلاطین کو جو نامہ مبارک بھیجے تھے ان کے جواب میں کس کس نے اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: (۱) نجاشی، شاہ حبشہ نے۔

(۲) یمن کے حاکم باذان نے۔

(۳) عمان کے فرمانروا جیفر اور عبد نے۔

س: سلاطین کے نام حضورؐ کے خطوط کے جواب میں کس کس نے تکبر و نخوت کا اظہار کیا تھا؟

ج: (۱) حارث بن شمر غسانی نے۔

(۲) کسریٰ پرویز' شاہ ایران نے۔

(۳) ہوذہ بن علی حنفی' شاہ یمامہ نے۔

س: حضورؐ کے تبلیغی خط کے جواب میں کس بادشاہ نے اسلام تو قبول نہیں کیا لیکن تکبر و نخوت کی بجائے نرمی اور خاموشی اختیار کی تھی؟

ج: ہرقل' شاہ روم نے۔

س: کس سلطان نے حضورؐ کے خط کے جواب میں آپ کو تحائف بھجوائے تھے؟

ج: عزیز مصر' مقوقس نے۔

س: مقوقس نے حضورؐ کی خدمت میں کتنی کنیزیں بھیجی تھیں؟

ج: دو کنیزیں۔

س: ان کے نام کیا تھے؟

ج: حضرت ماریہ قبطیہؓ اور حضرت سیسرینؓ۔

س: ان میں سے کس کنیز سے حضورؐ نے نکاح کر لیا تھا؟

ج: حضرت ماریہ قبطیہؓ نے۔

س: دوسری خاتون حضورؐ نے کس صحابیؓ کو ہدیہ کر دی تھی؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت کو۔

س: مقوقس' عزیز مصر نے حضورؐ کی خدمت میں ایک خچر بھیجا تھا اس کا نام کیا تھا؟

ج: دلدل۔

س: کس حکمران نے رسول اکرمؐ کا نامہ مبارک چاک کر دیا تھا؟

ج: شاہ فارس کسریٰ (خسرو پرویز) نے۔

س: رسول اکرمؐ کو جب اس واقعہ کی خبر ہوئی تو آپ نے کیا فرمایا؟

ج: اللہ اس کی بادشاہت کو پارہ پارہ کرے (اور پھر وہی ہوا جو آپؐ نے فرمایا تھا)

س: رسول اکرمؐ کا قاصد ہرقل شاہ روم کے پاس پہنچا تو اُس نے قریش کی ایک جماعت کو بلوالیا جو بغرض تجارت وہاں گئی ہوئی تھی اور ان سے رسول اکرمؐ بارے سوال جواب کیئے۔ اس جماعت کی قیادت کون کر رہا تھا؟

ج: ابوسفیان۔

س: ہرقل شاہ روم نے ابوسفیان سے سوال جواب کے بعد کیا کہا تھا؟

ج: جو کچھ تم نے بتایا ہے اگر یہ صحیح ہے تو یہ شخص (رسول اکرمؐ) بہت جلد اس جگہ کا مالک ہو جائے گا۔ میں جانتا تھا کہ یہ نبی آنے والا ہے۔ اگر میں اس کے پاس ہوتا تو اس کے دونوں پاؤں دھوتا"۔

س: کس غزوے میں حضورؐ نے پیاز اور لہسن کھا کر مسجد میں آنے سے منع فرمایا تھا؟

ج: غزوۂ خیبر۔

س: یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: ۷ھ میں۔

س: غزوہ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۱۴۰۰۔

س: حضورؐ نے غزوہ خیبر میں شامل ہونے کے لئے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا کہ اس غزوے میں ہمارے ساتھ وہ لوگ شامل ہوں جو صلح حدیبیہ کے موقع پر ساتھ تھے۔

س: غزوہ خیبر کے موقع پر کس مشہور صحابیؓ کی آنکھیں دُکھی ہوئی تھیں؟

ج: حضرت علیؓ کی۔

س: غزوہ خیبر میں مسلمانوں کا مقابلہ یہودیوں کے کس قبیلے سے ہوا تھا؟

ج: بنو نضیر۔

س: غزوہ خیبر کے موقع پر سب سے بڑا جھنڈا کس کپڑے سے بنایا گیا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت عائشہؓ کی اوڑھنی سے۔

س: اس جھنڈے کا رنگ کیا تھا اور نام کیا رکھا گیا؟

ج: سیاہ اور نام عقاب رکھا گیا۔

س: خیبر جہاں غزوہ ہوا۔ کیسا مقام تھا؟

ج: یہ ایک شہر تھا جس میں یہودی آباد تھے۔

س: خیبر میں یہودیوں کے کتنے مضبوط قلعے تھے؟

ج: آٹھ قلعے (بعض کتب میں پانچ اور چھ لکھا ہے)

س: مسلمانوں نے سب سے پہلے کونسا قلعہ فتح کیا؟

ج: قلعہ ناعم۔

س: قلعہ ناعم کی وجہ شہرت کیا تھی؟

ج: یہ یہودیوں کے مشہور پہلوان مرحب کا قلعہ تھا جسے ایک ہزار مردوں کے برابر مانا جاتا تھا۔

س: مسلمانوں نے اس قلعے کا کتنے روز تک محاصرہ کیا تھا؟

ج: ۲۰ روز تک۔

س: آخر میں حضورؐ نے اس قلعے کے بارے میں کیا فرمایا تھا؟

ج: ''اس قلعے کو وہ فتح کرے گا جسے خدا اور اس کے رسولؐ چاہیں گے۔''

س: یہ قلعہ فتح کرنے کی سعادت کس کے نصیب میں آئی تھی؟

ج: حضرت علیؓ کے۔

س: حضرت علیؓ اور قلعے کے سردار مرحب کے مقابلے کا کیا نتیجہ نکلا تھا؟
ج: آپؓ نے اسے قتل کر دیا تھا۔
س: غزوہ خیبر کے موقع پر حضوؐر کے ساتھ کون سی اُم المومنین تھیں؟
ج: حضرت ام سلمیٰؓ۔
س: غزوہ خیبر کے موقع پر حضوؐر نے کیا چیز بطور غذا استعمال فرمائی تھی (سفر میں)؟
ج: جو کے ستو۔
س: سفر خیبر میں حضوؐر نے کس صحابیؓ سے حدی خوانی کی فرمائش کی تھی؟
ج: حضرت عامرؓ بن اکوع سے۔
س: حدی کسے کہتے ہیں؟
ج: اونٹوں کو تیز چلانے کیلئے جو گیت گایا جاتا ہے اسے حدی کہتے ہیں۔
س: غزوہ خیبر میں کتنے یہودی مارے گئے تھے؟
ج: ۹۳ یہودی۔
س: مسلمان کتنے شہید ہوئے تھے؟
ج: ۱۵ مسلمان۔ (بعض کتب میں ۱۸ اور ۲۳ آیا ہے)
س: غزوہ خیبر کے موقع پر کس نے آپؐ کو دعوت میں کھانے میں زہر دیا تھا؟
ج: ایک یہودی عورت نے۔
س: اس کا نام کیا تھا؟
ج: زینب۔
س: وہ کس یہودی سردار کی بیوی تھی؟
ج: سلام بن مشکم کی۔
س: خیبر کی فتح کے بعد اہل خیبر نے مسلمانوں کو کتنی پیداوار بطور خراج دینا منظور کیا تھا؟
ج: آدھی پیداوار سالانہ۔

س: حضوؐر نے کس صحابیؓ کو اہلِ خیبر سے خراج کی وصولی کا کام سونپا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن رواحہ کو۔

س: ۷ھ میں حضوؐر عمرہ کی غرض سے مکہ تشریف لائے تو آپؐ کے ساتھ کتنے اونٹ تھے؟

ج: ۷۰ اونٹ۔

س: ان اونٹوں کی نگرانی حضوؐر نے کس کے سپرد کی تھی؟

ج: حضرت ناجیہؓ جندب الاسلمہ۔

س: کس سنہ ہجری میں حضوؐر نے گدھے کا گوشت حرام ہونے کا اعلان فرمایا تھا؟

ج: ۷ھ میں۔

س: خیبر کی فتح کے بعد حضوؐر نے کس سے نکاح کیا تھا؟

ج: حضرت صفیہؓ سے۔

س: وہ کس کی صاحبزادی تھیں؟

ج: بنونضیر کے یہودی سردار کی۔

س: اس کا نام بتا دیں؟

ج: حیی بن اخطب

س: حضوؐر کے حضرت صفیہؓ سے نکاح کے بعد صحابہ کرامؓ نے ام المومنین کے رشتے داروں کا لحاظ رکھتے کتنے قیدی بلا معاوضہ رہا کر دیئے تھے؟

ج: ۱۰۰ قیدی۔

س: غزوہ خیبر میں کل کتنے قیدی گرفتار ہوئے تھے؟

ج: ۱۰۰ سے زیادہ۔

س: غزوہ خیبر کے موقع پر حضوؐر نے کس صحابیؓ کو مدینے کا حاکم مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت سباعؓ بن عرفطہ۔

س: حضوؐر نے غزوہ خیبر کے مالِ غنیمت کو کتنے حصوں میں تقسیم فرمایا تھا؟

ج: پانچ حصوں میں۔

س: زینب یہودیہ نے رسول اکرمؐ کے لئے بکری کا بھنا زہر آلود گوشت بھیجا تو آپؐ نے اس کا ایک ٹکڑا چبایا اور نگلنے کی بجائے تھوک دیا تھا اور کیا فرمایا تھا؟

ج: "یہ ہڈی مجھے بتلا رہی ہے کہ اس میں زہر ملایا گیا ہے"

س: اس موقع پر کون صحابی آپؐ کے ہمراہ تھے جنہوں نے ایک لقمہ نگل لیا تھا اور اس باعث ان کی موت واقع ہوگئی؟

ج: حضرت بشرؓ بن براء بن معرور

☆......☆......☆

سنہ ۸ھ کے اہم واقعات

س: قریش نے کب معاہدۂ حدیبیہ کی خلاف ورزی کی تھی؟

ج: ۸ھ میں۔

س: قریش نے کس طرح اس معاہدے کی خلاف ورزی کی تھی؟

ج: انہوں نے مسلمانوں کے حلیف قبیلے پر حملے کے وقت اپنے حلیف قبیلے کی نہ صرف بھرپور مدد کی بلکہ ان کا ساتھ بھی دیا۔

س: مسلمانوں کے حلیف قبیلے کا نام کیا تھا؟

ج: بنوخزاعہ۔

س: کفار مکہ کے حلیف قبیلے کا کیا نام تھا؟

ج: بنوبکر۔

س: قریش کے اس طرزِ عمل کی خبر جب حضورؐ تک پہنچی تو آپؐ نے کیا اعلان فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے تین شرائط کا اعلان کیا کہ قریش ان میں سے کسی ایک کو قبول کرنے کا اعلان کریں۔

(۱) بنوخزاعہ کے لوگوں کا خون بہا ادا کریں۔

(۲) بنوبکر کے لوگوں کو اس طرز عمل کی سزا دیں۔

(۳) اعلان کریں کہ حدیبیہ کا معاہدہ ختم ہو گیا۔

س: قریش نے گھمنڈ میں آ کر کون سی شرط قبول کی تھی؟

ج: معاہدہ حدیبیہ کو ختم کرنے کی۔

س: بعد میں انہیں اپنی غلطی کا احساس ہوا تو انہوں نے کسے حدیبیہ کے معاہدے کی تجدید کے لئے بھیجا تھا؟

ج: ابوسفیان کو۔

س: ابوسفیان مدینہ میں سب سے پہلے کہاں گیا تھا؟

ج: اپنی بیٹی کے گھر۔

س: ابوسفیان کی ان صاحبزادی کا نام بتایئے جو حضورؐ کے نکاح میں تھیں؟

ج: حضرت ام حبیبہؓ۔

س: وہ جب گھر آیا اور بستر میں بیٹھنے لگا تو ام المومنین نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا تھا؟

ج: انہوں نے بستر کو لپیٹ دیا تھا؟

س: یہ دیکھ کر ابوسفیان نے کیا کہا تھا؟

ج: تم نے اس بستر کو مجھ پر ترجیح کیوں دی۔

س: حضرت ام حبیبہؓ نے اس بات کا کیا جواب دیا تھا؟

ج: انہوں نے فرمایا تھا۔ ''یہ رسول اللہ کا بستر ہے اور میں نہیں چاہتی کہ کوئی مشرک اور ناپاک اس بستر پر بیٹھے۔''

س: حضورؐ نے معاہدۂ حدیبیہ کی تجدید کے بارے میں کیا کہا تھا؟

ج: آپ نے معاہدے کی تجدید سے انکار کر دیا تھا۔

س: حضورؐ کب مدینہ سے مکہ کیلئے روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۱۰ رمضان المبارک ۸ ھ کو۔

س: سن عیسوی کے مطابق آپؐ کب مدینہ سے روانہ ہوئے تھے؟

ج: یکم جنوری ۶۳۰ء۔

س: اس موقع پر حضورؐ کے کتنے صحابہ کرامؓ ساتھ تھے؟

ج: دس ہزار۔

س: آنحضرتؐ نے مکہ کے قریب کس مقام پر مسلمانوں کو خیمہ زن ہونے کا حکم دیا تھا؟

ج: مرالظہران کے مقام پر۔

س: اس موقع پر آپؐ نے صحابہ کرام سے کیا فرمایا تھا؟

ج: تمام مسلمان علیحدہ علیحدہ اپنی آگ روشن کریں۔

س: اس رات قریش کا کون سا سردار مکے سے چھپتا چھپاتا اسلامی لشکر تک پہنچا تھا؟

ج: ابوسفیان۔

س: اس کی ملاقات سب سے پہلے کس سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت عباسؓ جو کہ حضورؐ کے محترم چچا تھے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ ابوسفیان نے حضرت عباسؓ کے کہنے پر اسلام قبول کر لیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: ابوسفیان کا حضورؐ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: وہ حضورؐ کے چچا زاد بھائی تھے۔

س: جب وہ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہونے لگے تو ان سے کس نے کہا تھا کہ وہ حضورؐ کے سامنے وہی الفاظ کہیں جو حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے ان سے بطور معذرت کہے تھے؟

ج: حضرت علیؓ نے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ابوسفیانؓ نے وہی الفاظ کہے تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: وہ الفاظ کیا تھے؟

ج: ''خدا کی قسم! بے شک خدا نے آپؐ کو ہم پر فضیلت اور برتری عطا فرمائی تھی اور ہم ہی غلطی پر تھے۔''

س: مکہ مکرمہ میں بطور فاتح داخل ہوتے وقت حضورؐ کس اونٹنی پر سوار تھے؟

ج: قصویٰ پر۔

س: حضورؐ کے ساتھ کونسے صحابیؓ بیٹھے ہوئے تھے؟

ج: حضرت اسامہؓ بن زید۔

س: اس وقت آپؐ کس سورۃ کی تلاوت کر رہے تھے؟

ج: سورۂ فتح کی۔

س: فتح مکہ کے روز حضورؐ نے قریش مکہ کیلئے کیا اعلان فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے ان کے لئے عام معافی کا اعلان کیا تھا۔

س: فتح مکہ کے موقع پر حضورؐ نے کس کے گھر کو دارالامن قرار دیا تھا اور فرمایا تھا کہ جو شخص اس گھر میں پناہ لے لے وہ امان میں ہے؟

ج: حضرت ابوسفیانؓ کے۔

س: فتح مکہ کے روز اگرچہ حضورؐ نے عام معافی کا اعلان فرمایا تھا لیکن کچھ ایسے بھی تھے جن کے ہولناک جرائم کے پیش نظر آپؐ نے ان کے قتل کا حکم دیا ایسے افراد کی تعداد کیا تھی؟

ج: پندرہ۔

س: ان میں مردوں اور عورتوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: گیارہ مرد اور چار عورتیں۔

س: مردوں کے نام کیا تھے؟

ج: عبداللہ بن ابی سرح، عکرمہ بن ابوجہل، مقیس بن جسابہ، عبداللہ بن خطل، حویرث بن نقید، کعب بن زبیر، وحشی بن حرب، زہیر بن امیہ، حارث بن ہشام، ہبار بن اسود اور صفوان بن امیہ۔

س: عورتوں کے نام کیا تھے؟

ج: ہندہ، فرتنیٰ، قریبہ اور سارہ۔

س: چار عورتوں میں سے کس کس کو قتل کر دیا گیا تھا؟

ج: قریبہ قتل ہوئی اور باقی تین مسلمان ہو گئی تھیں۔

س: وحشی بن حرب جس نے غزوہ احد میں حضورؐ کے پیارے چچا حضرت حمزہؓ کو شہید کیا تھا اس کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا تھا؟

ج: اس نے اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: وحشی نے بعد ازاں کس جنگ میں ایک جھوٹے مدعی نبوت کو قتل کیا تھا؟

ج: جنگ یمامہ میں۔

س: اس جھوٹے مدعی نبوت کا نام بتایئے جسے قتل کر کے حضرت وحشیؓ نے کفارہ ادا کیا تھا؟

ج: مسلیمہ کذاب۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت وحشیؓ نے اسی نیزے سے مسلیمہ کو قتل کیا تھا جس سے اس نے حضرت حمزہؓ کو شہید کیا تھا؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: فتح مکہ کے بعد جب حضورؐ خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کے ساتھ کون تھے؟

ج: حضرت بلالؓ اور حضرت اسامہؓ بن زید۔

س: حضورؐ کے حکم پر کس صحابیؓ نے خانہ کعبہ پر چڑھ کر اذان دی تھی؟

ج: حضرت بلالؓ۔

س: انہوں نے کس نماز کی اذان دی تھی؟

ج: نماز ظہر۔

س: حضورؐ نے خانہ کعبہ کی چابیاں کس صحابیؓ کو دیتے ہوئے فرمایا تھا۔ ''قیامت تک یہ چابیاں اب تمہارے پاس رہیں گی اور بجز ظالم شخص کے کوئی شخص تم سے چھین نہیں سکے گا؟''

ج: حضرت عثمانؓ بن طلحہ کو۔

س: اس موقع پر حضورؐ نے پانی پلانے کی خدمت کس صحابیؓ کو عطا فرمائی تھی؟

ج: حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب۔

س: فتح مکہ کے وقت حضورؐ کا علم شہر کے داخلے کے وقت کہاں نصب تھا؟

ج: جہاں آپ کے قبیلے نے آپ کے ساتھ نظربندی کے دوران آپ کے ساتھ نظربندی کے دن گزارے تھے۔

س: فتح مکہ کے روز قریش مکہ کی اکثریت اسلام لائی تھی سب سے آخر میں کون اسلام لائے تھے؟

ج: حضرت ابو قحافہ تیمیؓ۔

س: وہ کس جلیل القدر صحابیؓ کے والد محترم تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے۔

س: فتح مکہ کے موقع پر حضورؐ نے قریش کی عام معافی کا اعلان کن الفاظ میں فرمایا تھا؟

ج: ترجمہ ''آج میری طرف سے تم پر کوئی سرزنش نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو۔''

س: فتح مکہ کے بعد شہر میں امن و امان قائم ہو گیا تو حضورؐ نے کس کے قتل کا حکم دیا تھا؟

ج: عبدالعزیٰ بن خطل۔

س: وہ کہاں کھڑا تھا؟

ج: خانہ کعبہ کے پردوں کو تھام کر۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے کہاں غسل فرمایا تھا؟

ج: اپنی چچا زاد بہن حضرت ام ہانیؓ کے گھر۔

س: غسل کرنے کے بعد حضورؐ نے کتنی رکعت نماز نفل بطور شکرانہ ادا کی تھی؟

ج: آٹھ رکعت نماز۔

س: فتح مکہ کے دوسرے روز حضورؐ نے کہاں کھڑے ہو کر دوسرا خطاب عام

فرمایا تھا؟

ج: کوہ صفا پر۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے خانہ کعبہ میں داخل ہو کر بتوں کو کس چیز سے گرایا تھا؟

ج: کمان کی نوک سے۔

س: آپ جب خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تو وہاں کتنے بت تھے؟

ج: ۳۶۰ بت۔

س: بتوں کو گراتے وقت حضورؐ کس آیت کی تلاوت کرتے جاتے تھے؟

ج: (ترجمہ) ''حق آ گیا اور باطل مٹ گیا' بے شک باطل مٹنے کیلئے ہی ہے۔''

س: مکہ پر حملے کی تیاری کی اطلاع حضورؐ نے سب سے پہلے کس زوجہ مطہرہ کو دی تھی؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: فتح مکہ کے روز حضورؐ جب بیت اللہ میں داخل ہوئے تو آپ نے خانہ کعبہ کی کنجی کس سے لی تھی؟

ج: حضرت عثمانؓ بن ابی طلحہ سے۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے مکہ کا گورنر کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت عتابؓ بن اسید کو۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عتابؓ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: خانہ کعبہ میں جو بت اونچائی پر تھے انہیں حضورؐ نے کس طرح گرایا تھا؟

ج: حضرت علیؓ آپؐ کے کاندھوں مبارک پر چڑھ گئے تھے اور انہوں نے ان بتوں کو گرایا تھا۔

س: خانہ کعبہ میں بتوں کو تو حضورؐ نے گرایا تھا بتایئے کس صحابیؓ نے حرم کعبہ کی

دیوار سے لگی ہوئی تصاویر مٹائی تھیں؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ۔

س: فتح مکہ کے بعد آنحضرتؐ نے اہل مکہ کا دینی معلم کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت معاذؓ بن جبل کو۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے اہل مکہ سے کہاں بیعت لی تھی؟

ج: کوہ صفا پر۔

س: مردوں سے بیعت تو حضورؐ نے لی تھی عورتوں سے بیعت کس نے لی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے کتنے روز مکہ مکرمہ میں قیام فرمایا تھا؟

ج: ۱۸ دن۔

س: فتح مکہ سے پہلے عرب کی کونسی دو شخصیات اسلام لائی تھیں؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید اور حضرت عمروؓ بن العاص۔

س: ان میں سے کس صحابیؓ کو عرب کا دماغ کہا جاتا تھا؟

ج: حضرت عمروؓ بن العاص۔

س: کس شخصیت کو عرب کا سب سے بڑا سپہ سالار مانا جاتا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید کو۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ نے مکہ کا گورنر حضرت عتابؓ بن اسید کو مقرر فرمایا تھا اس وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۰ سال۔

س: خانہ کعبہ کے اندر نصب سب سے بڑا بت کون سا تھا؟

ج: ہبل۔

س: یہ بت کس شکل کا تھا؟

ج: انسان کی شکل کا۔

س: عزیٰ کن قبیلوں کا مشہور بت تھا؟

ج: قریش اور بنو کنانہ۔

س: یہ مکے سے کتنے فاصلے پر نصب تھا؟

ج: ایک دن کے فاصلے پر۔

س: اسے کس نے توڑا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن ولید نے۔

س: عرب کے تمام بتوں میں سے سب سے قدیم کون سا تھا؟

ج: منات۔

س: یہ کن قبائل کا بت تھا؟

ج: اوس، خزرج اور غسان۔

س: منات بت کو کس نے توڑا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن زید انصاری نے۔

س: سواع نامی بت کس صحابیؓ نے توڑا تھا؟

ج: حضرت عمروؓ بن العاص نے۔

س: یہ کس قبیلے کا بت تھا؟

ج: قبیلہ ہذیل کا۔

س: یہ بت مکہ سے کتنے فاصلے پر ایک گاؤں میں نصب تھا؟

ج: ۳۰ میل کے فاصلے پر۔

س: اس گاؤں کا نام کیا تھا؟

ج: رہاط۔

س: فتح مکہ کے فوراً بعد کون سا غزوہ پیش آیا تھا؟

ج: غزوہ حنین۔

س: اس صحابیؓ کا نام بتایئے جنہوں نے قریش مکہ کو مدینہ سے اسلامی لشکر کی تیاری اور مکہ کی طرف سے روانگی کی خفیہ اطلاع دے دی تھی لیکن حضورؐ نے ان کے عذر سن کر انہیں معاف کر دیا تھا؟

ج: حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ۔

س: فتح مکہ سے قبل کونسا مشہور سریہ پیش آیا تھا؟

ج: سریہ موتہ۔

س: حضورؐ کے ان سفیر کا نام بتایئے جن کی شہادت سریہ موتہ کے واقع ہونے کا سب سے بڑا سبب بنی تھی؟

ج: حضرت حارثؓ بن عمیر۔

س: انہیں کس نے شہید کیا تھا؟

ج: شرجیل بن عمر غسانی نے۔

س: وہ کہاں کا حاکم تھا؟

ج: بصریٰ کا۔

س: سریہ موتہ کیلئے حضورؐ نے اسلامی لشکر کا کمانڈر کسے مقرر کیا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت زیدؓ بن حارثہ وہ پہلے غلام صحابیؓ تھے جنہیں اسلامی تاریخ میں کسی جنگ کا سپہ سالار بنایا گیا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضرت زیدؓ بن حارثہ کی شہادت کی صورت میں حضورؐ نے کس صحابیؓ کو ان کی جگہ لینے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت جعفر طیارؓ کو۔

س: حضرت جعفر طیارؓ کی شہادت کی صورت میں کس صحابیؓ کو ان کی جگہ لینے کا حکم تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: حضورؐ کے اس چچا زاد بھائی کا نام بتایئے جو فتح خیبر کے موقع پر ایک لمبے عرصے کے بعد حضورؐ سے ملے اور انہیں دیکھ کر حضورؐ نے فرمایا تھا ''ہم نہیں کہہ سکتے کہ ہمیں خیبر کی فتح کی خوشی زیادہ ہے یا ان کے آنے کی؟''

ج: حضرت جعفر طیارؓ۔

س: وہ حضورؐ سے کتنے عرصے بعد ملے تھے؟

ج: ۱۴ سال بعد۔

س: موتہ کی طرف روانہ ہونے والے لشکر کے ساتھ حضورؐ رخصت کرنے کیلئے کہاں تک تشریف لے گئے تھے؟

ج: ثنیتہ الوداع تک۔

س: یہ کس مقام کا نام ہے؟

ج: یہ مدینہ منورہ سے تھوڑے فاصلے پر چند پہاڑیاں ہیں جہاں تک لوگ اپنے مہمانوں کو رخصت کرنے کے لئے جایا کرتے تھے۔

س: سریہ موتہ میں اسلامی لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج: تین ہزار۔

س: حضورؐ کے ان چچا زاد بھائی کا نام بتایئے جن کی شہادت کی خبر حضورؐ نے انہیں رخصت کرتے وقت اشارۃً دے دی تھی؟

ج: حضرت جعفر طیارؓ جو جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔

س: حضورؐ کو جب حضرت جعفرؓ کی شہادت کی خبر ملی تھی آپؐ نے انہیں کیا خطاب دیا تھا؟

ج: طیار کا۔

س: لفظ طیار کے کیا معنی ہیں؟

ج: اڑنے والا یعنی جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑنے والا۔

س: ''میں نے جنت میں انہیں یاقوت کے دو بازوں کے ساتھ فرشتوں کے ہمراہ پرواز کرتے دیکھا۔'' حضورؐ نے یہ بات کس کے لئے کہی تھی؟

ج: حضرت جعفرؓ طیار کیلئے۔

ج: ۸ھ میں حضورؐ نے کتنے مسلمانوں کو سریہ ذات طلح میں تبلیغ کیلئے بھیجا تھا؟

ج: ۱۵ صحابہؓ کو۔

س: ان میں سے کتنے صحابہ کرامؓ شہید کر دیئے گئے تھے؟

ج: ۱۴ صحابہ کرامؓ۔

س: بچ جانے والے واحد صحابیؓ کون تھے؟

ج: حضرت کعبؓ بن عمیر۔

س: سریہ ابو عبیدہؓ بن جرح کب پیش آیا تھا؟

ج: ۸ھ میں۔

س: حضورؐ نے حضرت ابو عبیدہؓ کو کتنے مجاہدین کا سردار بنا کر بھیجا تھا؟

ج: ۳۰۰ مجاہدین کا۔

س: فتح مکہ کے موقع پر حضورؐ نے مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن ام مکتوم۔

س: فتح مکہ کے وقت حضورؐ کے ہمراہ کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: دو ازواج مطہرات۔

س: ان دونوں کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت ام سلمیٰؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: فتح مکہ کے بعد حضورؐ کو جب بنو ہوازن کی جنگی تیاریوں کا علم ہوا تو حضورؐ نے مصدقہ معلومات حاصل کرنے کے لئے کسے جاسوس بنا کر بھیجا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن ابی مدود۔

س: قبیلہ بنو ہوازن کی جنگی تیاریوں کا مقابلہ کرنے کے لئے حضورؐ نے کس سے قرض لیا تھا؟

ج: عبداللہ بن ربیعہ۔

س: یہ رقم کیا تھی؟

ج: ۳۰ ہزار درہم۔

س: بنو ہوازن کا مقابلہ کرنے کے لئے حضورؐ نے مکہ مکرمہ میں کس سے اسلحہ

ادھار لیا تھا؟

ج: خوان بن امیہ سے۔

س: بنو ہوازن کا مقابلہ کرنے کے لئے حضورؐ کے ساتھ کتنے مجاہدین تھے؟

ج: ۱۲ ہزار۔

س: کیا یہ درست ہے کہ غزوہ حنین وہ واحد غزوہ ہے جس میں مسلمانوں کی تعداد مشرکین سے زیادہ تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ غزوہ حنین کے لئے مکہ سے کس تاریخ کو روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۶ شوال ۸ھ کو۔

س: حضورؐ کب حنین پہنچے تھے؟

ج: ۱۰ شوال کو۔

س: حنین کس مقام کا نام ہے؟

ج: یہ ایک تنگ پہاڑی گھاٹی ہے۔

س: یہ گھاٹی کن شہروں کے درمیان واقع ہے؟

ج: مکہ اور طائف۔

س: حضورؐ کس روز حنین پہنچے تھے؟

ج: منگل کو۔

س: غزوہ حنین کے روز حضورؐ اپنے کس خچر پر سوار تھے؟

ج: دلدل نامی خچر پر۔

س: غزوہ حنین کیلئے حضورؐ نے اپنے کس چچا زاد بھائی سے نیزے مستعار لئے تھے؟

ج: نوفل بن حارث سے۔

س: آپؐ نے ان سے کتنے نیزے ادھار لئے تھے؟

ج: تین ہزار۔

س: غزوہ حنین کے موقع پر حضورؐ نے مکہ کا گورنر کسے مقرر فرمایا تھا؟
ج: حضرت عتابؓ بن اسید کو۔
س: غزوہ حنین میں حضورؐ کتنی زرہیں پہنے ہوئے تھے؟
ج: دو زرہیں۔
س: غزوۂ حنین میں وہ کونسے صحابیؓ تھے جو حضورؐ کی طرف آنے والے تیروں کو اپنے بائیں ہاتھ پر روک رہے تھے؟
ج: حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ۔
س: غزوہ حنین میں شریک وہ کونسی خاتون تھیں جو اس حال میں تھیں کہ گود میں بچہ تھا جسے کمر سے باندھ لیا تھا اور چادر سے کمر کسی ہوئی تھی اور ہاتھوں میں خنجر تھا؟
ج: حضرت ام سلیمؓ۔
س: غزوہ حنین میں جب مسلمان منتشر ہونے لگے تھے تو حضورؐ نے کس کو حکم دیا تھا کہ وہ مسلمانوں کو واپس بلائیں؟
ج: حضرت عباسؓ کو جو آپ کے محترم چچا تھے۔
س: اس غزوے میں مسلمانوں کے منتشر ہونے کی وجہ کیا تھی؟
ج: دشمن کا اچانک حملہ پسپا کرنے کے بعد مسلمان غزوہ احد کی طرح مالِ غنیمت سمیٹنے لگ گئے تھے اور دشمن نے موقعہ پا کر تیروں کی بارش برسا دی تھی جس سے مسلمان بھاگ کھڑے ہوئے تھے۔
س: اس وقت کونسے صحابہ کرامؓ رسول اللہؐ کے ساتھ ثابت قدم رہے تھے؟
ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت علیؓ حضرت اسامہؓ بن زید، حضرت فضلؓ بن عباس، حضرت قثمؓ بن عباس، حضرت ایمنؓ بن عبید، حضرت مغیرہؓ بن حارث، حضرت جعفرؓ۔
س: غزوہ حنین میں گھمسان کا رن پڑنے کے وقت بھی حضورؐ کے ساتھ ثابت قدم رہنے والی واحد خاتون کا نام بتایئے؟

ج: حضرت ام سلیمؓ۔

س: وہ کس صحابیؓ کی والدہ تھیں؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک کی۔

س: غزوہ حنین میں مسلمانوں کو فتح ہوئی تھی بتایئے بنو ہوازن کے کتنے افراد جنگی قیدی بنائے گئے تھے؟

ج: ۶ ہزار افراد۔

س: غزوہ حنین کے گرفتار قیدیوں میں سے کس کی باتیں سن کر حضورؐ کو اپنا بچپن یاد آ گیا تھا اور آپؐ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے؟

ج: حضرت شیماءؓ جن کا تعلق بنو ہوازن سے تھا اور وہ آپؐ کی رضاعی بہن تھیں۔

س: غزوہ حنین کے بعد حضورؐ کس غزوے کے لئے روانہ ہوئے تھے؟

ج: غزوہ طائف۔

س: یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: شوال ۸ھ میں۔

س: سن عیسوی کے مطابق یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: فروری ۶۳۰ء میں۔

س: غزوہ طائف میں حضورؐ کے ہمراہ کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: دو ازواج مطہرات۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت ام سلمیٰؓ اور حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: غزوۂ طائف میں حضورؐ کو منجنیق نصب کرنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

ج: حضرت سلمان فارسیؓ نے۔

س: غزوہ طائف میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ایک صاحبزادے شہید ہوئے تھے ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت عبداللہؓ۔

س: طائف کے محاصرہ میں کن صحابیؓ کی ایک آنکھ ضائع ہوگئی تھی؟

ج: حضرت ابوسفیانؓ کی۔

س: ان کی دوسری آنکھ کس جنگ میں ضائع ہوئی؟

ج: جنگ یرموک میں۔

☆......☆......☆

۹ھ کے اہم واقعات

س: ۹ھ میں ہونے والے اس غزوے کا نام بتایئے جس میں آنحضرتؐ بنفس نفیس شریک ہوئے؟

ج: غزوۂ تبوک۔

س: کیا یہ درست ہے کہ غزوۂ تبوک حضورؐ کا آخری غزوہ تھا؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: غزوہ تبوک کب ہوا تھا؟

ج: رجب ۹ھ کو۔

س: عیسوی ماہ و سال کے مطابق یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: اکتوبر ۶۳۰ء میں۔

س: اس غزوے کا دوسرا نام کیا ہے؟

ج: غزوہ عسرت۔

س: اس غزوے کو غزوۂ عسرت کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: عسرت کے معنی شدید اور تنگی کے ہیں اس غزوہ میں مسلمان شدید گرمی کے باعث اونٹ ذبح کر کے ان کی آنتوں کا پانی نکال کر پیتے تھے اس لئے یہ غزوہ عسرت کہلاتا ہے۔

س: غزوہ تبوک کے لئے حضورؐ کی روانگی کب ہوئی تھی؟

ج: جمعرات کو۔

س: غزوۂ تبوک کے موقع پر حضورؐ نے مدینہ منورہ میں اپنا قائم مقام کسے مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت محمدؓ بن مسلمہ کو۔ (بعض کتب میں حضرت سباعؓ بن عرفطہ لکھا ہے۔

س: غزوہ تبوک میں اسلامی لشکر کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۳۰ ہزار مجاہدین۔

س: غزوہ تبوک میں مسلمانوں کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟

ج: ۱۰ ہزار گھوڑے۔

س: اونٹوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۱۲ ہزار اونٹ۔

س: غزوہ تبوک کے موقع پر مال و متاع کی شدید تنگی کے عالم میں کس صحابیؓ نے اپنے گھر کا پورا مال حضورؐ کی خدمت میں پیش کر دیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: کن صحابیؓ نے اپنے گھر کا آدھا سامان حضورؐ کی خدمت میں پیش کیا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: غزوہ تبوک کو جاتے ہوئے کس مقام پر آنحضرتؐ نے پانی پینے سے منع فرمایا تھا اور روئے مبارک پر پردہ ڈال کر سواری کو تیز چلایا تھا تاکہ جلد از جلد اس مقام سے گزر جائیں؟

ج: مقام الحجر۔

س: اس مقام کو اور کیا کہتے ہیں؟

ج: مدائن صالح۔

س: اس مقام سے گزرتے ہوئے حضورؐ نے ایسا کیوں کیا تھا؟

ج: کیونکہ اس جگہ اللہ کا عذاب نازل ہو چکا تھا۔

س: کیا غزوہ تبوک میں دشمن مقابلے پر آیا تھا؟

ج: جی نہیں۔

س: تبوک پہنچ کر حضوؐر نے کتنے دن وہاں قیام فرمایا تھا؟

ج: ۲۰ دن تک۔

س: تبوک سے واپسی پر حضوؐر نے کس مسجد کو گرانے کے لئے صحابہؓ کو بھیجا تھا؟

ج: مسجد ضرار۔

س: یہ مسجد کس لئے گرائی گئی؟

ج: کیونکہ یہ منافقین مدینہ نے بنائی تھی اور یہاں بیٹھ کر وہ مسلمانوں کے خلاف سازشیں کیا کرتے تھے۔

س: حضوؐر نے کتنے صحابہ کرامؓ کو یہ مسجد گرانے کے لئے بھیجا تھا؟

ج: دو صحابیوںؓ کو۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت مالکؓ بن دخشم اور حضرت معنؓ بن عدی۔

ج: ۹ھ میں حضوؐر نے کس عیسائی ریاست کے بادشاہ کے نام خط تحریر فرمایا تھا؟

ج: ایلہ۔

س: بادشاہ کا نام کیا تھا؟

ج: یحنہ بن روبہ۔

س: غزوہ تبوک سے واپسی پر کس وفد نے بارگاہ رسالت میں حاضری دی تھی؟

ج: قبیلہ بنو مرہ کا وفد۔

س: یہ وفد کتنے افراد پر مشتمل تھا؟

ج: ۱۳ افراد پر۔

س: کس ہجری سال کو حضوؐر کی زندگی میں وفود کا سال کہتے ہیں؟

ج: ۹ھ کو۔

س: اس قبیلے کا نام بتایئے جس کے مسلمان ہونے کے بعد حضوؐر نے صحابہ کرامؓ کو ان سے زکوۃ کی وصولی کے لئے بھیجا تھا اور انہوں نے تیروں کی بارش کر دی تھی؟

ج: بنو تمیم۔

س: آنحضرتؐ کو جب اس واقعے کا علم ہوا تو آپؐ نے کتنے مجاہدین کا دستہ بھیجا تھا؟

ج: ۵۰ مجاہدین کا۔

س: اس دستے کا سربراہ کون تھا؟

ج: حضرت عینہؓ بن حصن۔

ج: ۹ھ میں حضوؐر نے کب مختلف قبائل سے زکوۃ وصول کرنے کے لئے افراد کا تقرر کیا تھا؟

ج: یکم محرم الحرام کو۔

س: کتنے افراد مقرر کئے گئے تھے؟

ج: ۸ افراد۔

س: ۹ھ میں وفات پانے والے اس مسلمان بادشاہ کا نام بتایئے جس کی غائبانہ نماز حضوؐر نے مدینہ منورہ میں پڑھائی تھی؟

ج: نجاشیؓ شاہ حبشہ کی۔

س: اس کی نماز جنازہ میں حضوؐر نے کتنی تکبیریں کہی تھیں؟

ج: چار تکبیریں۔

س: کس سنہ ہجری میں حضوؐر اپنے گھوڑے پر سے گر پڑے تھے جس کی وجہ سے دائیں پہلو اور پنڈلی پر خراشیں آئی تھیں؟

ج: ۹ھ میں۔

س: حج اسلامی ارکان کا پانچواں رکن ہے یہ کب فرض ہوا تھا؟

ج: ۹ھ میں۔

س: اس موقع پر حضورؐ خود حج ادا کرنے کے لئے تشریف نہیں لے گئے تھے آپ نے کس صحابی کو امیر حج بنا کر بھیجا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کو۔

س: ۹ھ میں رسول اکرمؐ کی کن صاحبزادی نے وفات پائی؟

ج: حضرت ام کلثومؓ۔ آپ حضرت عثمانؓ کی زوجہ محترمہ تھیں ان کی وفات سے حضورؐ کو سخت صدمہ ہوا اور آپ نے حضرت عثمانؓ سے فرمایا کہ اگر میرے پاس تیسری بیٹی ہوتی تو اس کی شادی بھی تم سے کر دیتا۔"

۱۰ھ کے اہم واقعات

س: حضورؐ کب حجتہ الوداع کیلیے مکہ معظمہ کی طرف روانہ ہوئے تھے؟

ج: ۲۵ ذی القعد ۱۰ھ کو۔

س: اس روز ہفتے کا کون سا دن تھا؟

ج: پیر۔

س: حضورؐ نے اس موقع پر کسے مدینہ منورہ کا گورنر بنایا تھا؟

ج: حضرت سباعؓ بن عرفطہ کو۔

س: حضورؐ نے اپنی پوری زندگی میں حج فرض ہونے کے بعد کتنے حج کیے تھے؟

ج: ایک حج۔

س: یہ حج حضورؐ نے کب ادا کیا تھا؟

ج: ۱۰ ہجری میں۔

س: یہ حج کس نام سے مشہور ہے؟

ج: حجتہ الوداع۔

س: حجتہ الوداع کے لیے حضورؐ کس تاریخ کو مکہ مکرمہ پہنچے تھے؟

ج: ۴ ذی الحجہ کو۔

س: حضورؐ کی رفاقت میں جو لوگ سعادت حج کی ادائیگی کیلیے مکہ میں داخل

ہوئے ان کی تعداد کیا تھی؟

ج: ایک لاکھ ۲۰ ہزار۔

س: حضورؐ نے مدینے سے مکہ کا سفر کتنے دنوں میں طے کیا تھا؟

ج: ۹ دن میں۔

س: اس موقع پر آپؐ کے ساتھ قربانی کے کتنے اونٹ تھے؟

ج: ۱۰۰ اونٹ۔

س: ان سے کتنے اونٹ حضورؐ نے اپنے دست مبارک سے قربان کیے تھے؟

ج: ۶۳ اونٹ۔

س: بقیہ ۳۷ اونٹ کس نے ذبح کیے تھے؟

ج: حضرت علیؓ نے۔

س: سفر حجتہ الوداع میں حضورؐ نے مردوں کے اونٹوں کا حدی خواں کس صحابیؓ کو مقرر فرمایا تھا؟

ج: حضرت براءؓ بن مالک۔

س: حجتہ الوداع کے موقع پر کتنی ازواج مطہرات حضورؐ کے ساتھ تھیں؟

ج: تمام ازواج مطہرات۔

س: آنحضرتؐ نے حجتہ الوداع کے موقع پر کتنے خطبات دیئے تھے؟

ج: تین خطبات۔

س: حضورؐ نے اپنی کس اونٹنی پر بیٹھ کر خطبہ دیا تھا؟

ج: قصوئی پر۔

س: سن عیسوی کے مطابق حضورؐ نے آخری حج کب ادا فرمایا تھا؟

ج: مارچ ۶۳۲ء میں۔

س: حجتہ الوداع کے بعد حضورؐ کی مکہ مکرمہ سے واپسی کب ہوئی تھی؟

ج: ذی الحجہ کی ۱۳ اور ۱۴ تاریخ کی درمیانی شب کو۔

س: ''اے لوگو! میرا کلام سنو تاکہ میں تمہارے لئے ضروری امور بیان کر دوں'

کیا معلوم آئندہ سال پھر میں تم سے مل سکوں یا نہیں" یہ ارشاد حضورؐ نے کہاں ادا فرمایا تھا؟

ج: حجتہ الوداع کے موقع پر میدان عرفات میں خطاب کرتے ہوئے۔

س: ۱۰ھ میں آنے والے اس آخری وفد کا نام بتایئے جو حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا؟

ج: نخع کا وفد۔

س: اسی سال کب سلامان کا سات رکنی وفد حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا؟

ج: شوال میں۔

س: اس وفد کے قائد کون تھے؟

ج: حبیب بن عمرو سلامانی۔

س: یہ وفد حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر دعوت اسلام سے بہرہ مند ہوا تھا بتایئے حضورؐ نے انہیں کتنی رقم کا عطیہ مرحمت فرمایا تھا؟

ج: پانچ اوقیہ چاندی فی کس کا عطیہ۔

س: حضورؐ نے ۱۰ھ میں کن چار صحابہ کرامؓ کے بارے میں فرمایا تھا کہ "ان سے قرآن سیکھو؟"

ج: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت ابیؓ بن کعب، حضرت معاذؓ بن جبل، حضرت سالم مولیٰؓ ابی حذیفہ۔

☆......☆......☆

حضورؐ کا سفر آخرت

س: حضورؐ کب بیمار ہوئے تھے؟

ج: ۱۸ یا ۱۹ صفر ۱۱ھ کو۔

س: اس شب حضورؐ کہاں تشریف لے گئے تھے؟

ج: جنت البقیع میں۔

س: جنت البقیع سے جب آپؐ واپس تشریف لائے تو آپؐ کی طبیعت ناساز تھی اس رات کن زوجہ مطہرہ کی باری تھی؟

ج: حضرت ام میمونہؓ کی۔

س: جنت البقیع میں حضورؐ اپنے کس آزاد کردہ غلام کے ساتھ گئے تھے؟

ج: ابو مومیہہ کے۔

س: ۱۱ھ میں علالت سے قبل حضورؐ کتنی مرتبہ علیل ہوئے تھے؟ (پوری زندگی میں)؟

ج: صرف دو مرتبہ۔

س: آغاز علالت سے پہلے حضورؐ نے کتنے روز قبل ایک اسلامی لشکر روانہ فرمایا تھا؟

ج: صرف ایک روز قبل۔

حضورؐ کی آمد کے بارے میں پیش گوئیاں

س: ''اگر یہ دینار میری تحویل میں رہ جائیں تو میں اپنے رب کے پاس کیا گمان لے کر جاؤں گا؟'' حضورؐ نے یہ کب ارشاد فرمایا تھا؟

ج: شدت علالت میں جب آپؐ کے پاس سات دینار تھے اور آپؐ نے انہیں صدقہ کرنے کا حکم دیا تھا۔

س: حضورؐ کا اس دنیا میں آخری عمل مبارک کیا تھا؟

ج: دہن مبارک کی صفائی' مسواک کرنا۔

س: حضورؐ کا وصال کب ہوا تھا؟

ج: ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ کو۔

س: سنہ عیسوی کے مطابق آپ کا سال وفات کیا ہے؟

ج: ۶۳۲ء۔

س: حضورؐ کے وصال کے وقت کس زوجہ مطہرہ نے آپؐ کو اپنی گود میں سہارا دے رکھا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ نے۔

س: وصال کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۶۳ سال۔

س: حضورؐ کے آخری الفاظ کیا تھے؟

ج: (ترجمہ) اور ''اللہ ہی سب سے بڑا دوست ہے۔''

س: حضورؐ نے یہ الفاظ کتنی مرتبہ دہرائے؟

ج: تین مرتبہ۔

س: وفات سے قبل آخری لمحات میں حضورؐ نے کس عمل کی تاکید فرمائی تھی؟

ج: نماز کی۔

س: حضورؐ نے شدت علالت میں اپنی جگہ کسے نماز پڑھانے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کو۔

س: حضورؐ کی وفات کی خبر سنکر کس صحابیؓ نے شدت غم سے یہ فرمایا تھا ''جو کہے

گا کہ حضوؐر فوت ہو گئے' اس کا سر اڑا دوں گا؟''

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: حضوؐر کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: کسی نے نہیں بلکہ لوگ زیادہ ہونے کی وجہ سے تھوڑے تھوڑے لوگ حجرۂ مبارک کے اندر جاتے اور نماز پڑھ کر واپس آ جاتے تھے۔

س: حضوؐر کو کہاں دفنایا گیا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضوؐر کا انتقال بھی حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں ہوا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: کس صحابیؓ نے یہ فرمایا تھا ''میں نے حضوؐر سے سنا ہے کہ پیغمبرؑ وہیں دفن ہوتا ہے جہاں اس کا انتقال ہوا؟''

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: حضوؐر کو کس روز دفنایا گیا تھا؟

ج: منگل کے روز۔

س: حضوؐر کی قبر مبارک کس نے کھودی تھی؟

ج: حضرت ابوطلحہؓ نے۔

س: حضوؐر کی قبر مبارک صندوقی تھی یا لحدی؟

ج: لحدی۔

س: حضوؐر کو آخری غسل کس نے دیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ، حضرت عباسؓ، حضرت فضلؓ بن عباس اور حضرت اسامہؓ بن زید نے۔

س: اس موقع پر غسل دینے کے لئے پانی بھر کر کون لا رہے تھے؟

ج: حضوؐر کے آزاد کردہ غلام حضرت شقرانؓ۔

نام کیا تھا؟

ج: حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح۔

س: حضورؐ کی قبر مبارک سطح زمین سے کتنے بالشت بلند رکھی گئی تھی؟

ج: ایک بالشت۔

س: حضورؐ کی تدفین مبارک کس روز کی گئی تھی؟

ج: ۱۴ ربیع الاول کو۔

☆......☆......☆

حضورؐ کی ازواج مطہرات

حضرت خدیجہؓ

س: حضورؐ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ سے۔

س: اس وقت حضورؐ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۵ سال۔

س: اس وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۴۰ سال۔

س: اس سے قبل حضرت خدیجہؓ کے کتنے نکاح ہو چکے تھے؟

ج: دو نکاح۔ (پہلا نکاح ابوہالہ بن حباش تمیمی سے اور دوسرا نکاح عتیق بن عائذ مخزومی سے۔)

س: حضرت خدیجہؓ کے والد محترم کا کیا نام تھا؟

ج: خویلد۔

س: حضرت خدیجہؓ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: خاندان بنو اسد۔

س: حضرت خدیجہ کا قبیلہ کونسا تھا؟

ج: قریش۔

س: حضرت خدیجہؓ کب پیدا ہوئیں؟

ج: عام الفیل کے واقع سے ۱۵ سال قبل۔

س: حضرت خدیجہؓ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

ج: فاطمہ بنت زائد۔

س: حضرت خدیجہؓ کا حضوؐر سے نکاح کب ہوا تھا؟

ج: ۲۵ میلادالنبی میں۔

س: حضرت خدیجہؓ کتنے سال حضوؐر کی رفاقت میں رہی تھیں؟

ج: ۲۵ سال۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضوؐر کی رفاقت میں سب سے زیادہ عرصے رہنے کا اعزاز حضرت خدیجہؓ کو حاصل ہے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضرت خدیجہؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۱۰ نبوی میں۔

س: اس وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج: ۶۵ سال۔

س: جس سال حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا' اسی سال حضوؐر کے اور کس قریبی رشتے دار کا انتقال ہوا؟

ج: آپؐ کے چچا محترم جناب ابو طالب کا۔

س: حضوؐر نے اس سال کو کیا نام دیا تھا؟

ج: عام الحزن یعنی غم کا سال۔

س: حضرت خدیجہؓ قریش کی ایک مالدار خاتون تھیں یہ درست ہے یا غلط؟

ج: درست ہے۔

س: شادی سے قبل آپؐ حضرت خدیجہؓ کا مال لے کر تجارت کی غرض سے کس ملک گئے تھے؟

ج: شام۔

س: اس وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۲۴ سال۔

س: آپ کے ساتھ اس سفر میں اور کون ساتھ تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کا ایک غلام اور ان کا رشتے دار۔

س: حضرت خدیجہؓ کے اس غلام کا نام تو میسرہ تھا آپؐ ان کے رشتے دار کا نام بتا دیں؟

ج: خزیمہ۔

س: حضورؐ جب مال تجارت لے کر واپس آئے تو بتایئے آپؐ کو اس سفر میں کتنا نفع ہوا تھا؟

ج: معمول سے دوگناہ۔

س: حضرت خدیجہؓ کو ان کی نفاست اور شائستگی کی وجہ سے اہل قریش نے کیا لقب دیا تھا؟

ج: طاہرہ کا۔

س: حضرت خدیجہؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ام ہند۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت خدیجہؓ سے حضورؐ کی شادی حضرت خدیجہؓ کی خواہش پر ہوئی؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: حضورؐ سے حضرت خدیجہؓ کا نکاح کس نے پڑھایا تھا؟

ج: ان کے چچا عمرو بن اسد نے۔

س: اس موقع پر خطبہ نکاح کس نے دیا تھا؟

ج: حضورؐ کے چچا جناب ابو طالب نے۔

س: نکاح کی تقریب میں حضورؐ کے کون سے قریبی دوست بھی موجود تھے جنہیں بعد میں مردوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہوا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضورؐ نے حضرت خدیجہؓ کا حق مہر کتنا مقرر کیا تھا؟

ج: ۲۰ اونٹنیاں۔

س: حضرت خدیجہؓ کو دیگر ازواج مطہرات پر کیا فوقیت حاصل ہے؟

ج: آپؐ کی موجودگی میں حضورؐ نے دوسری شادی نہیں کی۔

س: حضرت خدیجہؓ نے حضورؐ سے اپنی شادی ہو جانے کی خوشی کا اظہار کس طرح کیا تھا؟

ج: انہوں نے اپنی کنیزوں کو دف بجانے کا حکم دیا تھا؟

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ پر ایمان لانے والی پہلی ہستی حضرت خدیجہؓ تھیں؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ سے نکاح ہو جانے کے بعد حضرت خدیجہؓ نے کس خواہش کا اظہار کیا تھا؟

ج: یہ کہ حضورؐ اپنا مکان چھوڑ کر ان کے مکان میں آ جائیں۔

س: کیا حضورؐ حضرت خدیجہؓ سے شادی کے بعد کسی تجارتی سفر پر گئے تھے؟

ج: جی نہیں کیونکہ حضرت خدیجہؓ نے عرض کیا تھا کہ میرا سارا مال و دولت آپؐ کا ہے لہٰذا آپؐ کو تجارتی سفر پر جانے کی ضرورت نہیں۔

س: حضورؐ کی واحد زوجہ محترمہ کون ہیں جن کی عمر بوقت نکاح حضورؐ سے زیادہ تھی؟

ج: حضرت خدیجہؓ۔

س: حضرت خدیجہؓ سے نکاح ہو جانے کے بعد آپؐ نے ان سے نکاح کی درخواست کرنے کی وجہ دریافت کی تو انہوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: انہوں نے عرض کیا تھا کہ ''میں نے آپؐ کی صداقت اور آپؐ کے حسن سیرت کی وجہ سے آپؐ سے نکاح کی درخواست کی۔''

س: ایک ضعیف عورت ایک بار مدینہ منورہ میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی جن کا آپؐ نے بڑا احترام کیا۔ کیا آپؐ بتا سکتے ہیں کہ وہ کس اُم المومنین کی سہیلی تھیں جن کی وجہ سے ان کا اتنا احترام کیا گیا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کی۔

س: حضرت خدیجہؓ کی ان سہیلی کا نام کیا تھا؟

ج: حسانہ میزینہ۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون ہیں جو مکہ مکرمہ میں دفن ہیں؟

ج: حضرت خدیجتہ الکبریٰؓ۔

س: حضرت خدیجہؓ مکہ مکرمہ میں کس مقام پر دفن ہیں؟

ج: مقام حجوں پر۔

س: حضورؐ کی ازواج مطہرات میں سے وہ کون ہیں جن پر حضرت عائشہؓ کو بہت رشک آیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ۔

س: کیا آپ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

ج: حضورؐ ہمیشہ ان کا ذکر خیر کرتے تھے جس سے ان سے حضورؐ کی والہانہ محبت کا اظہار ہوتا تھا۔

س: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہؓ نے ایک دفعہ یہ الفاظ ''آپؐ کیا ہر وقت ایک بڑھیا کو یاد کرتے رہتے ہیں حالانکہ آپؐ کو ان سے اچھی بیویاں دی ہیں۔'' کس کے لئے کہے تھے اور آپؐ نے ان الفاظ کا کیا جواب دیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کے لئے اور حضوؐر نے اس کے جواب میں فرمایا تھا "ہرگز نہیں! جب لوگوں نے میری تکذیب کی تو انہوں نے میری تصدیق کی جب لوگ کافر تھے وہ اسلام لائیں جب میرا کوئی مددگار نہ تھا تو انہوں نے میری مدد کی اللہ نے مجھے ان سے اولاد دی جبکہ باقی بیویوں سے اولاد نہیں ہوئی۔"

س: حضوؐر کی کس زوجہ مطہرہ کا انتقال سب سے پہلے ہوا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کا۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون ہیں جن کی نماز جنازہ حضوؐر نے نہیں پڑھائی حالانکہ ان کا انتقال آپؐ کے سامنے ہوا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کا۔

س: کیا آپؐ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

ج: اس وقت تک نماز جنازہ فرض نہیں ہوئی تھی۔

س: حضرت خدیجہؓ سے حضوؐر کے ہاں کتنی اولاد ہوئی؟

ج: چھ۔

س: ان میں سے بیٹے' بیٹیوں کی تعداد کیا تھی؟

ج: دو بیٹے اور چار بیٹیاں۔

س: حضوؐر کے دونوں بیٹوں کے نام بتا دیں؟

ج: عبداللہ اور قاسم۔

س: حضوؐر کی چار بیٹیاں تھیں ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت زینبؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت فاطمہؓ۔

س: حضرت خدیجہؓ کی اس اولاد کا نام بتایئے جو حضوؐر سے نہیں تھی؟

ج: ہالہؓ طاہر اور ہند۔

حضرت سودہؓ

س: حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد آپؐ نے دوسرا نکاح کس خاتون سے کیا تھا؟

ج: حضرت سودہؓ۔

س: بوقت نکاح حضرت سودہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۵۰ سال۔

س: خود حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۰ سال۔

س: حضرت سودہؓ کا نکاح حضورؐ سے کب ہوا تھا؟

ج: ۱۰ نبوی میں۔

س: حضورؐ کو حضرت سودہؓ سے نکاح کرنے کی ترغیب کس نے دی تھی؟

ج: حضرت خولہؓ بنت حکیم نے۔

س: اس کی وجہ کیا تھی؟

ج: انہوں نے جب یہ دیکھا کہ آپؐ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد نہایت پریشان اور غمگین ہیں اور گھر کا انتظام کرنے والا کوئی نہیں رہا تو انہوں نے آپؐ کو حضرت سودہؓ سے نکاح کرنے کا مشورہ دیا۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اس شادی کا انتظام حضرت خولہؓ بنت حکیم نے کیا تھا؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: حضرت سودہؓ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

ج: زمعہ۔

س: حضرت سودہؓ کے حضورؐ سے پہلے کتنے نکاح ہوئے تھے؟

ج: ایک نکاح۔

س: حضرت سودہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت سکرانؓ بن عمرو۔

س: پہلے شوہر سے حضرت سودہؓ کے ہاں کتنی اولاد تھی؟

ج: ایک بیٹا۔

س: آپ ان کا نام بتا دیں؟

ج: عبدالرحمٰنؓ۔

س: حضرت سودہؓ کے یہ صاحبزادے کس جنگ میں شہید ہوئے تھے؟

ج: جنگ جلولا میں۔

س: حضرت سودہؓ نے کل کتنی عمر پائی؟

ج: ۷۲ سال۔ (۱۹ھ میں وفات پائی۔)

س: حضورؐ کے ساتھ حضرت سودہؓ کی رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۱۳ سال۔

س: حضورؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ بوقت نکاح تمام امہات المومنین میں سب سے زیادہ عمر رسیدہ تھیں؟

ج: حضرت سودہؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ وہ واحد ام المومنین ہیں جن کی عمر نکاح کے وقت حضورؐ کے برابر تھی؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون ہیں جنھوں نے اپنی ذات پر اپنے محبوب (حضورؐ) کی محبوبہ (حضرت عائشہؓ) کو ترجیح دے کر اپنی باری ان کو دے دی تھی؟

ج: حضرت سودہؓ۔

س: حضورؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ سب سے زیادہ بلند قد تھیں؟

ج: حضرت سودہؓ

س: حضورؐ کی ان زوجہ مطہرہ کا اسم گرامی بتایئے جن کے لئے حضرت عائشہؓ نے فرمایا تھا۔ ''سوائے ان کے کسی اور عورت کو دیکھ کر میرے اندر یہ خواہش پیدا نہ ہوئی کہ ان کے جسم میں میری روح ہوتی؟''

ج: حضرت سودہؓ۔

س: امہات المومنین میں سے سب سے کم احادیث کس نے روایت کی ہیں؟

ج: حضرت سودہؓ نے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ

س: حضورؐ کا تیسرا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت عائشہؓ سے۔

س: وہ کس جلیل القدر صحابیؓ کی صاحبزادی تھیں؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی۔

س: حضورؐ سے نکاح کے وقت ان کی عمر کیا تھی؟

ج: ۹ سال۔

س: اس وقت (بوقت نکاح) خود حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۴ سال۔

س: کم عمر ہونے کی وجہ سے حضرت عائشہ کی رخصتی کس عمر میں ہوئی تھی؟

ج: ۱۴ سال۔

س: حضرت عائشہ کا حضورؐ سے نکاح کب ہوا تھا؟

ج: ۱۱ نبوی میں۔

س: اور ان کی رخصتی کس دن ہوئی تھی؟

ج: ۱ھ میں۔

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ نے کل کتنی عمر پائی؟

ج: ۶۷ سال۔ (۵۸ھ میں انتقال ہوا۔)

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ کی حضورؐ سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۹ سال۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عائشہؓ صدیقہ حضورؐ کی واحد زوجہ مطہرہ ہیں جو کنواری آپؐ کے عقد میں آئیں؟

ج: جی ہاں، درست ہے۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی وہ خصوصیات بتائیں جن کی وجہ سے وہ دیگر ازواج مطہرات سے ممتاز تھیں؟

ج: آپؓ بہت ذہین تھیں اور حضورؐ آپ سے بہت پیار کرتے تھے آپ کے حجرے میں حضورؐ کا انتقال ہوا اور وہیں آپؐ دفن ہیں اس کے علاوہ آپ کے بستر میں حضورؐ پر وحی مبارک نازل ہوا کرتی تھی آپ کنواری تھیں جب حضورؐ کے نکاح میں آئیں اور آپ نے سب سے زیادہ احادیث (عورتوں میں) روایت کی ہیں۔

س: حضورؐ کی وہ کون سی زوجہ مطہرہ ہیں جن کی اوڑھنی سے غزوہ بدر میں اسلامی پرچم میں بنایا گیا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: حضورؐ کی ازواج مطہرات میں وہ خوش بخت خاتون کون ہیں جنہوں نے ایک اسلامی گھرانے میں آنکھ کھولی؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: امہات المومنین میں کن ام المومنین نے کندھے سے مشک لٹکا کر غزوہ احد میں زخمیوں کو پانی پلایا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ کا انتقال ۵۸ھ میں ہوا تھا ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت ابوہریرہؓ نے۔ (جو اس وقت مدینہ کے گورنر تھے)

س: امہات المومنین سے واقعہ افک کس سے متعلق ہے؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ کے۔

س: یہ واقعہ کس غزوہ کے بعد پیش آیا تھا؟

ج: غزوہ بنو مصطلق۔

س: حضرت عائشہؓ جب اسلامی لشکر سے پیچھے رہ گئی تھیں تو کونسے صحابی انہیں اونٹ پر سوار کر کے لائے تھے؟

ج: حضرت صفوانؓ بن امیہ۔

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ کو واقعہ افک سے سب سے پہلے کس نے آگاہ کیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے پروردہ مسطح بن اثاثہ کی ماں نے۔

س: کفار اس بارے میں الزام تراشیاں کرتے تھے بتایئے اس موقع پر قرآن مجید کی کونسی سورۃ نازل ہوئی جس میں حضرت عائشہ کی عصمت و عفت کی قسم کھائی گئی تھی؟

ج: سورۂ نور۔

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ کی عصمت و عفت کی اولین گواہی کس نے دی؟

ج: (۱) مردوں میں سے حضرات اسامہ بن زیدؓ نے۔
(۲) عورتوں میں سے حضرت بریرہؓ نے۔

س: امہات المومنین میں سے سب سے پہلے کس نے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاک دامن ہونے کی گواہی دی تھی؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: حضورؐ کی وہ کونسی دو ازواج مطہرات ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کی جانب سے

جبرائیلؑ نے سلام کہا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: واقعہ افک میں جب حضورؐ نے حضرت زینبؓ بنت جحش سے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے متعلق دریافت فرمایا تو انہوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: ''میں ان میں بھلائی کے سوا اور کچھ نہیں پاتی۔''

س: حضرت عائشہؓ کا صدیقہ کے علاوہ اور لقب کیا تھا؟

ج: حمیرا۔

س: انہوں نے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟

ج: ۲ ہزار ۲ سو احادیث۔

س: امہات المومنین میں سے وہ کون ہیں جو فقہ اور احادیث کی باقاعدہ تعلیم دیا کرتی تھیں اور جن کے شاگردوں کی تعداد ہزاروں میں تھی؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: لوگوں نے جب حضرت عائشہ صدیقہؓ سے حضورؐ کے متعلق دریافت کیا کہ جب آپؐ گھر میں ہوتے تو کیا رنگ ہوتا تو ام المومنین نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: انہوں نے فرمایا ''سب سے زیادہ نرم خو، مسکرانے والے اور خندہ جبیں۔''

س: امہات المومنین میں سے کون عمدہ شاعرہ تھیں؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت ام سلمیٰؓ۔

س: حضورؐ کے وصال کے بعد جب صحابہ کرامؓ کو کسی مسئلے میں مشکل درپیش آتی تو اس کا حل دریافت کرنے کے لئے وہ آپؐ کی کس زوجہ مطہرہ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے؟

ج: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس۔

حضرت حفصہؓ

س: حضورؐ کا چوتھا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت حفصہؓ سے۔

س: حضرت حفصہؓ کن جلیل القدر صحابیؓ کی بیٹی تھیں؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کی۔

س: حضرت حفصہؓ کا حضورؐ سے نکاح کب ہوا تھا؟

ج: شعبان ۳ھ میں۔

س: حضورؐ سے نکاح کے وقت حضرت حفصہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۲ سال۔

س: اس وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۵ سال۔

س: حضرت حفصہؓ کی حضورؐ سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۸ سال۔

س: حضرت حفصہؓ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟

ج: ۵۹ سال۔ (۴۱ھ میں وفات پائی۔)

س: اسلامی مہینہ کونسا تھا جس میں حضرت حفصہؓ کی وفات ہوئی؟

ج: جمادی الاول۔

س: حضرت حفصہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: مروان بن الحکم گورنر مدینہ نے۔

س: حضرت عمر فاروقؓ کی صاحبزادی حضرت حفصہؓ جب بیوہ ہوگئیں اور انہوں نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو ان سے نکاح کرنے کو کہا لیکن وہ خاموش رہے پھر حضرت عمر فاروقؓ نے یہ بات حضرت عثمان غنیؓ سے کہی تو انہوں

نے جواب میں کہا کہ میں ابھی شادی کا ارادہ نہیں رکھتا اس پر حضرت عمر فاروقؓ نے مایوس ہو کر حضوؐر سے شکایت کی تو حضوؐر نے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپ نے فرمایا تھا ''حفصہؓ کی شادی اس سے ہو گی جو عثمانؓ سے بہتر ہے اور عثمانؓ کا نکاح اس سے ہو گا جو حفصہؓ سے بہتر ہے۔''

س: اس کے بعد کیا ہوا تھا؟

ج: حضوؐر نے خود حضرت حفصہؓ سے نکاح کر لیا اور اپنی بیٹی حضرت ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمانؓ سے کر دیا۔

س: کس ام المومنین کی پیدائش اس وقت ہوئی جب قریش کعبہ کی دوبارہ تعمیر کر رہے تھے جس میں آپؐ نے بھی حصہ لیا تھا؟

ج: حضرت حفصہؓ۔

س: امہات المومنین میں سے کن کو پورا قرآن مجید حفظ تھا؟

ج: حضرت عائشہؓ، حضرت حفصہؓ اور حضرت ام سلمہؓ۔

س: امہات المومنین میں سے لکھنا کون جانتی تھیں؟

ج: حضرت حفصہؓ۔

س: امہات المومنین میں سے کس کے پاس پہلی بار لکھی ہوئی صورت میں قرآن مجید رکھوایا گیا تھا؟

ج: حضرت حفصہؓ کے پاس۔

حضرت زینبؓ بنت خزیمہ

س: حضرت زینبؓ حضوؐر کی کون سی زوجہ مطہرہ تھیں؟

ج: پانچویں۔

س: حضوؐر سے پہلے حضرت زینبؓ کے کتنے نکاح ہوئے تھے؟

ج: تین۔
س: حضرت زینبؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟
ج: حضرت عبداللہؓ بن جحش سے۔
س: حضوؐر سے حضرت زینبؓ کا نکاح کب ہوا تھا؟
ج: ۳ھ میں۔ (۶۲۶ء میں)۔
س: اس وقت حضرت زینبؓ کی عمر کیا تھی؟
ج: ۳۰ سال۔
س: نکاح کے وقت حضوؐر کی عمر مبارک کیا تھی؟
ج: ۵۵ سال۔
س: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کی حضوؐر سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟
ج: صرف تین ماہ۔
س: حضرت زینبؓ کی وفات کب ہوئی تھی؟
ج: ۳ھ میں۔
س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت زینبؓ کی حضوؐر سے رفاقت کی مدت تمام امہات المومنین میں سے کم ہے؟
ج: جی ہاں' درست ہے۔
س: حضرت زینبؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟
ج: حضوؐر نے۔
س: کیا یہ درست ہے کہ وہ واحد ام المومنین ہیں جن کی نماز جنازہ خود حضوؐر نے پڑھائی تھی؟
ج: جی ہاں' درست ہے۔
س: امہات المومنین میں سے ''ام المساکین'' کس کا لقب تھا؟
ج: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کا۔
س: انہیں یہ لقب کس وجہ سے دیا گیا تھا؟

ج: ان کی فیاضی اور مساکین و فقراء کو کثرت سے کھانا کھلانے اور امداد کرنے کی وجہ سے۔

س: حضورؐ کی ازواج مطہرات میں سے سب سے کم عمر کس نے پائی؟

ج: حضرت زینبؓ بنت خزیمہؓ نے۔

س: حضرت زینبؓ کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج: ۳۰ سال کی عمر میں۔

س: حضرت زینبؓ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

ج: خاندان قریش کے قبیلے بنو عامر سے۔

س: حضورؐ نے ایک بار اپنی ازواج مطہرات سے فرمایا تھا ''تم میں مجھ سے جلدی وہ ملے گی جس کا ہاتھ لمبا ہوگا۔'' کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضورؐ کی ازواج مطہرات میں سے کس کے لئے آپ کا یہ فرمان سچ ثابت ہوا تھا؟

ج: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کے لئے جنہوں نے سب سے پہلے وفات پائی۔

س: ہاتھ لمبا ہونے کا استعارہ کس سے متعلق تھا؟

ج: حضرت زینبؓ کی فیاضی کے متعلق۔

س: حضورؐ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جو آنحضرت کی پانچویں زوجہ مطہرہ تھیں اور ان سے نکاح کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو چار سے زائد نکاح کرنے کی اجازت دے دی تھی؟

ج: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ۔

س: امہات المومنین میں سے کن دو نے احادیث روایت نہیں کی ہیں؟

ج: حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینبؓ بنت خزیمہ نے۔

س: حضورؐ کی کونسی دو ازواج مطہرات کا انتقال حضورؐ کی وفات سے پہلے ہوا؟

ج: حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینبؓ بنت خزیمہ۔

حضرت ام سلمہؓ

س: حضورؑ کا چھٹا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت ام سلمہؓ سے۔ (آپ کا تعلق خاندان قریش کے قبیلے بنی مخزوم سے تھا)۔

س: ان کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: سہیل۔ آپ قریش کے مشہور سردار تھے اور ابی امیہ کے نام سے مشہور تھے۔

س: حضرت ام سلمہ کا نکاح حضورؑ سے کب ہوا تھا؟

ج: ۴ھ میں۔ (سن عیسوی کے مطابق ۶۲۶ء میں۔)

س: وقت نکاح حضرت ام سلمہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۶ سال۔

س: اس وقت حضورؑ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۶ سال۔

س: حضرت ام سلمہؓ کی حضورؑ کے ساتھ رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۷ سال۔

س: حضرت ام سلمہؓ نے کتنی عمر میں وفات پائی؟

ج: ۸۴ سال۔

س: ان کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۶۰ھ میں۔

س: حضرت ام سلمہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت ابو سلمہؓ سے۔

س: حضرت ام سلمیٰؓ کے پہلے شوہر جناب ابو سلمہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن الاسد۔

س: حضرت ام سلمہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: ہند۔

س: وہ کس وجہ سے ام سلمہؓ کہلاتی تھیں؟

ج: اپنی بیٹی سلمٰی کی وجہ سے۔

س: امہات المومنین میں سے سب سے زیادہ عمر کس نے پائی؟

ج: حضرت ام سلمہؓ نے۔

س: امہات المومنین میں سے روایت احادیث، نقل احکام اور علم و فضل کے معاملے میں حضرت عائشہؓ کے بعد کس کا درجہ تھا؟

ج: حضرت ام سلمہؓ کا۔

س: امہات المومنین میں سے کس کے پہلے شوہر حضوؐر کے رضاعی بھائی تھے۔

ج: حضرت ام سلمہؓ کے۔

س: کس ام المومنین نے اپنے پہلے شوہر کے ساتھ سب سے پہلے مدینہ ہجرت کی؟

ج: حضرت ام سلمہؓ نے۔

س: حضوؐر کی وہ کونسی زوجہ مطہرہ ہیں جنھوں نے تینوں ہجرتوں میں اپنے شوہر کا ساتھ دیا تھا؟

ج: حضرت ام سلمہؓ جنھوں نے دو بار حبشہ اور تیسری بار مدینہ ہجرت کی۔

س: امہات المومنین میں سے کس کے والد کا لقب زادالراکب تھا؟

ج: حضرت ام سلمہؓ کے۔

س: ان ام المومنین کا نام بتایئے جنھوں نے اپنے ایک غلام کو اس شرط پر آزاد کیا تھا کہ وہ ساری زندگی حضوؐر کی خدمت کریں گے؟

ج: حضرت ام سلمٰیؓ۔ (ان کا نام حضرت سفینہؓ تھا)

س: امہات المومنین میں سے کس کے پہلے شوہر کی نماز جنازہ میں حضوؐر نے

چار تکبیروں کی بجائے نو تکبیریں کہی تھیں؟

ج: حضرت ام سلمیٰؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ام سلمیٰؓ حافظ قرآن اور شاعرہ تھیں؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: امہات المومنین میں سے کس کے پاس حضورؐ کے کچھ موئے مبارک (بال) چاندی کی ایک ڈبیہ میں محفوظ تھے اور صحابہ کرامؓ میں سے جب کبھی کسی کو تکلیف پہنچتی تو وہ ایک پیالہ میں پانی بھر کر ام المومنین کے پاس لاتے وہ موئے مبارک نکال کر اس پانی میں حرکت دیتیں وہ یہ پانی پی لیتے اور اس کی برکت سے وہ تکلیف رفع ہو جاتی تھی؟

ج: حضرت ام سلمیٰؓ کے پاس۔

حضرت زینبؓ بنت جحش

س: حضورؐ کی ساتویں منکوحہ کون تھیں؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: حضرت زینبؓ کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: برہ۔

س: ان کا نکاح حضورؐ سے کب ہوا تھا؟

ج: ۵ھ میں۔

س: اس وقت ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۳۶ سال۔

س: حضرت زینبؓ کی حضورؐ سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۶ سال۔

س: حضرت زینبؓ بنت جحش سے نکاح کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۷ سال۔

س: حضرت زینبؓ بنت جحش کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت زینبؓ کو حضرت زیدؓ بن حارثہ نے نااتفاقی کی بناء پر طلاق دے دی تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ کی وہ کونسی زوجہ مطہرہ ہیں جو حضورؐ کی پھوپھی زاد بہن تھیں؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: حضورؐ کی وہ کونسی زوجہ مطہرہ ہیں جن کا ذکر ان کے پہلے شوہر کے ساتھ قرآن پاک میں آیا تھا؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: کیا آپ مذکورہ سورہ کا نام بتا سکتے ہیں؟

ج: سورۂ احزاب۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت زیدؓ بن حارثہ جو حضرت زینبؓ بنت جحش کے پہلے شوہر تھے کا ذکر قرآن پاک کی سورۂ احزاب میں ان کے نام کے ساتھ آیا ہے؟

ج: جی ہاں' درست ہے اور یہ اعزاز حاصل کرنے والے آپ واحد صحابیؓ ہیں۔

س: حضورؐ کی وفات کے بعد امہات المومنین میں سے سب سے پہلے کون فوت ہوا تھا؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: حضرت زینبؓ کی وفات کب ہوئی تھی؟

ج: ۲۰ھ میں۔

س: اس وقت ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۵۱ سال۔

س: حضرت زینبؓ بنت جحش کی نمازہ جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ نے۔

س: امہات المومنین میں سے کس نے سب سے پہلے واقعہ افک میں حضرت عائشہ کے پاک دامن ہونے کی گواہی دی تھی؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش نے۔

س: وہ کونسی ام المومنین ہیں جنہوں نے وصال نبیؐ کے بعد حج نہیں کیا جبکہ دیگر امہات المومنین حج ادا کرتی رہی تھیں؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضورؐ کی کس زوجہ مطہرہ کی وفات پر فرمایا تھا ''وہ نیک بخت بے مثل خاتون چلی گئیں اور یتیموں اور بیواؤں کو بے چین کر گئیں؟''

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش کی وفات پر۔

حضرت جویریہؓ

س: حضورؐ کی آٹھویں زوجہ مطہرہ کون تھیں؟

ج: حضرت جویریہؓ۔

س: ان کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: حارث بن ابی ضرار۔

س: حضرت جویریہؓ کس غزوے میں گرفتار ہو کر آئی تھیں؟

ج: غزوہ بنی مصطلق میں۔

س: ان کے والد اپنے قبیلے کے سردار تھے قبیلے کا نام بتا دیں؟

ج: بنو مصطلق۔

س: حضرت جویریہؓ غزوہ بنی مصطلق میں گرفتار ہوئی تھیں یہ غزوہ کب ہوا تھا؟

ج: ۵ھ میں۔

س: حضورؐ سے حضرت جویریہؓ کا نکاح کب ہوا تھا؟

ج: شعبان ۵ھ میں۔

س: اس وقت حضرت جویریہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۰ سال۔

س: بوقت نکاح حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۷ سال۔

س: حضرت جویریہؓ کی حضورؐ سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۶ سال۔

س: حضرت جویریہؓ نے کب وفات پائی؟

ج: ۵۶ھ میں ۷۱ برس۔

س: حضرت جویریہؓ غزوہ بنو مصطلق کی اسیر تھیں بتایئے پہلے وہ کس صحابیؓ کے حصے میں آئی تھیں؟

ج: حضرت ثابتؓ بن قیس۔

س: ان کا تاوان یعنی انہیں آزاد کروانے کے لئے کتنی رقم طے ہوئی تھی؟

ج: ۱۹ اوقیہ سونا۔

س: اس پر وہ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور آپ سے کیا عرض کیا تھا؟

ج: انہوں نے فرمایا تھا ''میں سردار کی بیٹی ہوں اور جو مصیبتیں مجھ پر آئی ہیں وہ آپؐ پر ظاہر ہیں آپؐ میری مدد فرمائیں۔''

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ نے ان کے تاوان کی رقم ادا کر کے انہیں آزاد کروا لیا اور پھر ان سے شادی کر لی؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ نے کس ام المومنین کے متعلق فرمایا تھا کہ "میں نے ان سے زیادہ برکت والا نہیں دیکھا؟"

ج: حضرت جویریہؓ کے متعلق۔

س: کیا آپ اس کی وجہ بتا سکتے ہیں؟

ج: حضرت جویریہؓ جب حضورؐ کے نکاح میں آ گئی تھیں تو مسلمانوں نے غزوہ مصطلق کے تمام قیدی یہ کہہ کر رہا کر دیئے تھے کہ اب یہ حضورؐ کے رشتے دار ہیں اور انہیں لونڈی غلام نہیں بنایا جا سکتا یوں ام المومنین کی برکت سے سارے قیدی آزاد ہو گئے۔

س: کس ام المومنین نے جنگ یرموک میں شرکت کی تھی؟

ج: حضرت جویریہؓ نے۔

س: کن دو امہات المومنین کی حضورؐ سے رفاقت کی مدت برابر ہے؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحشؓ اور حضرت جویریہؓ۔

س: یہ مدت کیا تھی؟

ج: ۶ سال۔

حضرت ام حبیبہؓ

س: حضورؐ کا نواں نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت ام حبیبہؓ سے۔ ۶ھ میں نکاح ہوا آپ کا اصل نام رملہ تھا اور آپ حضرت ابوسفیانؓ کی بیٹی تھیں۔

س: اس وقت ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۳۶ سال۔

س: اس وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۸ سال۔

س: حضرت ام حبیبہؓ سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: ۵ سال۔

س: حضرت ام حبیبہ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۴۴ھ میں۔

س: وفات کے وقت ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۷۴ سال۔

س: وہ کس وجہ سے ام حبیبہؓ کہلاتی تھیں؟

ج: اپنی بیٹی حبیبہ کی وجہ سے۔

س: حضرت ام حبیبہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن جحش۔

س: حضرت ام حبیبہؓ نے اپنے شوہر کے ساتھ کہاں ہجرت کی تھی؟

ج: حبشہ کی طرف۔

س: وہاں جا کر ان کے شوہر نے کون سا مذہب اختیار کر لیا تھا؟

ج: عیسائی مذہب۔ (یہ اسلام میں مرتد ہونے والے پہلے شخص تھے)۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ام حبیبہؓ نے اپنے شوہر کے عیسائی ہو جانے پر ازخود ان سے علیحدگی اختیار کر لی تھی؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح حضورؐ سے کس نے کروایا تھا؟

ج: نجاشی' شاہ حبشہ نے۔

س: نجاشی' شاہ حبشہ کی اس لونڈی کا نام بتایئے جس کی معرفت انہوں نے حضرت ام حبیبہؓ کے پاس حضورؐ کا پیام نکاح بھیجا تھا؟

ج: ابرہہ۔

حضرت ام حبیبہؓ کو جب نجاشی، شاہ حبشہ کی لونڈی ابرہہ نے حضورؐ کے نکاح کا پیغام پہنچایا تو انہوں نے ابرہہ سے کیا کہا تھا؟

ام المومنین نے خوشی اور شکرانے کے طور پر چاندی کے دو کنگن اور انگوٹھیاں جو انہوں نے پہن رکھی تھیں ابرہہ کو دے دی تھیں۔

ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کا نکاح کس نے پڑھایا تھا؟

نجاشی، شاہ حبشہ نے۔

حضرت ام حبیبہؓ سے نکاح کے لئے حضورؐ نے نجاشی کے دربار میں کسے اپنا پیامبر بنا کر بھیجا تھا؟

حضرت عمروؓ بن امیہ کو۔

ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کو نجاشی نے کس کے ساتھ روانہ کیا تھا؟

حضرت شرجیلؓ بن حسنہ کے ساتھ۔

کس ام المومنین نے اپنے والد کو جب وہ حضورؐ سے ملنے مدینہ منورہ آئے تھے تو حضورؐ کے بستر پر بیٹھنے کی اجازت نہیں دی تھی؟

حضرت ام حبیبہؓ نے۔

کس وجہ سے حضرت ام حبیبہؓ نے اپنے والد جناب ابوسفیان کو حضورؐ کے بستر پر بیٹھنے نہیں دیا تھا؟

کیونکہ وہ ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے؟

یہ واقعہ کب کا ہے؟

جب جناب ابوسفیان صلح حدیبیہ کی تجدید کے لئے مدینہ منورہ آئے تھے۔

حضرت ام حبیبہؓ سے حضورؐ کے نکاح کے وقت حضورؐ کے کونسے قریبی رشتے دار وہاں موجود تھے؟

آپ کے چچا زاد بھائی جعفرؓ طیار۔

حضورؐ سے نکاح کے وقت ام المومنین کے وکیل کون تھے؟

حضرت خالدؓ بن سعید۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت ام حبیبہؓ واحد ام المومنین ہیں جو اگرچہ مدینہ منورہ میں دفن ہیں لیکن جنت البقیع میں دفن نہیں؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: حضرت ام حبیبہؓ نے حضورؐ سے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟

ج: ۶۵ احادیث۔

حضرت صفیہؓ

س: حضورؐ نے دسواں نکاح کس سے کیا تھا؟

ج: حضرت صفیہؓ سے۔ (آپ کا اصل نام زینب تھا)

س: حضرت صفیہؓ کس قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں؟

ج: بنونضیر سے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت صفیہؓ کے والد اپنے قبیلے کے سردار تھے؟

ج: جی ہاں درست ہے ان کا نام حیّی بن اخطب تھا۔

س: بنونضیر کس قوم کا مشہور قبیلہ تھا؟

ج: یہودیوں کا۔ (جو مدینہ منورہ میں آباد تھے)

س: حضورؐ کی آمد کے بعد آپؐ نے ان کی سازشوں کی وجہ سے انہیں مدینے سے نکل جانے کا حکم دیا تھا اس پر یہ قبیلہ جا کر کہاں آباد ہو گیا تھا؟

ج: خیبر میں۔

س: وہ کس یہودی قبیلے کے رئیس کی بیٹی تھیں؟

ج: بنوقریظہ۔

س: ام المومنین حضرت صفیہؓ کس غزوے کی اسیر تھیں؟

ج: غزوہ خیبر کی۔ (جو ۷ھ میں ہوا تھا)

س: حضرت صفیہ کا حضوؐر سے نکاح کب ہوا تھا؟

ج: ماہ جمادی الثانی ۷ھ میں۔

س: بوقت نکاح ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۱۴ سال۔

س: اس وقت خود حضوؐر کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۹ سال۔

س: حضرت صفیہؓ کی حضوؐر سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: سوا تین سال۔

س: حضرت صفیہؓ کی وفات کب ہوئی تھی؟

ج: ۵۰ھ میں۔

س: وفات کے وقت ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۵۷ سال۔

س: حضوؐر کی کس زوجہ مطہرہ نے حضوؐر کی چہیتی بیٹی حضرت فاطمہؓ سے اپنی پہلی ملاقات میں انہیں اپنے کانوں کے قیمتی بندے بطور تحفہ پیش کیے تھے؟

ج: حضرت صفیہؓ نے۔

س: کونسی ام المومنین سب سے عمدہ کھانا پکاتی تھیں؟

ج: حضرت صفیہؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضرت صفیہؓ نے حضوؐر سے نکاح کے وقت اسلام قبول کیا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: امہات المومنین میں سے کس کے والد گرامی نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ حضوؐر نبی آخرالزماں ہیں کہا تھا کہ "جب تک جان میں جان ہے اس کی (حضورؐ) مخالفت کروں گا اور اس کی بات نہیں چلنے دوں گا؟"

ج: حضرت صفیہؓ کے۔

س: کس ام المومنین نے اپنی وصیت میں اپنے یہودی بھانجے کے لئے اپنی جائیداد کے ایک تہائی حصہ دینے کے لئے کہا تھا لیکن ان کی وفات کے بعد مسلمانوں کو یہ حصہ دینے میں تامل ہوا تھا؟

ج: حضرت صفیہؓ نے۔

س: اس موقع پر کس ام المومنین نے ان کے بھانجے کو یہ حصہ دلوایا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ نے۔

س: کس ام المومنین نے اپنے خلاف حضرت عمر فاروقؓ کے پاس شکایت کرنے والی اپنی لونڈی کو آزاد کر دیا تھا؟

ج: حضرت صفیہؓ نے۔

س: حضرت عائشہ صدیقہؓ نے کس کے لئے یہ فرمایا تھا "میں نے ان سے زیادہ اچھا کھانے پکانے والا نہیں دیکھا؟"

ج: حضرت صفیہؓ کے لئے۔

حضرت میمونہؓ

س: حضرت میمونہؓ حضورؐ کی کونسی ویں منکوحہ تھیں؟

ج: گیارہویں۔ (آپ کا اصل نام برہ تھا)۔

س: آپ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: حارث۔

س: حضرت میمونہؓ کا نکاح حضورؐ سے کب ہوا تھا؟

ج: ماہ ذی القعدہ ۷ھ میں۔

س: اس وقت ام المومنین کی عمر کیا تھی؟

ج: ۳۶ سال۔

س: خود اس وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۹ سال۔

س: حضرت میمونہؓ کی حضورؐ سے رفاقت کی مدت کیا ہے؟

ج: تقریباً تین سال۔

س: حضرت میمونہؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۵۱ھ میں۔ (۸۰ سال کی عمر میں)

س: حضورؐ کا حضرت میمونہؓ سے نکاح کس نے پڑھایا تھا؟

ج: حضورؐ کے چچا حضرت عباسؓ نے۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اس نکاح کے محرک حضرت عباسؓ تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضورؐ کی کون سی زوجہ مطہرہ حضرت خالدؓ بن ولید کی خالہ تھیں؟

ج: حضرت میمونہؓ۔

س: فتح مکہ کے وقت حضورؐ کے ساتھ کتنی ازواج مطہرات تھیں؟

ج: دو حضرت ام سلمہؓ اور حضرت ام میمونہؓ۔

س: حضرت ام میمونہؓ کی وفات ۵۱ھ میں ہوئی تھی۔ ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ نے۔

س: حضورؐ کا نکاح حضرت ام میمونہؓ سے کس مقام پر ہوا تھا؟

ج: مکہ مکرمہ کے قریب ایک مقام سرف پر۔

س: کیا یہ درست ہے کہ اسی مقام پر حضرت ام میمونہؓ کا انتقال ہوا تھا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: حضرت ام میمونہؓ کا نکاح حضورؐ سے کس موقع پر ہوا تھا؟

ج: جب آپ مکہ مکرمہ میں عمرے کے ارادے سے آئے تھے۔

س: کونسی ام المومنین حضورؐ کے محترم چچا حضرت عباسؓ کی اہلیہ کی بہن تھیں؟

ج: حضرت ام میمونہؓ۔

س: حضرت عباسؓ کی اہلیہ نام بتایئے جو حضرت میمونہؓ کی بہن تھیں؟

ج: حضرت ام فضلؓ۔

☆......☆......☆

س: کس زوجہ مطہرہ کی رخصتی کے موقع پر پردے کا حکم نازل ہوا تھا؟

ج: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

س: حضوؐر کی حرم حضرت ماریہ قبطیہؓ کہاں کی رہنے والی تھیں؟

ج: مصر کی۔

س: وہ مدینہ منورہ میں کہاں رہا کرتی تھیں؟

ج: مدینہ کی بستی عالیہ میں۔

س: حضوؐر کی کون سی اولاد ماریہ قبطیہؓ کے بطن سے تھی؟

ج: حضرت ابراہیمؑ۔

س: سورہ نور میں ہذا افک مبین والی آیت کا تعلق حضوؐر کی کس زوجہ مطہرہ سے متعلق ہے؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے۔

س: حضوؐر کے وصال کے وقت کتنی امہات المومنین زندہ تھیں؟

ج: نو (۹)۔

س: تیمم کرنے والی آیت کے نزول کا تعلق حضوؐر کی کس زوجہ مطہرہ سے ہے؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ سے۔

س: کن امہات المومنین کے حضوؐر سے نکاح مکہ مکرمہ میں ہوئے تھے؟

ج: تین کے۔ حضرت خدیجہؓ، حضرت سودہؓ اور حضرت عائشہؓ۔

س: صلح نامہ حدیبیہ مرتب ہو جانے کے بعد جب حضوؐر نے صحابہ کرام کو سر منڈوانے اور قربانی کرنے کا حکم دیا لیکن معاہدے کی شرائط کی وجہ سے وہ

غمگین تھے لہٰذا انہیں اس حکم کی تعمیل میں تامل ہوا جس سے حضورؐ دل گرفتہ ہوئے اس موقع پر کس ام المومنین نے اپنی ترکیب سے معاملہ سلجھایا تھا اور وہ ترکیب کیا تھی؟

ج: حضرت ام سلمیٰؓ نے، جب انہوں نے یہ کیفیت دیکھی تو حضورؐ سے عرض کیا کہ پہلے آپ خود اپنا سر منڈوائیں چنانچہ جب حضورؐ نے ایسا کیا تو آپ کو دیکھ کر صحابہ کرامؓ جیسے چونک اٹھے، فوراً سر منڈوانے لگے۔

س: ان دو بزرگ خواتین کے نام بتایئے جن کی قبروں میں آنحضرتؐ خود اترے تھے؟

ج: (۱) حضرت عائشہ صدیقہؓ کی والدہ حضرت ام رومانؓ۔

(۲) حضرت علیؓ کی والدہ محترمہ حضرت فاطمہؓ بنت اسد۔

س: حضورؐ کو چار سے زیادہ ازواج مطہرات کی اجازت قرآن پاک کی کس آیت سے ظاہر ہے؟

ج: سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۔

س: حضورؐ کو مملوکہ عورتوں (لونڈیوں) سے نکاح کی اجازت قرآن پاک کی کس آیت سے ثابت ہے؟

ج: سورہ احزاب کی آیت نمبر ۵۰۔

س: جب حضورؐ کو چار سے زیادہ ازواج مطہرات کی اجازت ملی تھی اس وقت آپؐ کی کون سی چار ازواج مطہرات موجود تھیں؟

ج: حضرت سودہؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت حفصہؓ اور حضرت ام سلمیٰؓ۔

س: کیا آپ ان ازواج مطہرات کے نام بتا سکتے ہیں جن سے نکاح کر کے حضورؐ نے دوستیوں کو پختہ کیا عداوتوں کو کم کیا اور جاہلانہ رسوم کا خاتمہ کیا؟

ج: (۱) حضرت عائشہ صدیقہؓ اور حضرت حفصہؓ سے نکاح کر کے حضورؐ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ سے اپنے تعلقات کو اور زیادہ گہرا مستحکم کر لیا۔

(۲) ام المومنین حضرت ام سلمیٰؓ سے نکاح کر کے ابو جہل اور خالد بن ولید کے خاندانوں سے دشمنی کی شدت کو کم کیا۔

(۳) ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ سے نکاح کے بعد ان کے والد ابوسفیان پھر کبھی آپ کے مقابلے پر نہیں آئے۔

(۴) ام المومنین حضرت جویریہؓ اور حضرت صفیہؓ سے نکاح کے بعد حضوؐر کے خلاف یہودیوں کی سرگرمیاں ماند پڑ گئیں۔

س: حضوؐر جب نماز عصر کے بعد ازواج مطہرات کے ہاں تشریف لاتے تو سب سے پہلے کس کے گھر میں قدم رنجہ فرماتے تھے؟

ج: حضرت ام سلمیٰؓ کے ہاں۔

س: ایک بار حضوؐر اپنی زوجہ مطہرہ حضرت صفیہؓ سے ناراض ہو گئے تھے تو ام المومنین نے کس کی وساطت سے حضوؐر کی ناراضگی کو ختم کروایا تھا؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ کے ذریعے۔

س: سورہ احزاب کی کس آیت میں امہات المومنین کو یہ اختیار دیا گیا تھا کہ وہ حضوؐر کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں یا دنیا اور اس کی زینت کی خاطر علیحدگی اختیار کرنا چاہتی ہیں؟

ج: آیت نمبر ۲۹۔

س: اس آیت کے نزول کے وقت حضوؐر کے نکاح میں کون کون سی ازواج مطہرات موجود تھیں؟

ج: حضرت سودہؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت حفصہؓ اور حضرت ام سلمیٰؓ۔

س: اس آیت کے نزول کے بعد جب آپؐ نے امہات المومنین سے دریافت کیا تو انہوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: ”وہ اللہ اور اس کے رسول اور دارالآخرت چاہتی ہیں۔“

س: حضوؐر نے ایک امہات المومنین سے علیحدگی کیوں اختیار کر لی تھی؟

ج: وہ آپ سے زیادہ خرچ مانگتی تھیں جس پر آپ ناراض ہو گئے تھے۔

س: آپ نے کتنے عرصے کے لئے یہ علیحدگی اختیار کی۔

ج: ایک ماہ کیلئے۔

س: یہ واقعہ کس نام سے مشہور ہوا؟

ج: واقعہ ایلا۔

س: بعض امہات المومنین کے کہنے پر حضوؐر نے شہد نہ استعمال کرنے کا عہد کر لیا تھا اس کا ذکر قرآن مجید کی کس سورۃ میں ہے؟

ج: سورہ تحریم۔

س: یہ ذکر سورہ تحریک کی کس آیت میں موجود ہے؟

ج: آیت نمبر ا اور ۲ میں۔

س: وہ کون سی زوجہ مطہرہ ہیں جن کا نکاح شوال میں ہوا اور شوال ہی کے مہینے میں (تقریباً پانچ سال بعد) ان کی رخصتی ہوئی تھی؟

ج: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

س: وہ کون سی ام المومنین ہیں جن کے حضوؐر سے پہلے دو نکاح ہوئے اور دونوں شوہر شاعر تھے؟

ج: حضرت صفیہؓ۔

س: حضوؐر نے شادی کا پہلا ولیمہ کس زوجہ مطہرہ سے نکاح کے بعد دیا تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ سے۔

☆......☆......☆

اولادِ رسولؐ

س: حضوؐر کے کتنے صاحبزادے تھے؟

ج: تین۔

س: ان کے نام بتادیں؟

ج: حضرت قاسمؓ، حضرت عبداللہؓ اور حضرت ابراہیمؓ۔

س: حضوؐر کے کتنے صاحبزدے حضرت خدیجہؓ کے بطن سے تھے؟

ج: دو حضرت قاسم اور حضرت عبداللہؓ۔

س: حضوؐر کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ ایک لونڈی کے بطن سے تھے آپ اس کا نام بتادیں؟

ج: حضرت ماریہ قبطیہؓ۔

س: حضوؐر کے سب سے بڑے صاحبزادے کون تھے؟

ج: حضرت قاسمؓ۔

س: حضوؐر کے بڑے بیٹے حضرت قاسمؓ کی ولادت کے وقت ان کی دائی کون تھیں؟

ج: حضرت سلمیٰؓ۔

س: حضوؐر کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو القاسم۔

س: حضورؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کو کس نے دودھ پلایا تھا؟

ج: اخولہ بنت منذر بن زید الانصاری۔

س: حضرت ابراہیمؓ کی دایہ کون تھیں؟

ج: حضرت ام سیفؓ۔

س: حضورؐ نے حضرت ابراہیمؓ کی پیدائش کے کتنے دن بعد ان کا عقیقہ کیا تھا؟

ج: سات دن بعد۔

س: اس موقع پر حضورؐ نے کتنے جانور ذبح کیے تھے؟

ج: دو مینڈھے۔

س: کس سن ہجری میں حضورؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیمؓ پیدا ہوئے تھے؟

ج: ۳ھ میں۔

س: حضورؐ کی کتنی صاحبزادیاں تھیں؟

ج: چار۔

س: ان کے نام بتادیں؟

ج: حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ اور حضرت فاطمہؓ۔

س: حضورؐ کی سب سے بڑی بیٹی کون تھیں؟

ج: حضرت زینبؓ۔

س: آنحضرت کی اولاد میں سب سے پہلے کس کا انتقال ہوا تھا؟

ج: حضرت قاسمؓ۔

س: کس سن ہجری میں حضورؐ کے ایک صاحبزادے اور ایک صاحبزادی کا انتقال ہوا تھا؟

ج: ۸ھ میں۔

س: کیا آپ دونوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج: حضرت ابراہیم اور حضرت زینبؓ۔

س: حضرت قاسمؓ کی وفات کے بعد حضورؐ کے کس صاحبزادے کی وفات ہوئی تھی؟

ج: حضرت عبداللہؓ۔

س: حضورؐ کے وہ کون سے صاحبزادے تھے جن کی وفات کے روز اتفاق سے سورج گرہن بھی ہوا تھا؟

ج: حضرت ابراہیمؓ۔

س: حضرت ابراہیمؓ کی وفات کہاں ہوئی تھی؟

ج: مدینہ منورہ میں۔

س: حضورؐ کی اس نواسی کا نام بتایئے جسے کندھے پر بٹھا کر اور گود میں لے کر آپؐ نے نماز ادا کی؟

ج: حضرت امامہؓ۔

س: وہ کس کی صاحبزادی تھیں؟

ج: حضورؐ کی سب سے بڑی بیٹی زینبؓ کی۔

س: حضورؐ کی صاحبزادی سیدہ زینبؓ کے شوہر کا نام بتایئے؟

ج: حضرت ابو العاصؓ بن ربیع۔

س: حضورؐ کے کون سے داماد غزوہ بدر میں شامل ہو کر مسلمانوں کے خلاف لڑے تھے؟

ج: سیدہ زینبؓ کے شوہر ابو العاصؓ بن ربیع جو اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے اور قریش کے دباؤ کے تحت غزوہ بدر میں شامل ہوئے تھے۔

س: حضورؐ کے اس داماد کا نام بتایئے جن کے نکاح میں حضورؐ نے اپنی دو بیٹیاں یکے بعد دیگرے دے دی تھیں؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ۔

س: حضورؐ کی ان دو صاحبزادیوں کے نام بتایئے جن کا نکاح حضرت عثمان غنیؓ سے ہوا تھا؟

ج: حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ۔

س: حضرت عثمان غنیؓ کو اس وجہ سے کون سا لقب دیا گیا تھا؟

ج: ذوالنورین۔

س: حضورؐ کی کس صاحبزادی کا انتقال چیچک کی وجہ سے ہوا تھا؟

ج: حضرت رقیہؓ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ غزوہ بدر میں مصروفیت کی وجہ سے حضرت رقیہؓ کی نماز جنازہ میں شامل نہیں ہو سکے تھے؟

ج: جی ہاں درست ہے۔

س: حضورؐ کی صاحبزادی سیدہ ام کلثوم کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۹ ھ میں۔

س: حضورؐ کے اس داماد کا اسم گرامی بتایئے جنہیں آپ نے ہجرت کی رات اپنے بستر پر سلایا تھا؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: حضورؐ کے اس داماد کا نام بتایئے جو غزوہ بدر میں کفار کی طرف سے گرفتار ہوئے اور ان کی رہائی کیلئے ان کی اہلیہ نے اپنا ہار بطور فدیہ بھیجا تھا جسے دیکھ کر حضورؐ کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے؟

ج: حضرت ابو العاصؓ بن ربیع جو سیدہ زینبؓ کے شوہر تھے اور اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

س: ہار دیکھ کر حضورؐ کی مبارک آنکھوں سے آنسو کیوں بہہ نکلے تھے؟

ج: یہ ہار حضرت خدیجہؓ کا تھا جو انہوں نے جہیز میں حضرت زینبؓ کو دیا تھا ہار دیکھ کر حضورؐ کے دل میں حضرت خدیجہؓ کی یاد تازہ ہو گئی چنانچہ آپؐ پر رقت طاری ہو گئی تھی۔

س: حضورؐ نے اپنی سب سے چھوٹی اور پیاری صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کی شادی کس سے کی تھی؟

ج: حضرت علیؓ سے۔

س: حضورؐ کی کتنی صاحبزادیوں نے ہجرت کی؟

ج: سب نے۔

س: حضورؐ نے کس جوڑے (شوہر اور بیوی) کے متعلق یہ فرمایا تھا کہ ابراہیمؑ اور لوطؑ کے بعد ہجرت کرنے والا یہ پہلا جوڑا ہے؟

ج: حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت رقیہؓ کے لئے۔

س: حضورؐ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: عتبہ بن ابولہب سے۔

س: حضورؐ کی صاحبزادی سیدہ ام کلثومؓ کا پہلا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: عتیبہ بن ابولہب سے۔

س: حضورؐ کی صاحبزادیوں حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کے پہلے نکاح کا کیا انجام ہوا تھا؟

ج: ابولہب کے کہنے پر دونوں نے طلاق دے دی اس وقت تک دونوں صاحبزادیاں کم سن تھیں اور ابھی رخصتی بھی نہیں ہوئی تھی۔

س: ابولہب کے ان بیٹوں کا کیا حشر ہوا تھا جنہوں نے حضورؐ کی پیاری صاحبزدیوں کو طلاق دے دی تھی؟

ج: عتیبہ کو ایک شیر نے پھاڑ کھایا تھا اور عتبہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہو گیا تھا۔

س: حضورؐ نے اپنی صاحبزدی سیدہ فاطمہؓ کو جہیز میں وہ کون سی چیزیں دی تھیں جو زندگی بھر ان کی رفیق رہیں؟

ج: چکی اور مشکیزہ' سیدہ فاطمہؓ زندگی بھر خود اپنے ہاتھوں سے آٹا پیستی رہیں اور خود ہی مشکیزے سے پانی بھر کر لاتی رہیں۔

س: سیدہ رقیہؓ کی ولادت کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۳۳ سال۔

س: حضورؐ کے نواسے حضرت عبداللہؓ کی والدہ کا نام بتائیے؟

ج: سیدہ رقیہؓ بنت محمدؐ۔

س: حضورؐ کے اس نواسے کا نام بتائیے جس کی آنکھ پر بچپن میں مرغ نے چونچ ماری تھی اور اس سے ان کا انتقال ہوگیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہ بن عثمانؓ۔

س: حضورؐ کے نواسے حضرت عبداللہ کا انتقال کس عمر میں ہوا تھا؟

ج: چھ سال کی عمر میں۔

س: حضورؐ کی سب سے چھوٹی صاحبزادی تو حضرت فاطمہؓ تھیں آپؐ کے سب سے پیارے صاحبزادے کون تھے؟

ج: حضرت ابراہیمؓ۔

س حضورؐ کے اس بیٹے کا نام بتائیے جسے دفن کرتے وقت حضورؐ کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے؟

ج: حضرت ابراہیمؓ۔

س: حضورؐ کی کس صاحبزادی کے ہاں اولاد نہیں ہوئی؟

ج: حضرت ام کلثومؓ کے ہاں۔

س: حضورؐ کو آپؐ کے بیٹے حضرت ابراہیمؓ کی ولادت کی خوشخبری کس نے سنائی تھی؟

ج: حضورؐ کے آزاد کردہ غلام حضرت رافعؓ نے۔

س: حضورؐ نے اپنے فرزند حضرت ابراہیمؓ کی ولادت کی خوشخبری سنانے والے حضرت رافعؓ کو کیا انعام عطا فرمایا تھا؟

ج: آپ نے انہیں ایک غلام عطا فرمایا تھا۔

س: حضورؐ کی سب سے بڑی صاحبزادی حضرت زینبؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: ۸ھ میں۔

س: حضورؐ نے اپنے کس فرزند کی وفات پر یہ ارشاد فرمایا تھا "آنکھ میں نم ہے

دل میں غم ہے مگر ہم کوئی ایسی بات نہیں کہیں گے جو رب کو ناپسند ہے؟''

ج: حضرت ابراہیمؓ کی وفات پر۔

س: حضورؐ کی وہ کون سی صاحبزادی ہیں جنہوں نے ہجرت فی سبیل اللہ کو اپنے شوہر کا ساتھ دیکر قائم کیا؟

ج: سیدہ رقیہؓ۔

س: حضورؐ کی صاحبزادی حضرت ام کلثومؓ کا نکاح حضرت عثمان غنیؓ سے کب ہوا تھا؟

ج: ۳ھ میں۔

س: حضرت فاطمہؓ جب پیدا ہوئیں اس وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۴۱ سال۔

س: ایک دفعہ ایک صحابیؓ نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ ''رسول اللہ کو اپنے خاندان میں سب سے پیارا کون تھا'' تو انہوں نے کیا جواب دیا تھا؟

ج: حضرت فاطمہ الزہراؓ۔

س: ان صحابیؓ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت ابو عمیرؓ۔

س: اس سوال پر کہ حضورؐ کو خاندان کے مردوں میں کون سب سے زیادہ پیارا تھا تو انہوں نے کس کا نام لیا تھا؟

ج: حضرت علیؓ کا۔

س: حضورؐ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کی اولاد کے اسمائے گرامی بتائیے؟

ج: حضرت امام حسنؓ، حضرت امام حسینؓ، حضرت زینبؓ اور حضرت ام کلثومؓ۔

س: حضورؐ کے سب سے بڑے صاحبزادے حضرت قاسمؓ کا انتقال کب ہوا تھا؟

ج: جب انہوں نے چلنا پھرنا سیکھ لیا تھا۔

س: اپنے تین صاحبزادوں میں سے کس کی نماز جنازہ حضورؐ نے خود پڑھائی تھی؟

ج: حضرت ابراہیمؓ۔

س: حضورؐ نے اپنے دیگر دو بیٹوں کی نماز جنازہ کیوں نہیں پڑھائی تھی؟

ج: کیونکہ ان کی وفات تک نماز جنازہ فرض نہیں ہوئی تھی۔

س: حضورؐ کی کس صاحبزادی کی وفات فتح بدر کے روز ہوئی تھی؟

ج: حضرت رقیہؓ۔

س: حضورؐ نے اپنی صاحبزادیوں میں سے کس کی نماز جنازہ خود پڑھائی تھی؟

ج: حضرت زینبؓ اور حضرت ام کلثومؓ۔

س: حضورؐ کے کس فرزند کے القاب طاہر اور طیب ہیں؟

ج: حضرت عبداللہ کے۔

س: حضورؐ کی کونسی صاحبزادی آپؐ کے وصال کے وقت زندہ تھیں؟

ج: حضرت فاطمہ زہراؓ۔

س: حضورؐ کے وہ کونسے صاحبزادے ہیں جو آپؐ کو نبوت ملنے سے قبل پیدا ہوئے؟

ج: حضرت قاسمؓ۔

س: حضورؐ کے کس صاحبزادے کی وفات پر خود آپؐ کے چچا ابولہب اور قریش نے آپؐ کو ابتر یعنی جڑ کٹا کا طعنہ دیا تھا؟

ج: حضرت عبداللہؓ۔

س: اس موقع پر کونسی سورۃ نازل ہوئی تھی؟

ج: سورۂ کوثر۔

س: حضورؐ کے وہ کونسے صاحبزادے ہیں جو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے؟

ج: حضرت ابراہیمؓ۔

س: حضورؐ کے وصال کے بعد آپؐ کے خاندان میں سے سب سے پہلے کس کا انتقال ہوا تھا؟

ج: حضرت فاطمہؓ کا۔

س: حضرت فاطمہؓ کی وفات کب ہوئی تھی؟

ج: رمضان المبارک ۱۱ھ میں۔

س: حضورؐ کے وصال کے کتنے عرصے بعد حضرت فاطمہؓ کی وفات ہوئی؟

ج: چھ ماہ بعد۔

س: سیدہ فاطمہؓ کا نکاح حضرت علیؓ سے کب ہوا تھا؟

ج: ۲ھ میں۔

س: اس وقت حضرت فاطمہؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۱۵ سال۔

س: بوقت نکاح حضرت علیؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: ۲۱ سال۔

س: سیدہ فاطمہؓ کی رخصتی سے قبل حضورؐ نے ان کے شوہر حضرت علیؓ سے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

ج: وہ ایک علیحدہ مکان کا بندوبست کریں اور اس میں جا کر رہیں کیونکہ ابھی تک حضرت علیؓ حضورؐ کے پاس رہ رہے تھے۔

س: حضورؐ نے یہ ارشاد اپنے کس نواسے کی شادی میں ارشاد فرمایا تھا؟ ''میرا یہ بیٹا سید ہے اور اللہ تعالیٰ اسے اس وقت تک باقی رکھے گا کہ اس کے وسیلے سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح ہو جائے؟''

ج: حضرت امام حسنؓ۔

س: حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ میں سے بڑے کون تھے؟

ج: حضرت امام حسنؓ۔

س: حضرت امام حسنؓ کب پیدا ہوئے تھے؟

ج: ۳ھ میں۔

س: حضرت امام حسینؓ کی پیدائش کب ہوئی تھی؟

ج: ۴ھ میں۔

س: حضورؐ کے کونسے نواسے سب سے زیادہ شہرت کے مالک ہوئے؟
ج: حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ۔
س: حضورؐ کے کس نواسے کو زہر دے کر شہید کیا گیا؟
ج: حضرت امام حسنؓ کو۔
س: حضورؐ کے کس نواسے نے معرکہ کربلا میں جان دے کر شہادت کی ایک عظیم داستان رقم کی؟
ج: حضرت امام حسینؓ نے۔
س: حضرت امام حسینؓ کب شہید ہوئے؟
ج: ۱۰ محرم ۶۱ھ میں۔
س: شہادت کے وقت حضرت امام حسینؓ کی عمر کیا تھی؟
ج: ۵۷ سال۔
س: حضورؐ کی کتنی صاحبزادیوں کی وفات آپؐ کے سامنے ہوئی؟
ج: تین کی۔
س: حضورؐ کی کس بیٹی کے نکاح کے بعد یہ مشہور ہو گیا تھا کہ "یہ سب سے اچھا جوڑا ہے جو مکہ میں دیکھا گیا ہے؟"
ج: سیدہ رقیہؓ کا نکاح حضرت عثمان غنیؓ سے ہو جانے کے بعد۔
س: حضورؐ کی کونسی نواسی شہیدان کربلا کے ساتھ میدان کربلا میں موجود تھیں؟
ج: سیدہ زینب بنت علیؓ۔
س: حضورؐ نے اپنے مرض الموت میں اپنی کس بیٹی سے کان میں بات کی تھی؟
ج: حضرت فاطمہؓ سے۔
س: حضورؐ جب سفر سے تشریف لاتے تو گھر جانے سے قبل آپؐ ہمیشہ پہلے کہاں تشریف لے جایا کرتے تھے؟
ج: حضرت فاطمہؓ کے گھر۔
س: حضورؐ کی کس صاحبزادی نے غزوہ احد میں زخمی ہو جانے کے بعد آپؐ

کے زخموں کو دھویا تھا؟

ج: حضرت فاطمہ الزہرؓ نے۔

س: انہوں نے آپؐ کے زخموں کو کس چیز سے دھویا تھا؟

ج: پانی سے۔

س: اس موقع پر کون ڈھال میں پانی بھر کر لاتے تھے؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: حضوؐر کو جنگ احد میں لگنے والے زخموں سے بہتا ہوا خون روکنے کے لئے حضرت فاطمہؓ نے کیا کیا تھا؟

ج: انہوں نے کھجور کی چٹائی جلا کر اس کی راکھ زخموں میں بھر دی تھی۔

س: حضوؐر کی اولاد میں سیدہ النساء (خواتین کی سردار) کس کا لقب ہے؟

ج: حضرت فاطمہ الزہرؓ۔

س: خانہ کعبہ میں جب ایک بار حضوؐر نماز پڑھ رہے تھے تو ایک کافر عقبہ بن معیط نے سجدے کی حالت میں آپؐ کی پیٹھ مبارک پر اونٹ کی اوجھڑی ڈالی تھی تو کس نے اسے وہاں سے ہٹایا تھا؟

ج: حضرت فاطمہؓ نے حالانکہ اس وقت وہ کمسن تھیں۔

س: حضوؐر کے فرزند حضرت ابراہیمؑ کی وفات پر اتفاق سے سورج گرہن تھا اور لوگوں کا خیال تھا کہ حضرت ابراہیمؑ کی وفات کی وجہ سے سورج گرہن لگا ہے کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ حضوؐر نے لوگوں کے اس قیاس کے متعلق کیا فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا۔ ''چاند اور سورج خدا کی نشانیاں ہیں کسی کی موت سے ان میں گرہن نہیں لگتا۔''

س: ایک بار جب حضوؐر نے اپنی پیاری بیٹی حضرت فاطمہؓ کے پاس ان کے شوہر حضرت علیؓ کا دیا ہوا سونے کا ہار دیکھا تو آپؐ نے اپنی بیٹی سے کیا فرمایا تھا؟

ج: آپؐ نے فرمایا تھا ”بیٹی! کیا لوگوں سے کہلوانا چاہتی ہو کہ رسول اللہؐ کی بیٹی آگ کا ہار پہنتی ہے۔“

س: حضورؐ کی کس صاحبزادی کا لقب بتول ہے؟

ج: حضرت فاطمہؓ کا۔

س: حضرت فاطمہؓ کو بتول کیوں کہتے ہیں؟

ج: دنیا سے قطع تعلق کرنے کی بناء پر آپ کا لقب بتول ہوا کیونکہ بتول کے معنی ہیں۔ ”دنیا سے قطع تعلق کرنے والی۔“

س: حضورؐ نے کس محترم شخصیت کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ کو۔

س: حضورؐ اپنے نواسوں میں سے کس کے لئے فرمایا کرتے تھے؟ ”میں اس کا ہوں اور یہ میرا ہے۔ اے خدا! میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی رکھ۔“

ج: حضرت امام حسینؓ کے لئے۔

س: حضورؐ اپنی کس صاحبزادی کے آنے پر کھڑے ہو جایا کرتے تھے؟

ج: حضرت فاطمہؓ کے۔

س: حضرت فاطمہؓ کا لقب کیا تھا؟

ج: زہراء۔

☆......☆......☆

واقعہء معراج

س: معراج کا واقعہ کب پیش آیا تھا؟

ج: ۲۷ رجب ۱۰ نبوی کو۔

س: اس رات آپؐ کس کے ہاں قیام فرما تھے؟

ج: اپنی چچا زاد بہن حضرت ام ہانیؓ کے گھر۔

س: حضرت ام ہانیؓ کس کی صاحبزادی تھیں؟

ج: جناب ابو طالب کی۔

س: واقعہ معراج کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کیا تھی؟

ج: ۵۱ سال ۹ ماہ۔

س: معراج کی شب حضورؐ کس جانور پر سوار ہو کر مسجد اقصیٰ اور آسمانوں تک گئے تھے؟

ج: براق نامی جانور پر۔

س: معراج کی شب وہ کون سا مقام تھا جہاں سے آگے جانے سے حضرت جبرائیلؑ نے معذوری ظاہر کی تھی؟

ج: سدرۃ المنتہیٰ۔

س: یہ کیا چیز ہے؟

ج: بیری کا ایک پیڑ ہے جو نور سے بنا ہوا ہے۔

س: معراج کی شب پہلے آسمان پر حضورؐ کی ملاقات کس نبی سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت آدمؑ سے۔

س: معراج میں دوسرے آسمانوں پر حضورؐ کی ملاقات دو انبیاء کرام سے ہوئی تھی ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت یحییٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ۔

س: معراج میں تیسرے آسمان پر آپؐ کس نبی سے ملے تھے؟

ج: حضرت یوسفؑ سے۔

س: چوتھے آسمان پر حضورؐ کی ملاقات کس پیغمبر سے ہوئی تھی؟

ج: حضرت ادریسؑ سے۔

س: سدرۃ المنتہیٰ نامی مقام پر حضورؐ نے کتنی نہریں بہتی ہوئی دیکھی تھیں؟

ج: چار نہریں۔

س: یہ نہریں کس چیز کی تھیں؟

ج: دودھ اور شہد کی۔

س: شب معراج، حضرت ہارونؑ سے آپؐ کی ملاقات کتنویں آسمان پر ہوئی تھی؟

ج: پانچویں آسمان پر۔

س: چھٹے آسمان پر آپؐ کس جلیل القدر پیغمبر سے ملے تھے؟

ج: حضرت موسیٰؑ سے۔

س: ساتویں آسمان پر آپؐ ان عظیم پیغمبر سے ملے تھے جنہیں ابوالانبیاء یعنی انبیاء کا باپ کہا جاتا ہے آپ ان کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت ابراہیمؑ۔

س: معراج کی رات حضورؐ کو امت کے لئے کونسا تحفہ ملا تھا؟

ج: نماز کا۔

س: ابتداء میں اللہ تعالیٰ نے امت پر کتنی نمازیں فرض کی تھیں؟

ج: پچاس نمازیں۔

س: بتایئے کس پیغمبر کے کہنے پر حضورؐ نے نمازوں میں کمی کی درخواست کی تھی؟

ج: حضرت موسیٰؑ کے کہنے پر۔

س: نمازوں میں کمی کے لئے آپؐ کتنی مرتبہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں گئے تھے؟

ج: نو مرتبہ۔

س: بتایئے ساتوں آسمانوں پر حضورؐ کی ملاقات کل کتنے انبیاء سے ہوئی تھی؟

ج: اٹھارہ انبیاء کرام سے۔

س: معراج میں کس جگہ حضور کی اقامت میں تمام انبیاء کرام نے نماز پڑھی تھی؟

ج: مسجد اقصیٰ میں۔

س: اس نماز کیلئے اذان کس نے دی تھی؟

ج: حضرت جبرائیلؑ نے۔

س: معراج شریف کا ذکر حضورؐ نے سب سے پہلے کس سے کیا تھا؟

ج: حضرت ام ہانیؓ سے۔

س: واقعہ معراج کی سب سے پہلے تصدیق کس نے کی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔

س: اس واقع کی تصدیق پر انہیں کونسا خطاب ملا تھا؟

ج: صدیق کا۔

س: معراج شریف کا تذکرہ قرآن پاک کی کتنی سورتوں میں موجود ہے؟

ج: دو سورتوں میں۔

س: ان دو سورتوں کے نام بتا دیں؟

ج: (۱) سورہ نجم (۲) سورہ بنی اسرائیل۔

☆......☆......☆

نماز

س: دین اسلام کا سب سے ضروری رکن نماز کب فرض ہوئی تھی؟

ج: واقعہ معراج کے وقت۔

س: حضور اکرمؐ کو وضو اور نماز پڑھنے کا طریقہ کس نے سکھایا تھا؟

ج: حضرت جبرائیلؑ نے۔

س: حضورؐ نے پہلی بار کتنی رکعت نماز پڑھی تھی؟

ج: دو رکعت نماز۔

س: اس نماز کی امامت کس نے کی تھی؟

ج: حضرت جبرائیلؑ نے۔

س: حضور اکرمؐ نے پہلی نماز کس وقت کی پڑھی تھی؟

ج: مغرب کی نماز۔

س: آپؐ کے ساتھ اور کس نے یہ نماز پڑھی تھی؟

ج: حضرت خدیجہؓ۔

س: کس موقع پر حضورؐ نے پہلی بار ایک وضو سے کئی نمازیں پڑھیں؟

ج: فتح مکہ کے موقع پر۔

س: جمعہ کی پہلی رکعت میں حضورؐ عام طور پر کونسی سورۃ تلاوت کرتے تھے؟

ج: سورہ جمعہ۔

س: حضورؐ نے آخری نماز کس وقت کی پڑھی تھی؟

ج: مغرب کی نماز۔

س: اس نماز میں آپؐ نے کس سورۃ کی تلاوت کی تھی؟

ج: سورہ المرسلات۔

س: حضورؐ نے اپنی علالت کے ایام میں کس کو نماز پڑھانے کا حکم دیا تھا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کو۔

س: حضورؐ اپنی علالت کے باعث کتنے اوقات کی نمازیں نہیں پڑھا سکے تھے؟

ج: ۱۷ وقت کی نمازیں۔

س: کس صحابیؓ نے یہ روایت کی ہے کہ حضورؐ نے اپنے آخری تین ایام میں نماز نہیں پڑھائی؟

ج: حضرت انسؓ بن مبارک۔

☆......☆......☆

اطوار طیبہ

س: حضورؐ کس پیغمبرؑ سے سب سے زیادہ مشابہ تھے؟

ج: حضرت آدمؑ سے۔

س: حضورؐ شکل و شباہت اور اخلاق و عادات کے لحاظ سے سب سے زیادہ مشابہت کس نبی سے رکھتے تھے؟

ج: حضرت ابراہیمؑ سے۔

س: حضورؐ کونسا سرمہ استعمال کرتے تھے؟

ج: اثمد سرمہ۔

س: حضورؐ دونوں آنکھوں میں سرمے کی کتنی سلائیاں لگاتے تھے؟

ج: کل پانچ سلائیاں۔

س: حضورؐ جب لیٹتے تو دائیں کروٹ لیٹتے تھے یا بائیں کروٹ پر؟

ج: دائیں کروٹ پر۔

س: حضورؐ کے سر اور داڑھی مبارک میں کم و بیش کتنے سفید بال تھے؟

ج: ۴۷ بال۔

س: حضورؐ کتنے دن بعد ناخن ترشواتے تھے؟

ج: ہر پندرہ دن بعد۔

س: حضورؐ کس ہاتھ کے ناخن پہلے ترشواتے تھے؟

ج: دائیں ہاتھ کے۔

س: حضورؐ پہلے دائیں پاؤں میں جوتا پہنتے تھے یا بائیں پاؤں میں؟

ج: دائیں پاؤں میں۔

س: حضورؐ جوتا اتارتے وقت پہلے کس پاؤں کا جوتا اتارتے تھے؟

ج: بائیں پاؤں کا۔

س: حضورؐ کے جوتوں میں کتنے تسمے تھے؟

ج: دو تسمے۔

س: حضورؐ کا بستر کس چیز کا تھا؟

ج: چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے درخت کی چھال بھری ہوئی تھی۔

س: رنگوں میں حضورؐ کو کونسا رنگ پسند تھا؟

ج: زرد رنگ۔

س: حضورؐ کو کس رنگ کا لباس بہت پسند تھا؟

ج: سفید رنگ کا۔

☆......☆......☆

معجزاتِ رسولؐ

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کا اونٹ سست رفتار تھا لیکن حضوؐر کی دعا سے تیز رفتار ہوگیا تھا؟

ج: حضرت جابرؓ بن عبداللہ۔

س: مسجد قباء کی تعمیر کے بعد حضوؐر نے کس کنویں میں اپنا لعاب دہن ڈالا تھا جس سے اس کا کڑوا پانی میٹھا ہوگیا تھا؟

ج: بئر دلیس۔

س: یہ کنواں مسجد قباء سے کتنی دور تھا؟

ج: پچاس قدم دور۔

س: حضوؐر کے ان قریبی عزیز کا نام بتایئے جو آپؐ سے قباء میں آکر ملے تھے اور ان کے پاؤں طویل پیادہ سفر کی وجہ سے پھٹ گئے تھے اور آپؐ نے ان کے پاؤں پر اپنا لعاب دہن لگایا جس سے وہ بالکل ٹھیک ہوگئے تھے؟

ج: حضرت علیؓ۔

س: مسجد نبوی میں کھجور کا ایک تنا ایک بار بچوں کی طرح بلبلا کر کیوں رویا تھا؟

ج: حضوؐر خطبہ دیتے وقت اس سے ٹیک لگایا کرتے تھے پھر ایک منبر رکھ دیا گیا اور جب آپؐ اس منبر پر تشریف رکھ کر خطبہ دینے لگے تو کھجور کا یہ تنا

آپؐ کی جدائی سے رونے لگا۔ درخت میں سے انسان کے رونے کی آواز سنائی دینا آپؐ کی عظمت اور معجزہ نمائی ہے۔

س: بدر کے میدان میں جب حضوؐر نے کافروں کی طرف کنکریاں اور ریت یہ کہتے ہوئے پھینکیں ''اے اللہ ان کے چہرے کو مسخ کر دے اور اس ریت کی چبھن قریش کے ہر لشکری نے محسوس کی تو اللہ پاک نے اس کے متعلق کیا فرمایا تھا؟

ج: ''اور اے نبیؐ! تو نے نہیں پھینکا بلکہ اللہ نے پھینکا۔''

س: حضوؐر نے مسجد نبوی میں آنے والے کس آدمی سے یہ فرمایا تھا ''تو نے اور صفوان بن امیہ نے مقام حجر میں بیٹھ کر قریش کے گڑھے والے مقتولین کا تذکرہ کیا پھر تو نے کہا واللہ! اگر مجھ پر قرض کا بار اور اہل و عیال کی ذمہ داری نہ ہوتی تو میں مدینہ پہنچ کر محمدؐ کو قتل کر ڈالتا اس پر صفوان نے میرے قتل کرنے کی شرط پر تیرے قرضوں کی ادائیگی اور تیرے اہل و عیال کی ذمہ داری اٹھائی لیکن خدا میرے اور تیرے درمیان حائل ہو گیا؟''

ج: عمیرؓ بن وہب (جو اس حقیقت کو حضوؐر کی زبان مبارک سے سننے کے بعد آپؐ کی صداقت اور نبوت کے قائل ہوئے اور وہیں مسلمان ہو گئے۔)

س: غزوہ احزاب کے دوران جبکہ غلے اور رسد کی سخت کمی تھی تو کس صحابیؓ کے گھر میں حضوؐر نے ایک روٹی پر اپنی انگشت مبارک سے گھی لگایا' دعا کی اور اس سے ۸۰ افراد سیر ہو گئے تھے؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک کے گھر میں۔

س: حدیبیہ کے مقام پر جہاں حضوؐر نے پڑاؤ ڈالا تھا وہاں پانی نایاب تھا آپؐ نے اس کی کمی کو کس طرح پورا کیا تھا؟

ج: آپؐ نے اپنے پانی سے بھرے ہوئے کوزے میں اپنا دست مبارک ڈالا اور آپؐ کی انگلیوں سے پانی چھوٹ نکلا جس سے پانی کی کثرت ہو گئی اور پانی بہنے لگا اس سے تقریباً ۱۵۰۰ صحابہؓ نے پانی پیا' مشکیزے بھرے

اور ان کے اونٹوں نے بھی پانی پیا۔

س: حدیبیہ میں وہ کونسا کنواں تھا جو ویران اور خشک تھا لیکن حضوؐر نے کلی کر کے اس کنوئیں میں پانی ڈال دیا جس سے کنوئیں میں پانی ابلنے لگا تھا؟

ج: اس کنوئیں کا نام حدیبیہ تھا جس کی وجہ سے یہ مقام بھی حدیبیہ کہلاتا تھا۔

س: حضوؐر نے مدینہ شریف میں موجود ہوتے ہوئے کس جنگ کے واقعات کا سارا نقشہ صحابہ کرامؓ کے سامنے بیان فرما دیا تھا؟

ج: جنگ موتہ۔

س: اس جنگ میں آپؐ نے کن اشخاص کی شہادت کی خبر دی تھی؟

ج: حضرت جعفرؓ طیار، حضرت زیدؓ بن حارثہ اور حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: اس جنگ میں حضوؐر نے کس صحابیؓ کی بھانجی سے تھوڑی سی کھجوریں لیکر انہیں کپڑے پر پھیلا دیا تھا اور پھر عام منادی کرادی کہ تمام اہل خندق صبح کھجوریں کھانے کے لئے آئیں جب تمام اہل خندق آ گئے تو آپؐ نے فرمایا تھا "یہ کھجوریں کھاؤ اور اللہ کی قدرت سے ان کھجوروں میں اتنی برکت ہوئی کہ تمام اہل خندق سیر ہو گئے لیکن کھجوریں پھر بھی بچ گئیں؟"

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: ان محترم صحابیہؓ کا نام بتایئے جنہیں حضوؐر نے ان کے بھائی کے قتل پر تسلی دیتے ہوئے ایک چلو بھر پانی ان کے چہرے پر چھڑک دیا تھا جس سے انہیں ایسی تسکین ہوئی کہ وہ کسی بھی مصیبت پر روتی نہیں تھیں؟

ج: حضرت ام اسحاقؓ۔

س: "غزوہ خندق کے دوران ایک صحابیؓ حضوؐر کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کھانے کی دعوت دی جبکہ گھر میں صرف ایک صاع (مٹھی بھر) جو کا آٹا اور ایک بکری کا بچہ تھا جسے ذبح کیا گیا جب آپؐ نے یہ منادی کرائی کہ تمام اہل خندق کو دعوت عام ہے تو وہ پریشان ہوئے لیکن آپؐ نے ان کے گھر جا کر کھانے میں برکت کی دعا کی جس سے سب حاضرین نے

خوب سیر ہو کر کھایا اور کھانا پھر بھی بچ رہا۔ آپ ان صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت جابرؓ بن عبداللہ۔

س: غزوہ بدر کے ان اسیر کا نام بتایئے (جو بعد میں مسلمان ہو گئے تھے) جن کو فدیہ ادا کر کے رہائی حاصل کرنے کے لئے کہا گیا تو انہوں نے کہا ''میرے پاس کیا ہے کہ فدیہ ادا کر سکوں۔'' اس پر حضورؐ نے فرمایا تھا۔ ''جدہ والے نیزے فدیے میں نہیں دے سکتے۔'' (آپؐ کی اس حقیقت سے انہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا؟)

ج: حضرت نوفلؓ بن حارث ہاشمی۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کے والد حضرتؓ عبداللہ غزوہ احد میں شہید ہو گئے اور ان کی شہادت کے بعد ان کے قرض خواہوں نے مذکورہ صحابیؓ کو قرضے کی ادائیگی کے لئے تنگ کیا جس پر وہ حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے جس پر آپؐ ان کے کھجوروں کے باغ میں تشریف لے گئے اور کھجوروں کے اس ڈھیر پر بیٹھ گئے جسے دیکھ کر قرض خواہ کہتے تھے کہ اس سے تو ایک فرد کا قرضہ بھی ادا نہ ہو گا آپؐ نے ان صحابیؓ کو حکم دیا کہ وہ تمام لوگوں میں کھجوریں تقسیم کریں اور خود آپؐ دعا میں مصروف ہو گئے اور خدا کی قدرت اور آپؐ کی دعا سے نہ صرف قرض خواہوں کا تمام قرضہ پورا ہو گیا بلکہ کثیر مقدار میں کھجوریں بچ بھی گئیں؟''

ج: حضرت جابرؓ۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کی والدہ کی درخواست پر حضورؐ نے ان کے لئے خصوصی دعا فرمائی اور آخر میں فرمایا ''اے اللہ! تو اس کے مال اور اولاد میں کثرت بخش اور اسے جنت میں داخل کر۔'' چنانچہ وہ تمام انصار میں مال و دولت کے لحاظ سے بڑھ گئے تھے اور وفات کے وقت ان کے بیٹے بیٹیوں اور پوتے پوتیوں کی تعداد ۱۰۰ سے اوپر تھی؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک جو حضورؐ کے خادم تھے۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے جن کے چہرے سے حضورؐ کی دعا سے روشنی چھوٹنے لگی تھی اور انہوں نے درخواست کی تھی کہ یا اللہ! اس روشنی کو کسی دوسری جگہ منتقل کر دے چنانچہ چہرے کی بجائے ان کا کوڑا روشن ہو گیا تھا؟

ج: حضرت طفیلؓ بن عمرو دوسی۔

س: اس کرامت پر انہیں کیا لقب ملا تھا؟

ج: ذوالنور۔

س: ان صحابیؓ کا اسم گرامی بتایئے جنہوں نے ایک بار اس پانی میں سے ایک بال نکال کر باہر پھینک دیا تھا جو حضورؐ نوش فرمانا چاہتے تھے جس پر خوش ہو کر آپؐ نے ان کے سر اور چہرے پر دست مبارک پھیر کر دعا کی "یا اللہ! اس کو صاحب جمال کر دے۔" چنانچہ ۱۰۰ سال کی عمر تک ان کے سر اور داڑھی کے بال سیاہ تھے اور چہرے پر جوانوں کی سی آب و تاب تھی؟

ج: حضرت عمروؓ بن اخطب انصاری۔

س: ان جلیل القدر صحابیؓ کا نام بتایئے جس کی تلوار جنگ احد میں ٹوٹ گئی تھی جس پر آپؐ نے انہیں ایک مضبوط چھڑی عطا فرمائی تھی جو ان کے ہاتھ میں جا کر تلوار بن گئی تھی؟

ج: حضرت عکاشہؓ۔

☆......☆......☆

لباس

س: حضورؐ کس رنگ کے کپڑے زیادہ پسند فرماتے تھے؟

ج: سفید رنگ کے۔

س: سفید رنگ کے علاوہ آپؐ کو کس رنگ کے کپڑے پسند تھے؟

ج: سبز رنگ کے۔

س: حضورؐ جو کوئی نیا کپڑا زیب تن فرماتے تو کیا کرتے تھے؟

ج: اللہ کا شکر ادا کرتے اور دو رکعت نماز نفل ادا فرماتے تھے۔

س: بتایئے حضورؐ عموماً نیا کپڑا کس روز پہنتے تھے؟

ج: جمعتہ المبارک کے روز۔

انگوٹھی

س: بتایئے حضورؐ انگوٹھی کس ہاتھ میں پہنتے تھے؟

ج: داہنے ہاتھ کی انگلی میں۔

س: حضورؐ کی انگوٹھی کس دھات کی تھی؟

ج: چاندی کی۔

س: حضورؐ کی انگوٹھی پر کتنے الفاظ کندہ تھے؟

ج: تین الفاظ۔

س: وہ الفاظ کیا تھے؟

ج: محمدؐ رسول اللہ۔

س: یہ الفاظ کس ترتیب سے لکھے ہوئے تھے؟

ج: اللہ، محمدؐ، رسول۔

س: حضورؐ کی چاندی کی انگوٹھی کا زیادہ سے زیادہ وزن کتنا بتایا گیا ہے؟

ج: ایک مثقال۔

س: حضورؐ کی انگوٹھی پر کندہ الفاظ کتنی سطروں میں لکھے ہوئے تھے؟

ج: تین سطروں میں۔

ماکولات ومشروبات

س: کیا حضورؐ چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھاتے تھے؟
ج: جی نہیں۔
س: حضورؐ نے کم سے کم کتنی انگلیوں سے کھانا کھایا؟
ج: تین انگلیوں اور کبھی چار سے کھایا۔
س: حضورؐ کو کونسی سبزی زیادہ پسند تھی؟
ج: کدو۔
س: کدو کے بارے میں حضورؐ کیا فرماتے تھے؟
ج: یہ میرے بھائی یونسؑ کا درخت ہے۔
س: حضورؐ کیا پڑھ کر کھانا شروع کرتے تھے؟
ج: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔
س: حضورؐ جب کوئی چیز پیتے تو کتنے گھونٹ میں پیتے تھے؟
ج: تین گھونٹ میں۔
س: حضورؐ پانی پیتے وقت کتنے سانس لیا کرتے تھے؟
ج: تین سانس۔
س: حضورؐ کے پسندیدہ پھل کونسے تھے؟

ج: تربوز، کھجور، ککڑی، انگور۔

س: سالن میں کیا سبزی ہوتی تھی کہ حضورؐ پیالے میں اس کی قاشیں ڈھونڈ تے تھے؟

ج: کدو۔

س: پینے کی چیزوں میں حضورؐ کو کونسی اشیاء سب سے زیادہ پسند تھیں؟

ج: دودھ اور شہد۔

س: یہ اس وقت کھانے کا آخری جزو ہے یہ حضورؐ کس چیز کے بارے میں فرمایا کرتے تھے؟

ج: دودھ کے بارے میں۔

س: حضورؐ کو کونسا گوشت زیادہ پسند تھا؟

ج: بونگ کا گوشت۔

س: حضورؐ کس کھانے کے بارے میں یہ فرماتے تھے "یہ قوت سامعہ میں اضافہ کرتا ہے دنیا اور آخرت میں سیدالطعام یعنی کھانوں کا سردار ہے۔

ج: گوشت کا سالن۔

س: کیا حضورؐ نے بھیڑ، اونٹ اور خرگوش کا گوشت بھی کھایا تھا؟

ج: جی ہاں۔

س: حضورؐ کس تیل کے بارے میں یہ فرماتے تھے کہ اسے سالن میں ڈال کر یا روٹی پر لگا کر کھایا کرو یہ ایک پاکیزہ درخت سے پیدا ہوتا ہے؟

ج: زیتون کا تیل۔

س: کیا حضورؐ کبھی کسی کھانے کی چیز میں پھونک مارتے تھے؟

ج: جی نہیں۔

کمانیں، ڈھالیں اور نیزے

س: حضورؐ کے پاس کتنی کمانیں تھیں؟

ج: چھ کمانیں۔

س: حضورؐ کی اس کمان کا نام بتایئے جو غزوہ احد کے دن ٹوٹ گئی تھی؟

ج: کتوم۔

س: حضورؐ کی اس کمان کا نام کیا تھا جو ایک پہاڑی درخت کی لکڑی سے بنی ہوئی تھی؟

ج: البیضاء۔

س: حضورؐ کی کونسی کمان تبع نامی درخت کی لکڑی سے بنی ہوئی تھی؟

ج: الصفراء۔

س: یہ کمان کس غزوہ میں ٹوٹ گئی تھی؟

ج: غزوہ احد میں۔

س: کونسی کمان حضورؐ کو غزوہ بنو قینقاع کے اسلحے سے ملی تھی؟

ج: البیضاء۔

س: الالزلوق حضورؐ کے کس ہتھیار کا نام تھا؟

ج: ڈھال کا نام تھا۔

س: حضوؐر کے کسی خود کا نام بتا دیں؟

ج: الموشح۔

س: حضوؐر کو کس بادشاہ نے تین نیزے بطور تحفہ بھیجے تھے؟

ج: نجاشیؒ شاہ حبشہ نے۔

س: ان میں سے ایک نیزہ حضوؐر نے کس صحابیؓ کو تحفے میں دے دیا تھا؟

ج: حضرت زبیرؓ بن عوام کو۔

☆......☆......☆

تلواریں

س: حضورؐ کے پاس کل کتنی تلواریں تھیں؟

ج: ۹ تلواریں۔

س: حضورؐ کو کونسی تلوار اپنے والد سے ورثے میں ملی تھی؟

ج: ماثور۔

س: اس پہلی تلوار کا نام بتایئے جسے حضورؐ نے زیب تن کیا؟

ج: تقیب۔

س: حضورؐ کو کونسی تلوار ایک بت پر لٹکی ہوئی ملی تھی؟

ج: المخذم۔

س: یہ تلوار کہاں سے ملی تھی؟

ج: قبیلہ طے کے ایک بت سے۔

س: اس بت کا کیا نام تھا؟

ج: غلس۔

س: حضورؐ کی اس تلوار کا نام بتایئے جو مدینے کے ایک انصاری صحابیؓ نے آپؐ کو تحفے میں دی تھی؟

ج: غضب

س: ان انصاری صحابیؓ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ۔

س: حضورؐ کو کونسی تلوار غزوہ بدر میں مال غنیمت میں سے ملی تھی؟

ج: ذوالفقار۔

س: غزوہ احد میں کن صحابیؓ کی تلوار ٹوٹ گئی تھی تو حضورؐ نے انہیں کھجور کی ایک چھڑی عطا کی تھی جو تلوار بن گئی تھی ان صحابی کا نام بتایئے؟

ج: حضرت عکاشہؓ۔

س: یہ تلوار کیا کہلاتی تھی؟

ج: العرجون۔

س: حضورؐ کی کس تلوار کے نام کے معنی موت کے ہیں؟

ج: حیف۔

س: حضورؐ نے اپنی کونسی تلوار ایک صحابیؓ کو یمن کا گورنر مقرر کرتے ہوئے بطور ہدیہ عطا فرما دی تھی؟

ج: الصمصامہ۔

س: ان صحابیؓ کا نام کیا تھا؟

ج: حضرت خالدؓ بن سعید بن عاص۔

س: حضورؐ کی سب سے مشہور تلوار کونسی ہے؟

ج: ذوالفقار۔

س: حضورؐ کی کونسی تلوار ان نو تلواروں میں سے ایک تھی جنہیں ملکہ سباء بلقیس نے حضرت سلیمانؑ کو بطور تحفہ بھیجا تھا؟

ج: الرسوب۔

س: اس پہلی تلوار کا نام بتایئے جو حضورؐ کے قبضے میں آئی؟

ج: ماثور۔

☆......☆......☆

زرہیں

س: حضورؐ کے پاس کل کتنی زرہیں تھیں؟

ج: سات۔

س: کونسی زرہ ایک صحابیؓ نے حضورؐ کو تحفتاً دی تھی؟

ج: ذات الفضول۔

س: ان صحابی کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت سعدؓ بن عبادہ۔

س: حضورؐ نے اپنی کونسی زرہ ایک بار قرض کے عوض ایک یہودی کے ہاں رہن رکھی تھی؟

ج: ذات الفضول۔

س: یہ زرہ آپ نے کتنی قیمت پر اور کتنے عرصے کے لئے رہنے رکھی تھی؟

ج: ۳۰ صاع جو ایک سال کیلئے۔

س: حضورؐ کی کس زرہ کا نام اس کی نرمی و نزاکت کی بناء پر رکھا گیا تھا؟

ج: الخرلق۔

س: غزوہ حنین کے روز آپؐ نے کونسی زرہ زیب تن کی تھی؟

ج: ذات الفضول۔

س: حضورؐ کی اس زرہ کا کیا نام تھا جس کے بارے میں روایت ہے کہ یہ وہ زرہ ہے جو حضرت داؤد نے جالوت بادشاہ کے مقابلے میں پہنی تھی؟

ج: سعدیہ۔

☆......☆......☆

گھوڑے، اونٹ، خچر

س: حضورؐ کے پاس کل کتنے ذاتی گھوڑے تھے؟

ج: سات۔

س: اس پہلے گھوڑے کا نام بتایئے جو آپؐ کی ملکیت میں آیا؟

ج: سکب۔

س: حضورؐ کے ایک گھوڑے کا نام مرتجز تھا اس کا رنگ کیا تھا؟

ج: سفید۔

س: حضورؐ کے اس گھوڑے کا نام بتایئے جسے ایک صحابیؓ نے ملک شام سے آپؐ کے لئے بھیجا تھا؟

ج: اللحیف۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتا دیں؟

ج: حضرت فروہؓ بن عمرو۔

س: حضورؐ کے اس گھوڑے کا نام کیا تھا جسے سلطان مصر مقوقس نے آپؐ کے لئے بطور ہدیہ بھیجا تھا؟

ج: اللزاز۔

س: حضورؐ کے اس گھوڑے کا نام بتایئے جسے مدینہ کے ایک صحابیؓ نے آپؐ کو

ہدیہ کیا تھا؟

ج: الورد۔

س: ان صحابیؓ کا نام بتایئے؟

ج: حضرت تمیم داریؓ۔

س: حضورؐ کے پاس کل سات گھوڑے تھے ان کے نام بتا دیں؟

ج: سکب، اللزاز، اللحیف، الورد، المرتجز، سجہ، الظرف۔

س: حضورؐ کے پاس کتنے خچر تھے؟

ج: ۶۔

س: آنحضرتؐ کے اس خچر کا نام بتایئے جسے سلطان مصر مقوقس نے آپ کو بطور ہدیہ بھیجا تھا؟

ج: دلدل۔

س: حضورؐ کے وصال کے بعد اس خچر پر کس نے سواری کی؟

ج: حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ اور حضرت محمدؒ بن حنیفہ۔

س: دلدل نامی خچر جسے سلطان مصر نے آپؐ کے لئے بطور تحفہ بھیجا وہ کس رنگ کا تھا؟

ج: سیاہ اور سفید رنگ کا۔

س: المرتجز نامی گھوڑا آپؐ نے ایک اعرابی سے خریدا تھا اس کا نام بتا دیں؟

ج: سواد بن حارث۔

س: حضورؐ کے ایک گھوڑے کا نام اللزاز تھا اس لفظ کے معنی کیا ہیں؟

ج: پر گوشت۔

س: حضورؐ کے کس گھوڑے کے نام کے معنی گلاب کے ہیں؟

ج: الورد۔

س: الورد گھوڑا حضورؐ کو حضرت تمیم داریؓ نے دیا تھا بعد میں آپؐ نے یہ گھوڑا

کسے دے دیا تھا؟

ج: حضرت عمر فاروقؓ کو۔

س: حضورؐ کے پاس کتنی اونٹنیاں تھیں؟

ج: تین۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: قصویٰ، جدعاء، غضباء۔

س: ہجرت کے وقت حضورؐ کس اونٹنی پر سوار تھے؟

ج: قصویٰ پر۔

س: حضورؐ کی اس اونٹنی کا نام بتایئے جس کے بارے میں کہا گیا ہے کہ حضورؐ کے وصال کے بعد اس نے صدمے سے کھانا پینا چھوڑ دیا تھا یہاں تک کہ وہ اس صدمے سے مر گئی؟

ج: غضباء۔

س: عشوق حضورؐ کے کس جانور کا نام تھا؟

ج: اونٹنی کا۔

س: یعفور حضورؐ کے کس جانور کا نام تھا؟

ج: گدھے کا۔

☆......☆......☆

خدام خاص

س: حضورؐ کے امور خانہ کے نگران کون تھے؟

ج: حضرت بلالؓ۔

س: حضورؐ کی مہر مبارک کے محافظ کون تھے؟

ج: حضرت معقیبؓ رومی۔

س: حضورؐ کی مسواک اور نعلین مبارک کے محافظ کون تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

س: حضورؐ کے کتنے خادم تھے؟

ج: گیارہ۔

س: حضورؐ کے کس خادم نے دس برس تک آپؐ کی خدمت کی؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک۔

س: حضورؐ کے کونسے خادم سفر میں آپؐ کا خچر ہانکا کرتے تھے؟

ج: حضرت عقبہؓ بن عامر۔

س: سفر میں حضورؐ کا اونٹ ہانکنا کس کی ذمہ داری تھی؟

ج: حضرت اسلع بن شریک۔

س: اس کے علاوہ ان کی اور کیا ذمہ داری تھی؟

ج: اونٹوں پر سامان لدوانا۔

س: حضورؐ کے خادم حضرت ابوذر غفاریؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: جندب بن عامر۔

س: حضورؐ کے کونسے خادم بعد میں مصر کے والی بنے؟

ج: حضرت عقبہؓ بن عامر۔

س: حضورؐ کے افسر مہمانداری کا نام بتایئے؟

ج: حضرت بلالؓ۔

س: حضرت بلال حضورؐ سے پہلے کس کے غلام تھے؟

ج: امیہ بن خلف۔

س: حضرت انسؓ بن مالک جنہوں نے دس سال تک آپؐ کی خدمت کی تھی وہ آپؐ کے وصال کے وقت کس عمر کے تھے؟

ج: ۲۰ سال۔

س: حضرت ام سلیمؓ کے ان بیٹے کا نام بتایئے جسے انہوں نے حضورؐ کی خدمت میں پیش کیا کہ یا رسول اللہؐ یہ آپؐ کا ننھا منا خادم ہے اسے قبول فرمایئے؟

ج: حضرت انسؓ بن مالک۔

س: اس وقت ان کی عمر (حضرت انسؓ کی) کیا تھی؟

ج: دس سال۔

س: حضورؐ نے اپنے کس خادم کو آزاد کر کے اپنا منہ بولا بیٹا بنا لیا تھا؟

ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ کو۔

س: آپؐ کو یہ خادم کس نے دیا تھا؟

ج: ام المومنین حضرت خدیجہؓ نے۔

س: حضرت خدیجہؓ کو یہ غلام ان کے بھانجے نے دیا تھا آپؐ ان کا نام بتا دیں؟

ج: حکیم بن حزام۔

س: انہوں نے حضرت زیدؓ کو کہاں سے خریدا تھا؟

ج: حباشہ کی منڈی سے۔

س: اس وقت حضرت زیدؓ کی عمر کیا تھی؟

ج: آٹھ سال۔

س: حضوؐر کے کس خادم کا اصل نام صالح تھا؟

ج: حضرت شقرانؓ۔

س: حضوؐر کے کونسے خادم بطن نامی گاؤں میں رہتے تھے؟

ج: حضرت سفینہؓ۔

س: ان کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوعبدالرحمٰن۔

س: حضرت بلالؓ کے علاوہ حضوؐر کے ان خادم کا نام بتایئے جو موذن بھی تھے اور آپؐ کے ساتھ کئی غزوات میں شریک رہے؟

ج: حضرت سفینہؓ۔

س: حضوؐر کے کس خادم کی وفات اسی روز ہوئی جس دن حضرت عمر فاروقؓ خلیفہ بنے تھے؟

ج: حضرت ابو کبشہؓ۔

س: حضوؐر کے کس خادم کو سلطان مصر مقوقس نے آپؐ کی خدمت میں بھیجا تھا؟

ج: مابور۔

☆......☆......☆

مساجد

س: اس پہلی مسجد کا نام بتایئے جس کی تعمیر میں آپؐ نے خود حصہ لیا؟

ج: مسجد قباء۔

س: مسجد نبویؐ کی جگہ آپؐ نے دو یتیم بچوں سے خریدی تھی ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت سہلؓ اور حضرت سہیلؓ۔

س: وہ کس کے صاحبزادے تھے؟

ج: حضرت رافعؓ بن عمرو۔

س: مسجد نبوی کی جگہ کی قیمت حضورؐ نے کس کے مال سے عطا فرمائی تھی؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ کے۔

س: یہ قیمت کن صحابی نے ادا فرمائی تھی؟

ج: حضرت ابوایوبؓ انصاری نے۔

س: مسجد نبوی کی جگہ کی قیمت حضورؐ نے کیا ادا کی تھی؟

ج: دس طلائی دینار۔

س: یہ مسجد کب تک تعمیر ہوتی رہی تھی؟

ج: ربیع الاول ۱ھ سے صفر ۲ھ تک۔

س: حضورؐ جب مدینے میں داخل ہوئے تو آپؐ نے مقام قباء میں کتنے دن

قیام فرمایا تھا؟

ج: تین دن۔

س: حضورؐ نے سب سے پہلی نماز جمعہ کس مسجد میں پڑھی اور وہاں خطبہ جمعہ دیا؟

ج: مسجد بنی سالم بن عوف۔

س: یہ مسجد بعد میں کس نام سے معروف ہوئی؟

ج: مسجد جمعہ۔

س: حضورؐ کس مسجد میں نماز پڑھا رہے تھے کہ قبلے کی تبدیلی کا حکم آیا؟

ج: مسجد بنو سلمہ۔

س: یہ وقت کس نماز کا تھا؟

ج: نماز ظہر۔

س: یہ حکم کب آیا تھا؟

ج: ۲ھ میں۔

س: اس مسجد کا نام بعد میں کیا پڑ گیا؟

ج: مسجد ذو قبلتین۔

س: حضورؐ جب غزوہ تبوک سے واپس ہوئے تو راستے میں کتنی مساجد تعمیر فرمائی تھیں؟

ج: ۲۰ مساجد۔

س: غزوہ تبوک سے واپسی پر حضورؐ نے کس مسجد کو گرانے کا حکم دیا تھا؟

ج: مسجد ضرار۔

س: یہ مسجد کس لئے گرائی گئی تھی؟

ج: کیونکہ یہ منافقین مدینہ نے تعمیر کی تھی اوران کی سازشوں کا گڑھ بنی ہوئی تھی۔

س: حضورؐ کے وصال کے وقت مدینہ منورہ کتنی مساجد تھیں؟

ج: دس مسجدیں۔

☆......☆......☆

حضورؐ کے موذن

س: وہ کونسے موذن تھے جنہیں موذنِ رسول کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت بلالؓ کو۔

س: اسلام کے پہلے موذن کون تھے؟

ج: حضرت بلالؓ۔

س: حضورؐ کے کونسے موذن نابینا تھے؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ۔

س: ان کا اصلی نام کیا تھا؟

ج: عمر بن قیس بن زائدہ۔

س: حضورؐ کے مدینہ منورہ میں کتنے موذن خاص تھے؟

ج: دو۔

س: ان کے نام بتا دیں؟

ج: حضرت بلالؓ اور حضرت ابن ام مکتومؓ۔

س: حضورؐ کے وہ کونسے موذن تھے جنہیں کئی غزوات کے موقع پر آپؐ نے محض نمازوں کے اہتمام کے لئے مدینہ منورہ میں اپنا جانشین بنایا؟

ج: حضرت ابن ام مکتومؓ۔

س: انہیں کتنی مرتبہ حضوؐر کا جانشین بنایا گیا؟

ج: ۱۳ مرتبہ۔

س: حضوؐر کے موذن خاص حضرت بلالؓ کا انتقال کب ہوا؟

ج: ۲۰ھ میں۔

☆......☆......☆

حضورؐ کے شعراء

س: آنحضرتؐ کا شاعر خاص کسے کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت کو۔

س: حضورؐ کے شعراء کرام کی تعداد کیا تھی؟

ج: ۱۷۲۔

س: شاعر رسولؐ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت کو۔

س: انہوں نے کتنی عمر پائی؟

ج: ۱۲۰ سال۔

س: حضرت حسانؓ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابوالولید۔

س: حضرت حسانؓ بن ثابت کا انتقال کب ہوا؟

ج: ۴۰ھ میں۔

س: حضورؐ کے وہ کونسے شاعر تھے جن کے شعر آپؐ غزوہ خندق کے موقع پر خندق کھودتے ہوئے پڑھتے جاتے تھے؟

ج: حضرت عبداللہؓ بن رواحہ۔

س: وہ شاعر ہونے کے علاوہ اور کیا خصوصیت رکھتے تھے؟

ج: وہ دربار نبویؐ کے کاتب بھی تھے۔

س: حضورؐ کے شعراء کی کل تعداد ۱۷۲ ہے ان میں سے کتنے مرد اور کتنی خواتین تھیں؟

ج: ۱۶۰ مرد اور ۲۱ خواتین۔

س: حضورؐ کے وہ کونسے شاعر تھے جو آخری عمر میں اندھے ہو گئے تھے؟

ج: حضرت حسانؓ بن ثابت۔

س: قرآن مجید کے پہلے کاتب کون تھے؟

ج: حضرت خالدؓ بن سعید۔

س: انہوں نے حضورؐ کے حکم سے سب سے پہلے کیا لکھا تھا؟

ج: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

☆......☆......☆

سفر طائف

س: حضورؐ کس سن نبوی میں طائف کی طرف روانہ ہوئے تھے؟
ج: ۱۰ نبوی کو۔
س: اسلامی تاریخ کیا تھی؟
ج: ۲۷ شوال۔
س: حضورؐ نے طائف کا سفر کس غرض سے کیا تھا؟
ج: تبلیغ اسلام کی غرض سے۔
س: طائف میں کونسا قبیلہ آباد تھا؟
ج: بنو ثقیف۔
س: اس سفر میں آپؐ کے ساتھ کونسے صحابہؓ تھے؟
ج: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔
س: سن عیسوی کے مطابق آپؐ کب طائف گئے؟
ج: ۶۲۰ء میں۔
س: عیسوی مہینہ کونسا تھا؟
ج: جنوری۔
س: حضورؐ نے طائف میں کتنے دن قیام کیا؟

ج: دس دن۔

س: وہاں آپؐ نے کس قبیلے کے سرداروں کو اسلام کی دعوت دی؟

ج: قبیلہ بنو ثقیف۔

س: طائف کے سرداروں نے آپؐ کی بات سننے سے انکار کر دیا ان بدبختوں نے حضورؐ کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا؟

ج: انہوں نے شہر کے شرپسند اور آوارہ لڑکوں کو آپؐ کے پیچھے لگا دیا تاکہ وہ آپؐ کے پیچھے تالیاں پیٹیں اور آپؐ کو پتھر ماریں۔

س: اہل طائف نے آپؐ کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

ج: ان بدبختوں نے حضورؐ کو اس قدر پتھر مارے کہ آپؐ کے جوتے تک خون سے بھر گئے اور آپؐ لہولہان ہو گئے۔

س: اس موقع پر کونسے فرشتے آئے تھے؟

ج: حضرت جبرائیلؑ۔

س: انہوں نے آپؐ سے کیا فرمایا تھا؟

ج: انہوں نے فرمایا تھا ''یا رسولؐ اللہ۔ اگر اجازت ہو تو میں طائف کے ان پہاڑوں کو ان لوگوں پر الٹ دوں کہ یہ لوگ ان میں پس کر ہلاک ہو جائیں۔''

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ نے انہیں منع کر دیا تھا کہ کیونکہ آپ رحمتہ اللعالمین تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: ان لوگوں کے ظلم و ستم سے بچنے کے لئے آپؐ نے کہاں پناہ لی تھی؟

ج: ایک باغ میں۔

س: یہ باغ کن لوگوں کی ملکیت تھا؟

ج: دو سرداروں کی۔

س: کیا آپ اُن کے نام بتا سکتے ہیں؟

ج: عتبہ اور شیبہ۔

س: کیا یہ درست ہے کہ یہ دونوں آپس میں سگے بھائی تھے؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

س: انہوں نے حضورؐ کے کھانے کے لئے اپنے ایک غلام کے ہاتھ کیا بھیجا تھا؟

ج: انگور۔

س: اس غلام کا نام کیا تھا؟

ج: عداس۔

س: عداس سے جب آپؐ نے اس کے وطن کے بارے میں پوچھا تو اس نے خود کو کہاں کا بتایا تھا؟

ج: نینوا کا۔

س: حضورؐ نے اسے کس سرزمین کا قرار دیا تھا؟

ج: حضرت یونسؑ کے وطن کا۔

س: حضورؐ طائف سے واپسی پر کونسی سورۃ تلاوت فرما رہے تھے؟

ج: سورہ جن۔

س: اس سورۃ کو کس مقام پر جنوں کی ایک جماعت نے بھی سنا تھا؟

ج: نخلہ کے مقام پر۔

س: کیا یہ درست ہے کہ حضورؐ کی خوش الحانی اور قرآن مجید کی اثر انگیزی سے متاثر ہو کر انہوں نے اسلام قبول کر لیا؟

ج: جی ہاں' درست ہے۔

☆......☆......☆